بسم اللہ الرحمن الرحیم

روزانہ اسکولی بچوں کی اسمبلی میں پڑھی جانے والی مفید ترین منفرد کتاب

# بچوں کی اسمبلی


**مؤلف :**

**مولانا غیاث احمد رشادی**

**حسبِ فرمائش:**

شیخ ابوسعید عبدالرحمٰن عطوہ حفظہ اللہ

**انگریزی ترجمہ:**

محمد احسان الحق



**ناشر :**

**صفا بیت المال** ایجوکیشنل ویلفیر اینڈ چیر ٹیبل ٹرسٹ انڈیا رجسٹرڈ

ویب سائٹ: www.rashadibooks.com

اس کتاب کی اشاعت کی اجازت ہے بشرط یہ کہ اس میں ترمیم نہ کی جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | بچوں کی اسمبلی |
| نام مؤلف | : | مولانا غیاث احمد رشادی |
| تاریخ اشاعت | : | ماہ مئی 2016 سن عیسوی |
| تعداد اشاعت | : | دو ہزار |
| ایڈیشن | : | (پہلا) |
| پتہ | : | متصل مسجد الفلاح، واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدر آباد۔ |
| فون | : | 9394419849 |
| ای میل | : | garashadi@gmail.com |
| ویب سائٹ | : | www.rashadibooks.com |

## ملنے کا پتہ

صفا بیت المال ایجوکیشنل ویلفیر اینڈ چیریٹیبل ٹرسٹ انڈیا رجسٹرڈ

فون نمبر: 9394419849

مؤلف کی دیگر کتب سے استفادہ کیلئے ملاحظہ کیجئے:

ویب سائٹ: www.rashadibooks.com

بِسۡمِ اللّٰہ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# پیشِ لفظ

**الحمد لله رب العالمین و الصلوٰۃ و السلام علی سید المرسلین محمد و آله و صحبه اجمعین و بعد ۔**

یہ محاورہ معروف و مشہور ہے کہ ’’ضرورت ایجاد کی ماں ہے‘‘۔ یہ کتاب ’’بچوں کی اسمبلی‘‘ جو آج آپ کے ہاتھوں میں ہے‘ اس کے وجود کے پیچھے درحقیقت اس کی ضرورت پنہاں ہے۔ اس کتاب کی تالیف کی وجہ یہ بنی کہ صفا بیت المال ایجوکیشنل ویلفیر اینڈ چیریٹیبل ٹرسٹ کے زیر اہتمام ۱۳رڈسمبر ۲۰۱۵ء تا ۹رجنوری ۲۰۱۶ء خدمتِ خلق شعور بیداری مہم کا مفید و مؤثر سلسلہ جاری رہا۔ جس میں مختلف رفاہی خدمات کے ساتھ ساتھ عصری اسکولوں اور دینی مدارس کے طلبہ میں روزانہ خطابات بھی رہے۔ روزانہ چار تا پانچ اسکولوں کے دو تا ڈھائی ہزار طلبہ و طالبات تک خدمتِ خلق اور سیرتِ رسول ﷺ کا یہ پیغام پہنچتا رہا۔ صفا بیت المال کے اس اقدام کو سینکڑوں اسکولوں کے ذمہ داران نے کافی پسند کیا اور سراہا اور گزارش بھی کی کہ مستقبل میں بھی یہ سلسلہ جاری رہے۔ چنانچہ دو علماءِ کرام مستقلاً روزانہ چار عصری اسکولوں میں اخلاقیات سے متعلق بیانات کررہے ہیں ۔ اسکولوں کے طلباء و طالبات کے احوال اور ان کے ذوق و شوق کو دیکھنے کے بعد احقر کے ذہن میں یہ بات آئی کہ ہر اسکول میں روزانہ ہی بچوں کی اسمبلی ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ اسمبلی کا یہ تازہ ترین وقت ذہن سازی کیلئے انتہائی موزوں ہے‘ کیوں نہ بچوں کی اس اسمبلی کیلئے ایک نصاب مرتب کیا جائے اور روزانہ پانچ تا دس منٹ دین کی بنیادی اہم ترین باتیں سنانے

کیلئے آیات اوراحادیث وآداب وغیرہ پرمشتمل مواد تیار کیا جائے۔ چنانچہ میں نے ارادہ کیا کہ اس ضمن میں ایک کتاب ضرور ترتیب دینی چاہئے۔ بعض اسکولوں کے طلباء و طالبات کے اخلاق و عادات کی سطحیت نے بھی مجھ جیسے بے حس کو للکارا کہ ان طلباء و طالبات کے سامنے اخلاق و کردار اور عادات و اطوار کے سلسلہ میں کچھ رہنما اصول بھی آنے چاہئیں اور زندگی کے مختلف امور سے متعلق آداب بھی پیش کرنی چاہئیں۔

الحمدللہ، دیگر تمام ہنگامی و فلاحی مصروفیات کے دوران ایک سو چھبیس اسباق پر مشتمل یہ کتابچہ اردو اور انگریزی زبان میں تیار ہو گیا ہے۔ ارادہ ہوا کہ سال کے آغاز کے وقت ہی یہ کتاب اسکولوں کے حوالے کر دی جائے۔ چنانچہ صفا بیت المال کے ٹرسٹیان سے اس سلسلہ میں مشاورت ہوئی اور یہ طئے کیا گیا کہ صفا بیت المال کے زیر اہتمام یہ کتاب شائع کی جائے۔ اللہ تعالیٰ ہماری اس کوشش کو قبول فرمائے اور اسکولی طلباء و طالبات کی دینی تربیت کا یہ کتاب ذریعہ بن جائے۔

والسلام

**غیاث احمد رشادی**


**طابع و ناشر**

صفا بیت المال ایجوکیشنل ویلفیر اینڈ چیریٹبل ٹرسٹ انڈیا رجسٹرڈ

**ویب سائٹ:**

www.rashadibooks.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔1......

## آیتِ شریفہ

سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 82 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّۃِ ھُمۡ فِیۡھَا خٰلِدُوۡن،

اور جولوگ ایمان لائیں اور نیک کام کریں ایسے لوگ جنتی ہیں وہ اس جنت میں ہمیشہ رہیں گے۔

دوستو! ہمیں اس جنت کو پانے کیلئے ایمان کے ساتھ نیک اعمال بھی کرنا چاہیئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کی رضا مندی والد کی رضا مندی میں ہے اور اللہ کی ناراضی والد کی ناراضی میں ہے۔(ترمذی)

بچو! اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم اپنے ابا جان کو خوش کروگے تو اللہ تعالیٰ خوش ہوں گے اور اگر تم ابا جان کو ناراض کروگے تو اللہ تعالیٰ تم سے ناراض ہوجائیں گے۔

## آداب

ہمارے رسول ﷺ سیدھے ہاتھ سے کھانا کھاتے تھے اور بائیں ہاتھ سے ہرگز نہیں کھاتے تھے۔

چاپلوسی کی باتیں نہ کریں، اپنی عزت کا ہمیشہ خیال رکھیں، ایسی باتیں نہ کریں جس سے ہماری عزت پر حرف آئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 1

## Verse

In verse number 82 of Surah Baqara, Allah (SWT) states:

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْن،

And those who believe and do good deeds are the dwellers of Paradise and they will live in forever.

Friends! In order to attain Paradise we have to do good deeds along with belief.

## Hadees

Hazrat Abdullah bin Amr wa bin Aas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated that Allah's pleasure is in the pleasure of father and Allah's anger is in the anger of father. (Tirmizi)

Children! The meaning of this Hadees is that if you please your father, Allah will be happy with you and if you offend your father, Allah will be angry with you.

## Good Manners

Our Prophet (SAW) ate food with his right hand and never with his left hand.

Do not use words of flattery; always think about dignity; never speak such things that compromise our dignity.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔2

## آیتِ شریفہ

سورۂ اعراف کی آیت نمبر 153 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**وَالَّذِیۡنَ عَمِلُوا السَّیِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِهَا وَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ رَبَّکَ مِنۡۢ بَعۡدِهَا لَغَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ.**

اور جن لوگوں نے گناہ کے کام کئے پھر وہ ان گناہوں کے بعد توبہ کر لیں اور ایمان لے آئیں تو تمہارا رب اس کے بعد گناہ کا معاف کرنے والا رحمت کرنے والا ہے۔

دوستو! اگر ہم سے کوئی گناہ ہو جائے یا غلطی ہو جائے تو ہمیں فوراً توبہ کر لینا چاہئے اور معافی مانگ لینی چاہیئے تا کہ اللہ تعالیٰ ہمارے گناہوں کو معاف کر دے۔

## حدیث شریف

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، اللہ تعالیٰ ماں باپ کی خدمت و فرمانبرداری اور حسنِ سلوک کی وجہ سے آدمی کی عمر بڑھا دیتا ہے۔(ابن عدی)

دوستو! اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم اپنے ماں باپ کا ادب کرو گے اور ان کی بات مانو گے اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری عمر میں برکت عطا کرے گا، اس لئے اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔

## آداب

جب سو کر اٹھیں تو ضرور یہ دعا پڑھیں۔

**الحمدلله الذی احیانا بعدما اماتنا و الیه النشور .**

تمام تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے ہم کو نیند دینے کے بعد بیدار کیا اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، فجر کی نماز ادا کریں فجر کی نماز کے بعد تھوڑی دیر قرآنِ مجید کی تلاوت کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 2

## Verse

In verse number 153 of Surah Araaf, Allah (SWT) states:

وَالَّذِیۡنَ عَمِلُوا السَّیِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِهَا وَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ رَبَّکَ مِنۡۢ بَعۡدِهَا لَغَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ.

And the ones who do evil deeds but thereafter repent and believe, surely Allah is indeed Most-Forgiving, Ever-Merciful.

Friends! If we commit a sin or a wrong we should immediately repent and ask for forgiveness so that Allah forgives our sins.

## Hadees

Hazrat Jabir (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated that Allah increases the lifespan of the person who serves his parents, obeys them and is kind to them. (Ibn Adi)

Friends! This Hadees means that if you respect your parents and listen to them and be good to them, Allah will increase your lifespan; hence we must be good to our parents.

## Good Manners

Recite this Dua after getting up.

الحمدلله الذی احیانا بعدما اماتنا والیه النشور .

All praise is for Allah that He has awakened us after sleep and to Him is our return. Offer Fajr prayer and after that recite Quran for a while.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔3

## آیتِ شریفہ

سورۂ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 7 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**اِنۡ اَحۡسَنۡتُمۡ اَحۡسَنۡتُمۡ لِاَنۡفُسِکُمۡ وَاِنۡ اَسَاۡتُمۡ فَلَهَا.**

اگر تم اچھے کام کرتے رہو گے تو اپنے ہی نفع کے لئے اچھے کام کرو گے اور اگر برے کام کرو گے تو بھی اپنے ہی لئے۔

بچو! اگر ہم اچھے کام کریں گے تو ہمارے اچھے کاموں کا فائدہ ہم کو ہی ملے گا اور اگر ہم برے کام کریں گے تو اس کا نقصان بھی ہم کو ہی ہو گا۔ اپنی زندگی میں ہم کو کونسا کام کرنا ہے اس کا فیصلہ ہم کو ہی کرنا ہے کہ ہم اچھے کام کریں یا برے کام کریں۔

## حدیث شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، اپنے ماں باپ کی خدمت اور فرمانبرداری کرو تمہاری اولاد تمہاری فرمانبرداری اور خدمت کرے گی۔ (طبرانی)

دوستو! اگر آج تم اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو گے اور ان کی خدمت کرو گے تو یاد رکھو کہ جب تم بڑے ہو جاؤ گے تو تمہاری اولاد بھی تمہارے ساتھ اچھا سلوک کرے گی اور تمہاری خدمت کرے گی۔ محاورہ سنا ہو گا نا کہ جیسی کرنی ویسی بھرنی۔

## آداب

جھوٹ بولنا بہت بڑا گناہ ہے، ہم عہد کریں کہ آج سے کبھی جھوٹ نہیں بولیں گے، اپنے بڑوں سے جب بات کریں تو ادب کے ساتھ بات کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 3

## Verse

In verse number 7 of Surah Bani Israel, Allah (SWT) states:

اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا.

If you do good deeds, you do them for yourselves; and if you do evil, you do it to yourselves.

Children! If we do good deeds we alone shall benefit from our good deeds and if we do evil deeds then we alone have to lose. We alone have to decide whether we have to do good or bad deeds in our life.

## Hadees

Hazrat Abdullah bin Amr (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Serve your parents and be obedient to them; your children shall be obedient to you and will serve you. (Tabarani)

Children! If you are good to your parents and serve them today, then remember when you grow up and have your own children, they too will be good to you and serve you. You must have heard the saying: As you sow, so you reap.

## Good Manners

Lying is a grave sin; we must pledge that we will never lie from today; when we speak with our elders, we must speak with respect.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# ...... سبق نمبر۔4 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ زمر کی آیت نمبر 70 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ.**

اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا بدلہ ملے گا اور اللہ تعالیٰ سارے ہی لوگوں کے کاموں کو خوب جانتا ہے۔

دوستو! دنیا میں جتنے بھی اچھے کام ہم کر رہے ہیں اس کا پورا پورا بدلہ ہم کو آخرت میں ضرور ملے گا۔

## حدیثِ شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو کوئی یہ چاہے کہ اس کے رزق میں کشادگی ہو اور اس کی عمر لمبی ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اپنے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرے۔

دوستو! تم میں سے ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے خوب رزق ملے اور اس کی عمر بھی لمبی ہو، لیکن یہ دونوں چیزیں پانے کا فارمولہ یہ ہے کہ ہم اپنے ننھیالی اور ددھیالی رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کریں اور ان کا اکرام کریں۔

## آداب

دوستوں سے محبت سے پیش آئیں، سب سے اپنے تعلقات اچھے رکھیں کلاس میں گروپ بندی نہ کریں، ایسے رہیں کہ کلاس کا ہر بچہ یہ سمجھے کہ یہ میرا دوست ہے، دوستی میں مبالغہ اور غلو سے کام نہ لیں، حد سے زیادہ دوستی بھی دشمنی کا ذریعہ بن سکتی ہے، ہر چیز اپنے حد میں رہے تو ہی بہتر ہے۔

بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 4

## Verse

In verse number 70 of Surah Zumar, Allah (SWT) states:

وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ.

And each person will be paid in full of what he did; and Allah knows best all that they do.

Friends! All the good things we do in the world, we shall definitely get the full reward in the Hereafter.

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever desires his provision expanded and lifespan extended, he should be good to his relatives.

Friends! Each one of you wants that he receive abundant sustenance and long life from Allah; but the formula to receive both these things is that we be good to our paternal and maternal relatives and respect them.

## Good Manners

Love your friends and keep good relations with all; never make groups in the classroom; behave in such a way that each classmate considers you a friend. Do not exaggerate and be extreme in friendship; sometimes extreme friendship could become be a source of rivalry; everything must be in limits.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔5 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشوریٰ کی آیت نمبر 30 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَمَا اَصَابَکُمۡ مِنۡ مُّصِیۡبَۃٍ فَبِمَا کَسَبَتۡ اَیۡدِیۡکُمۡ.**

اور تم کو جو کچھ مصیبت پہنچتی ہے وہ تمہارے ہی ہاتھوں کئے ہوئے کاموں کی وجہ سے پہنچتی ہے۔

دوستو! اگر ہم یہ چاہتے ہوں کہ ہم کسی بھی قسم کی مصیبت سے بچیں تو ہمیں اپنے ہاتھوں کو ہر قسم کے برے کاموں سے روکنا ہوگا۔

## حدیثِ شریفہ

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص تجھ سے اپنا رشتہ توڑ لے تو اس کے ساتھ اپنا رشتہ جوڑ لے اور جو تیرے ساتھ برا برتاؤ کرے تو اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کر اور انصاف کی بات کہہ اگرچہ کہ خود بھی تجھ پر اس کا نقصان ہو۔

دوستو! ہمیں ان رشتہ داروں سے جو ہم سے کٹ کر جینا پسند کرتے ہیں ان کے ساتھ بھی اچھا سلوک کرنا چاہئے، جو ہمارے ساتھ برا برتاؤ کریں ہمیں ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہئے۔ وہ شخص انتہائی خوش نصیب ہے جس کو اس کے دوست و احباب اپنے دل سے چاہتے ہوں اور وہ شخص انتہائی بدنصیب ہے جس سے دوسرے بیزار رہتے ہوں۔ حقیقت میں بڑا مفلس وہ ہے جس کا کوئی دوست نہ ہو، ایک سچے دوست کا ملنا اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے۔

## آداب

مشکل حالات سے مقابلہ کرنے کا فارمولہ یہ ہے کہ ہم مشکل حالت میں ہمت اور صبر سے کام لیں۔ آدمی جب ہمت ہار دیتا ہے تو ہر مشکل بڑی مشکل بن جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 5

## Verse

In verse number 30 of Surah Shura, Allah (SWT) states:

وَمَا اَصَابَكُمْ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ.

And whatever suffering happens to you; is because of the things you did with your hands.

Friends! If we want to avoid any kind of trouble we must refrain from any type of evil.

## Hadees

On the authority of Hazrat Ali (RA), Imam Bukhari (RH) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: The person who breaks the bond of kinship with you, you reunite the bond and be good to the one who is evil with you and speak with justice even though you stand to lose.

Friends! We must be good to the relatives who prefer to live turning away from us; we must behave well with those who behave rudely. The person is extremely fortunate who is sincerely loved by his friends and relatives and the person is extremely unfortunate with whom others are fed up. A true friend is a great blessing of Allah.

## Good Manners

The formula to combat difficult circumstances is to deal with courage and patience in difficult situations. When a person loses courage, all difficulties seem big.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔6

## آیتِ شریفہ

سورۃ الاحقاف کی آیت نمبر 19 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوۡا ۔**

اور ہر ایک کو اس کے اعمال کی وجہ سے الگ الگ درجے ملیں گے۔

دوستو! اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے درجات کی بلندی ہمارے اچھے کاموں کی وجہ سے ہوگی، ہم جتنے اچھے کام کریں گے اتنے ہی ہمارے درجے بلند ہوں گے۔

## حدیث شریف

حضرت سلمان عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، غریب اور محتاج کو خیرات دینے پر دوگنا اجر ہے، ایک صدقہ کا اجر دوسرے رشتہ داروں کے ساتھ صلہ رحمی کا اجر۔ (ترمذی)

دوستو: ہمارے رشتہ داروں میں جو محتاج اور غریب ہوتے ہیں ہمیں صدقہ وخیرات کرنے میں انہیں ترجیح دینا چاہئے، ہمارے صدقہ وخیرات کے یہ غریب رشتہ دار زیادہ مستحق ہیں۔

### ایک بہترین شعر

انسان سے انسان کو کینہ نہیں اچھا
جس سینہ میں کینہ ہو وہ سینہ نہیں اچھا

دوستو! اپنے دلوں سے کینہ اور بغض کو نکال پھینک دو جیسے دودھ یا چائے میں پڑی مکھی یا مچھر کو پھینک دیتے ہو، یاد رکھو، ایک انسان کیلئے یہ مناسب نہیں کہ جس دل میں اللہ کی محبت رکھتا ہو اس دل میں کینہ اور بغض رکھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 6

## Verse

In verse number 19 of Surah Ahqaf, Allah (SWT) states:

وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا .

And for all there are degrees for what they have done.

Friends! We attain elevated ranks with Allah because of our good deeds; the more good deeds we do, higher the ranks we attain.

## Hadees

Hazrat Salman Amir (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Giving charity to poor and needy relative earns double the reward; one for giving Sadaqa and the other for being kind to the relatives. (Tirmizi)

Friends! We must give preference in giving Sadaqa and charity to the poor and needy from among our relatives; these poor relatives deserve our charity the most.

## Good Manners

Friends! We must throw out hatred and malice from our hearts like we throw away a fly or mosquito from milk or tea; it is not appropriate for a human to nurture hatred and malice in the heart that has love for Allah.

بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ﴿ سبق نمبر۔7 ﴾

## آیتِ شریفہ

سورۂ محمد کی آیت نمبر 33 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْ اَطِیْعُوا اللّٰہَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ .

اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو۔

دوستو! ہمارے رب نے ہمیں دو کاموں کا حکم دیا ہے ایک یہ کہ ہم اس رب کی بات مانیں جس نے ہم کو اور پوری دنیا کو پیدا کیا اور اس رسول ﷺ کی بات مانیں جن کو ہماری ہدایت کیلئے بھیجا گیا۔

## حدیثِ مبارکہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا میں اور یتیم کی سرپرستی کرنے والا چاہے وہ اس کا رشتہ دار ہو یا اجنبی جنت میں اس طرح ہوں گے جس طرح شہادت کی انگلی اور بیچ کی انگلی۔ (موطا امام مالک)

دوستو! غور کرو کہ اس حدیث میں رسولِ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان خوش نصیب لوگوں کو کتنی بڑی بشارت دی ہے جو یتیموں کی سرپرستی اور کفالت کرتے ہیں کہ جنت میں وہ اور رسولِ رحمت ﷺ اس قدر قریب ہوں گے جس قدر دو انگلیاں قریب ہوتی ہیں۔

## آداب

(۱) ہمیشہ سچ بولئے، سچ بولنے میں کبھی کوئی جھجک محسوس نہ کیجئے۔

(۲) ضرورت کے وقت بات کیجئے اور جب بھی بات کیجئے کام کی بات کیجئے، ہر وقت بولنا اور بے ضرورت باتیں کرنا کوئی اچھی بات نہیں ہے۔

بِسۡمِ اللّٰه الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 7

## Verse

In verse number 33 of Surah Mohammad, Allah (SWT) states:

يَا اَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡ اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيۡعُوا الرَّسُوۡلَ .

O you who believe! Obey Allah, and obey the messenger

Friends! Our Lord has commanded us two things; one is that we obey the Lord who created us and the whole world and to obey the Messenger (SAW) who was sent for our guidance.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: I and the custodian of an orphan, whether he is a relative or a stranger shall be together in the Paradise like the forefinger and middle finger (Muwatta Imam Malik)

Friends! Note that in his Hadees, the Messenger of Mercy (SAW) has conveyed the good news to those lucky people who take care of and sponsor the orphans that in Paradise they and the Messenger of Mercy (SAW) shall be as close as the fingers.

## Good Manners

(1) Always speak the truth; do not hesitate to tell the truth.(2) Speak when needed and whenever you speak, speak to the point; talking all the time and irrelevant talk is no good thing.

بِسۡمِ اللّٰہ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔8

## آیتِ شریفہ

سورۃ الصّف ک آیت نمبر 2 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یَا اَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لِمَ تَقُوۡلُوۡنَ مَالَا تَفۡعَلُوۡنَ.

اے ایمان والو! تم ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو۔

دوستو! ہماری زبانوں سے ہم جو باتیں کہتے ہیں ہمیں وہ سب کچھ کرنا چاہیئے، صرف باتوں سے کچھ نہیں ہوتا اصل عمل ہے۔

## حدیثِ مبارکہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا،

مسلمانوں کے گھروں میں سے بہترین گھر وہ ہے جس میں یتیم ہو اور اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا جاتا ہو اور مسلمانوں کے گھروں میں سے برا گھر وہ ہے جس میں یتیم ہو اور اس کے ساتھ بدسلوکی کی جاتی ہو۔(ابنِ ماجہ)

دوستو! صرف ظاہری خوبصورتی سے کوئی گھر اچھا نہیں کہلاتا، ہمارے نبی ﷺ نے اس گھر کو بہترین قرار دیا جس گھر میں کوئی یتیم ہو اور اس کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے۔

## آداب

جب بات کریں تو نرمی کے ساتھ بات کریں، مسکراتے ہوئے میٹھے لہجے میں بات کریں،

ہمیشہ درمیانی آواز میں بات کریں نہ ہی بہت آہستہ کہ سنائی ہی نہ دے اور نہ ہی ایکدم بلند آواز سے کہ سامنے والے کو تکلیف پہنچے، چیخ پکار انتہائی گھٹیا حرکت ہے۔

بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 8

## Verse

In verse number 2 of Surah Saf, Allah (SWT) states:

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ.

O you who believe! Why do you say that which you do not do?

Friends! We must practice what we speak; we are not going to achieve anything just by words.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: The best among the Muslim houses is a house in which an orphan is well treated; and the worst Muslim house is a house in which an orphan is badly treated." (Ibn Majah)

Friends! No house seems good with just apparent beauty; Our Prophet (SAW) has declared the house best in which there is an orphan who is treated well.

## Good Manners

Whenever you speak, do softly; speak smilingly in a pleasant tone; always speak in a moderate tone-neither too low that none could hear, nor too loud to cause inconvenience to the other person; screaming is extremely disgusting behaviour.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......﴿ سبق نمبر۔9 ﴾......

## آیتِ شریفہ

سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 21 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**یَا اَیُّھَا النَّاسُ اعۡبُدُوۡا رَبَّکُمُ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ وَالَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تَتَّقُوۡنَ.**

اے لوگو! تم اپنے اس رب کی عبادت کرو جس نے تم کو اور تم سے پہلے والے لوگوں کو پیدا کیا۔

دوستو! جب رب ذوالجلال نے ہم کو پیدا کیا ہے اس کا حق یہ ہے کہ ہم اسی کی عبادت کریں، اس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کریں۔

## حدیثِ مبارکہ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے شکایت کی کہ میرا دل سخت ہے، آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرو اور مسکین کو کھانا کھلاؤ۔

دوستو! اس حدیث سے ہم کو دل کو نرم کرنے کا فارمولہ حاصل ہوا کہ اگر ہمارے سخت دل کو نرم کرنا ہو تو ہمیں یتیم کے سر پر شفقت کا ہاتھ پھیرنا چاہیۓ اور بھوکے مسکین کو کھانا کھلانا چاہیۓ۔

## آداب

دوستوں کے ساتھ مل جل کر میل محبت کی زندگی گزاریں اور آپس میں ایک دوسرے سے تعلقات مخلصانہ رکھیں، روپیہ پیسہ، خوبصورتی اور طاقت کی بنیاد پر محبت نہ کریں۔ دوستوں سے نفرت نہ کریں اور ایک دوسرے سے بیزارگی کا اظہار نہ کریں۔ عین ممکن ہے کہ آج ہم جس سے نفرت کر رہے ہیں کل وہی ہمارے کام آئے۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 9

## Verse

In verse number 21 of Surah Baqara, Allah (SWT) states:

يَا اَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ.

O people, worship your Lord, who created you and those before you,

Friends! When the Glorious Lord has created us, it is His privilege that we worship Him and worship none other than Him.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that a man complained to the Prophet of Allah (SAW) that my heart has hardened; He (SAW) said: Show affection to the orphans and feed the poor.

Friends! From this Hadees, we can get a formula to soften the heart that if we wish to soften our hardened hearts, we must show affection to the orphans and feed the poor and hungry.

## Good Manners

Lead a life being together with friends with love and maintain sincere relationship with one another. Do not love on the basis of wealth, beauty and power. Do not hate friends and do not express weariness with one another. It is highly possible that the one we hate today might be helpful tomorrow.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔10 ......

## آیت شریفہ

سورۃ الحج کی آیت نمبر 77 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ .

اے ایمان والو! تم رکوع کیا کرو اور سجدہ کیا کرو اور اپنے رب کی عبادت کیا کرو۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے ہم کو دن اور رات میں پانچ نمازوں کے پڑھنے کا حکم دیا ہے جن نمازوں میں رکوع بھی ہے اور سجدہ بھی ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، غلام کا یہ حق ہے کہ اسے معروف طریقہ سے کھانا اور کپڑا دیا جائے اور اس کی استطاعت سے زیادہ اس سے کام نہ لیا جائے۔

دوستو! ہمارے گھروں میں نوکر یا نوکرانی ہوتے ہیں، ہمیں ان کے ساتھ بھی اخلاق سے پیش آنا چاہیئے۔ ہم جو کھاتے ہیں انہیں کھلائیں، ان کے کپڑوں کا انتظام کریں اور ان کی طاقت سے زیادہ ان کے کاندھوں پر بوجھ نہ ڈالیں۔

## آداب

جب ہم کسی سے دوستی کرتے ہیں تو ایک دوسرے سے کبھی کوئی تکلیف پہنچتی ہے، ایسے موقعوں پر جبکہ ہم کو کسی سے کوئی تکلیف پہنچے تو ہم انہیں معاف کردیں، معاف کرنے سے دوستی میں اضافہ ہوتا ہے اور انتقام لینے سے دوستی ختم ہوجاتی ہے اور نفرت اور دشمنی بڑھ جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 10

## Verse

In verse number 77 of Surah Haj, Allah (SWT) states:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ .

O you who believe, bow and prostrate and worship your Lord.

Friends! Allah has commanded us to offer five prayers during day and night; the prayers include bowing (Ruku) and prostration (Sajda).

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: It is the right of the slave that you feed and clothe him suitably and not burden them with work that they cannot bear.

Friends! We have servant or maid in our homes; we must be polite with them. We must feed them that we eat and must arrange clothes for them and must not burden them with work that they cannot bear.

## Good Manners

When we make friendship with someone and if some inconvenience is caused on some occasions, we must forgive them; forgiveness enhances friendship and revenge terminates it and leads to hatred and enmity.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔11 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الزمر کی آیت نمبر 54 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَاَنِیۡبُوۡا اِلٰی رَبِّکُمۡ وَاَسۡلِمُوۡا لَہٗ.

اور تم اپنے رب کی طرف رجوع کرو اور اس کی فرمانبرداری کرو۔

دوستو! ہمیں اپنی صحت، دولت، نفع، کامیابی اور قوت وطاقت کیلئے اپنے رب ہی کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے اور اسی سے مانگنا چاہیئے اور اس کی بات بھی ماننا چاہیئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی شخص کے مکان کے دروازے پر تشریف لے جاتے تو دروازے کے سامنے کھڑے نہیں ہوتے تھے بلکہ اس کی دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہو کر فرماتے۔السلام علیکم، السلام علیکم۔ (ابوداود)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہم جب کسی کے گھر ملاقات کے لئے جائیں تو دروازے کے بالکل سامنے کھڑے نہ ہوں بلکہ دروازے کی دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہوں اور گھر والوں کو السلام علیکم کہیں۔

## آداب

جب ہم کسی سے دوستی کریں تو ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی بھی کریں، دوستی کا تقاضا یہ ہے کہ دکھ سکھ میں ساتھ دیں، روپیہ پیسہ رہنے تک دوستی اور تعلق رکھیں اور جب روپیہ پیسہ ختم ہو جائے تو تعلقات کم کریں، یہ کوئی اچھا طریقہ نہیں ہے، دوستی انسان سے ہوتی ہے پیسہ سے نہیں۔ یہ شعر سنئے ؎

سبھی ہنستے ہوئے ملتے ہیں جب تک چار پیسے ہیں    نہیں پوچھے گا کوئی مفلسی میں آپ کیسے ہیں؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 11

## Verse

In verse number 54 of Surah Zumar, Allah (SWT) states:

وَاَنِيْبُوْا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ.

And turn to your Lord and submit to Him.

Friends! We should turn to our Lord for our health, wealth, gain, success and strength and we should ask Him alone and must submit to Him.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Basar (RA) has narrated that whenever the Messenger of Allah (SAW) visited any person, He would not stand in front of the door, but instead would stand towards the right or left side and would say Assalamu-Alaikum a couple of times. (Abu Dawood)

Through this Hadees, we learn that when we visit someone, we must not stand right in front of their doorsteps but to right or left side of the door and greet them with Assalamu-alaikum.

## Good Manners

When we have friendship with anyone we must sympathise with each other; friendship demands that we share grief and joy. It is no good way that we keep friendship as long as there is wealth and reduce it when wealth diminishes; friendship must be with human being and not with wealth.

Everyone meets cheerfully as long as there is wealth; none enquires about wellbeing in poverty.

بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

# ...... سبق نمبر۔12 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 153 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃِ.**

اے ایمان والو! صبر اور نماز کے ذریعہ اللہ سے مدد طلب کیا کرو۔

دوستو! اگر ہم کسی مصیبت اور پریشانی میں ہوں تو اس سے بچنے کیلئے ہمیں ایک طرف صبر اور برداشت سے کام لینا چاہئے اور دوسری طرف نماز پڑھ پڑھ کر اللہ کی مدد حاصل کرنی چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے عورتوں کی مشابہت کرنے والے مردوں پر لعنت فرمائی اسی طرح مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر بھی لعنت فرمائی۔

غور کریں کہ عورتوں کا اپنا لباس ہوتا ہے اسی طرح مردوں کا بھی، اسی طرح مردوں کا ایک انداز ہوتا ہے اور اسی طرح عورتوں کا بھی، بعض مرد عورتوں کی طرح فیشن کرتے ہیں اور بعض عورتیں مردوں کی طرح فیشن کرتی ہیں، ایسے مردوں اور ایسی عورتوں پر رسول اللہ ﷺ نے لعنت یعنی بددعاء فرمائی ہے۔

## آداب

ہم ہر ایک کی خیرخواہی کریں، خیرخواہی کے معنی ہیں دوسروں کی بھلائی چاہنا، دوستی کا تقاضا یہ ہے کہ ہم اپنے ہر دوست کی بھلائی چاہیں جس طرح ہم امتحان میں اعلیٰ نمبرات سے کامیاب ہوتے ہیں، ہمارے دل میں یہ جذبات ہوں کہ ہمارا دوست بھی اعلیٰ نمبرات سے کامیاب ہو، دلوں سے حسد اور بغض کو نکال کر پھینک دیں پھر دوستی کا ہاتھ بڑھائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 12

## Verse

In verse number 153 of Surah Baqara, Allah (SWT) states:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ.

O you who believe! Seek help of Allah through patience and prayers.

Friends! When we are facing any difficulty or trouble, on one hand we must be patient and tolerant; on the other hand we must pray and seek the help of Allah.

## Hadees

Hazrat Ibn Abbas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated that Allah curses men who imitate women and women who imitate men.

Think about that the clothes of men are different from those of women; likewise the style of men is different from women; a few men imitate the fashion of women while a few women imitate that of men; Allah has cursed such type of men and women.

## Good Manners

We must have goodwill for everyone- we must think about the wellbeing of others. Friendship requires that we desire the wellbeing of each of our friend; as we desire that we pass with good marks, we must also have the feeling in our hearts that our friends too pass with good marks; we must expel hatred and envy from our hearts and then offer the hand of friendship..

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ...... سبق نمبر۔13 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الانعام کی آیت نمبر 162 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

قُلۡ اِنَّ صَلَاتِیۡ وَنُسُکِیۡ وَمَحۡیَایَ وَمَمَاتِیۡ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ.

آپ کہہ دیجئے کہ بیشک میری نماز اور میری ساری عبادت اور میرا جینا اور میرا مرنا یہ سب صرف اور صرف اللہ ہی کیلئے ہے جو دونوں جہاں کا رب ہے۔

دوستو! ہمارا جینا مرنا اور ہمارا نماز پڑھنا اور روزہ رکھنا صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کیلئے ہونا چاہئے اسی کو اخلاص کہتے ہیں۔

## حدیث شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی کچھ پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

دوستو! اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ہم اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتے جب تک کہ ہم جو اپنے لئے چاہتے ہیں وہی اپنے بھائی کے لئے بھی پسند نہ کریں، اس لئے ہم سب کو چاہئے کہ ہم جو چیز اپنے لئے پسند کرتے ہیں وہی دوسروں کے لئے بھی پسند کریں۔

## آداب

ہم اپنے دوستوں کی ضرورت کے وقت کام آئیں، اپنی ضرورت سے زیادہ دوستوں کی ضرورت کا لحاظ رکھیں، اپنی بھوک مٹانا کمال نہیں، کمال تو یہ ہے کہ دوستوں کی بھوک مٹ جائے، اگر موسم گرما ہو آپ کے پاس ٹھنڈا پانی ہو تو پہلے اپنے دوستوں کو پلائیں بعد میں خود پئیں، یہ ہے دوستی کا حق!

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 13

## Verse

In verse number 162 of Surah An'am, Allah (SWT) states:

قُلْ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُکِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ.

Say, "Surely my prayer, and my rites, and my living, and my dying are for Allah, the Lord of the worlds."

Friends! Our life and death, our prayers and fasts must be exclusively for the pleasure of Allah; this is known as Ikhlas.

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: None of you shall be a believer until he loves for his brother what he loves for himself. (Bukhari and Muslim)

Friends! This Hadees means that we shall not be a true believer until we desire for our brother that we desire for ourselves; hence we must desire for others too what we desire for ourselves.

## Good Manners

We must help our friends in times of need; we must consider the needs of our friends more than those of ours; perfection lies not in eliminating our hunger but that of our friends; in the summer season, if you have cool water, first quench the thirst of your friends before quenching yours- this is the right of friendship!

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔14......

## آیتِ شریفہ

سورۂ عنکبوت کی آیت نمبر 45 میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

**اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنۡھٰی عَنِ الۡفَحۡشَاءِ وَالۡمُنکَرِ.**

بیشک نماز بے حیائی اور ناشائستہ کاموں سے روکتی ہے۔

دوستو! اگر ہم پابندی سے نماز پڑھیں گے تو ہمارے اندر سے بے حیائی ختم ہوجائے گی۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، ایک مومن دوسرے مومن کیلئے اس عمارت کی مانند ہے جس کا ایک حصہ اس کے دوسرے حصہ کو مضبوط کرتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

دوستو! آپ بار بار بڑی بڑی عمارتوں کو دیکھتے ہیں کہ عمارت کا ایک حصہ دوسرے حصہ کو مضبوط کرتا ہے، دیواریں، بنیاد کو مضبوط کرتی ہیں اور بنیاد دیواروں کو مضبوط کرتی ہے، دروازوں سے دیوار کا اور دیوار سے دروازوں کا گہرا ربط اور تعلق ہے کہ مضبوطی کے ساتھ ایک دوسرے سے جمے ہوتے ہیں، بالکل اسی طرح ہم سب کو ایک دوسرے سے مل جل کر رہنا چاہئے اور اسی عمارت کی طرح ہم کو ایک دوسرے کو مضبوط بھی کرنا چاہئے۔

## آداب

تعلیم کے دوران ایک دوسرے کا تعاون کریں، آپ کا دوست کسی مضمون میں کمزور ہو، مثلاً سائنس، حساب، انگلش وغیرہ میں اور آپ کو اس مضمون میں مہارت ہو تو اپنے گھر بلا کر یا اس دوست کے گھر جا کر اس کی مدد کریں تا کہ آپ کی طرح وہ بھی کامیاب ہوجائے۔ یہ وہ احسان ہے جس کو دوست زندگی بھر یاد رکھے گا۔

بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 14

## Verse

In verse number 45 of Surah Ankaboot, Allah (SWT) states:

اِنَّ الصَّلٰوۃَ تَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنکَرِ.

Surely prayer prohibits immorality and evil.

Friends! If we offer prayers punctually, we will get rid of immorality.

## Hadees

Hazrat Abu Musa (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: A believer to another believer is like a strong building, one part supporting the other. (Bukhari and Muslim)

Friends! You must have frequently noticed the huge buildings that one part of the building strengthens the other part; walls strengthen the foundation and the foundation strengthens the walls; the doors and the walls are linked closely that they are fixed to one another; likewise we all must be together with each other and must strengthen each other just like the building.

## Good Manners

Assist each other during education; if any of your friend is weak in any subject like science, math, English, etc., you could help him in the subject by calling him to your home or by going to his home until he masters the subject. This is the favour that will be remembered by your friend all his life.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔15 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 102 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

یَا اَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُو اللّٰہَ حَقَّ تُقٰتِہٖ.

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو جیسا ڈرنے کا حق ہے۔

دوستو! اللہ تعالیٰ پوری دنیا کے خالق اور مالک ہیں، انہی کے ہاتھ میں زمین، آسمان، چاند، سورج، ستارے، سیارے، پہاڑ اور سمندر ہیں۔ ہمیں اپنے اللہ سے اتنا ڈرنا چاہیئے جتنا کہ اس کا مقام اور حق ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، تم میں سے ہر ایک اپنے بھائی کا آئینہ ہے پس اگر وہ اس میں کوئی عیب یا اخلاقی کمزوری دیکھے تو اسے دور کرنے کی کوشش کرے۔ (ترمذی)

دوستو! جس طرح آئینہ ہمارے چہروں کے داغ دھبوں کو بتلاتا ہے اسی طرح ہمیں بھی چاہیئے کہ اگر ہم کسی کے اندر کوئی عیب دیکھیں تو تنہائی میں اس کو اس عیب کی نشاندہی کر دیں تاکہ وہ اپنے عیب کو دور کر لے، آپ نے غور کیا ہے کہ آئینہ صرف اسی کے عیب بتلاتا ہے جو اس کے سامنے کھڑا ہوتا ہے، وہ کسی دوسرے آدمی کے عیب کو نہیں بتلاتا، بالکل اسی طرح ہمیں بھی دوسروں کے سامنے کسی کے عیب کو بیان نہیں کرنا چاہیئے۔

## آداب

آپ اپنے لئے اچھی گھڑی، اچھا موبائیل، اچھا لباس پسند کرتے ہیں مبارک ہو، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا آپ نے اپنے لئے ایک اچھا با اخلاق، نیک کردار دوست پسند کیا ہے؟ اس کا جواب اپنے عمل سے دیجئے اور آج ہی ایک اچھے دوست کا انتخاب کیجئے۔

بِسْمِ اللّٰه الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 15

## Verse

In verse number 102 of Surah Ale-Imran, Allah (SWT) states:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوااللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهِ.

O you who believe fear Allah as He should be feared.

Friends! Allah is the creator and owner of the whole world; the earth, the sky, the moon, the sun, the stars, the planets, the seas and the mountains are in His possession. We should fear Allah in accordance with His position and right.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Each of you is a mirror for your brother. If you see something bad, remove it for him. (Tirmizi)

Friends! Just as the mirror reflects the blemishes of our face, we too must try to privately indicate the defect that we find in someone so that they may correct it; you must have noted that the mirror indicates the defects of only those who stand in front of it; it does not indicates the faults of others; similarly we too must not reveal the faults of someone to others.

## Good Manners

You prefer nice watch, best mobile, nice clothes for yourselves-congratulations; but the question is whether you have preferred a good mannered, good character noble friend for yourself? Reply with your actions and choose a good friend from today itself.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔16......

## آیتِ شریفہ

سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 100 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

فَاتَّقُوا اللّٰہَ یَا اُولِی الۡاَلۡبَابِ لَعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ.

پس اللہ سے ڈرتے رہو اے عقلمندو تا کہ تم کامیاب ہو جاؤ۔

دوستو! اس آیت سے معلوم ہوا کہ دنیا اور آخرت کی کامیابی اللہ سے ڈرنے میں ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے وہ نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اسے ہلاک و تباہ ہونے دیتا ہے جس نے اپنے بھائی کی حاجت پوری کی اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرے گا۔ (بخاری و مسلم)

ہم سب ایک دوسرے کے بھائی ہیں ہمیں ایک دوسرے پر ظلم نہیں کرنا ہے بلکہ ایک دوسرے پر رحم و کرم کرنا چاہیئے، ایک دوسرے کی ہلاکت و تباہی کا ارادہ نہیں کرنا ہے بلکہ ایک دوسرے کے جان و مال کی حفاظت کا عزم کرنا چاہیئے اور یہ بات یاد رکھیں کہ ہم اگر اپنے بھائی کی کوئی ضرورت پوری کریں گے اللہ تعالیٰ ہماری حاجت اور ضرورت کو پورا کریں گے۔

## آداب

کسی سے دوستی کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ دوسروں سے دشمنی کریں، یہ بات ضرور ہے کہ آپ کسی ایک یا دو یا تین افراد کو اپنا دوست بنا لیتے ہیں، ضرور بنایئے لیکن یہ بات ذہن میں رہے کہ آپ کی کلاس کے دوسرے لڑکے یہ خیال نہ کریں کہ آپ ان کے دشمن ہیں، آپ کو ان مخصوص دوستوں کے علاوہ دوسرے ساتھیوں سے محبت، خلوص اور ہمدردی کا برتاؤ کرنا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 16

## Verse

In verse number 100 of Surah Maeda, Allah (SWT) states:

فَاتَّقُوا اللّٰهَ يَا اُولِى الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ.

So fear Allah, O you who understand, so that you may be successful.

Friends! Through this verse it is known that the success of this world and the Hereafter lies in the fear of Allah..

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Omar (RA) has narrated that Messenger of Allah (SAW) has stated that: A Muslim is a brother of another Muslim, he neither oppresses him, nor he hands him over to an oppressor. Whoever fulfilled the needs of his brother, Allah will fulfil his needs. (Bukhari & Muslim)

We all are brothers to one other; we must not oppress one another but instead must be sympathetic to each other; we must not intend one another's death and destruction but instead must be determined to protect the lives and property of one another; we must bear in mind that if we fulfil any need of our brother, Allah will fulfil our needs.

## Good Manners

Making friendship with someone doesn't mean creating enmity with others; it is true that you may make friends with one or two or three individuals but you must bear in mind that your other classmates must not feel that you are their enemy; apart from your friends, you must treat others with love, sincerity and compassion.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔17

## آیتِ شریفہ

سورۂ توبہ کی آیت نمبر 4 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْن.**

بیشک اللہ تعالیٰ تقویٰ اختیار کرنے والوں کو پسند فرماتے ہیں۔

دوستو! اگر تم یہ چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں پسند کرے تو تمہیں احتیاط کے ساتھ زندگی گزارنی ہوگی اور حلال وحرام کی تمیز کرنی ہوگی۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، جس نے مومن کو دنیا کی کسی سخت مصیبت سے نکالا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کی کسی ہولناک مصیبت سے اسے نکالے گا۔ (مسلم)

دوستو! اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر ہم دنیا میں کسی مصیبت میں مبتلا کسی شخص کو اس مصیبت سے نکال دیں گے تو یاد رکھیں کہ قیامت کے دن کی ہولناکی اور مصیبت سے اللہ تعالیٰ ہم کو نکال دیں گے۔

## آداب

ہمیشہ نیک اور صالح لڑکوں سے دوستی کیجئے، دوستی کے انتخاب میں اس بات کا ضرور لحاظ رکھئے کہ جن سے آپ دوستی کر رہے ہیں ان کی دینی حالت کیسی ہے، ان کے اخلاق و کردار کیسے ہیں، پہلے اخلاق اور دین دیکھا جاتا ہے، کسی کی دولت آپ کی زندگی میں سکون نہیں دے سکتی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 17

## Verse

In verse number 4 of Surah Tauba, Allah (SWT) states:

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْن.

Indeed, Allah loves the righteous.

Friends! If you wish that Allah adore you, you must lead a life with caution and must need to distinguish between lawful and unlawful.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever relieves a believer of distress in this world, Allah will relieve him of some of the distress of the Day of Resurrection. (Muslim)

Friends! This Hadees means that if we help someone in this world who is in a difficulty, Allah will relieve us of the horror and sufferings of the Day of Resurrection.

## Good Manners

Make friendship with virtuous and moral children; while making friends, the religious conditions and character of the one with whom you are making friends must be borne in mind; morals and faith must be given importance because someone's wealth cannot give any comfort in your life.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ......سبق نمبر۔18......

## آیتِ شریفہ

سورۂ توبہ کی آیت نمبر 119 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ.

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو۔

دوستو! ہمیں ایک کام تو یہ کرنا چاہیئے کہ ہم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے زندگی گزاریں اور دوسرا کام یہ کرنا چاہیئے کہ سچے اور اچھے لوگوں کی صحبت اختیار کریں، برے اور جھوٹے لوگوں کی صحبت سے بچیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، جس نے کسی تنگدست کے ساتھ نرم رویہ اختیار کیا اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت کی مشکلات کو اس کے لئے آسان کردے گا۔ (مسلم)

دوستو! دنیا میں کتنے لوگ کتنی مشکلوں میں پھنسے ہوئے ہیں، پہلے تو ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہم کو ان مشکلات سے بچایا، پھر ہمیں دوسرا کام یہ کرنا چاہیئے کہ جو بھی شخص کسی مشکل میں پھنسا ہوا ہو تو ہمیں اس مشکل کو دور کرنے کی کوشش کرنا چاہیئے، اگر ہم ایسا کریں گے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کی ہماری مشکل کو ہمارے لئے آسان کردیں گے۔

## آداب

جب آپ اپنے دوستوں کی صحبت میں بیٹھیں اور آپ کو محسوس ہو کہ اس صحبت سے میرے اخلاق بگڑ جائیں گے اور میرے دین میں کمزوری آئے گی تو آپ کی ذمہ داری ہوگی کہ آپ اپنی نیکی اور اپنے اخلاق کا اثر ان پر چھوڑیں اور ان سے متاثر نہ ہوں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 18

## Verse

In verse number 119 of Surah Tauba, Allah (SWT) states:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ.

O you who believe, fear Allah and be with those who are true.

Friends! Firstly we must lead a life with the fear of Allah and secondly we must be in the company of true and righteous people and avoid the company of liars.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whosoever alleviates the difficulties of a needy person who cannot pay his debt, Allah will alleviate his difficulties in both this world and the Hereafter. (Muslim)

Friends! There are numerous people in the world who are facing various difficulties; hence foremost we must thank Allah that He has saved us from these problems and secondly we must strive to help out the people trapped in difficulties; if we do so, Allah with ease for us the difficulties of the Day of Judgment.

## Good Manners

When you sit in the company of your friends and if you feel that their company could spoil your character and weaken your faith, then it is your responsibility that you leave the impression of virtues and character and not get influenced by them.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔19 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ نور کی آیت نمبر 52 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ وَ یَخْشَ اللّٰہَ وَ یَتَّقْہِ فَاُولٰئِکَ ھُمُ الْفَائِزُوْن.

اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا اور اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا تو ایسے ہی لوگ کامیاب ہوں گے۔

بچو! اگر تم کامیاب انسان بننا چاہتے ہو تو سب سے پہلے اللہ کی اور اس کے رسول حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی اطاعت کرو اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو یقیناً تم کامیاب ہو جاؤ گے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے کسی مسلمان کے عیب کو چھپایا اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت میں اس کے عیب کو چھپائیں گے۔ (مسلم)

دوستو! اگر ہم کسی کے اندر کوئی عیب دیکھیں تو ہمیں اس کے اس عیب کو سب کے سامنے بیان کرنے کے بجائے اس کے اس عیب کو چھپا دینا چاہیئے، اگر ہم دنیا میں کسی شخص کے عیب کو چھپائیں گے تو اللہ تعالیٰ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی ہمارے عیب کو چھپا دیں گے۔

## آداب

اچھے اور برے دوست کی مثال عطر بیچنے والے اور بھٹی دھونکنے والے لوہار کی طرح ہے، عطر بیچنے والے کی صحبت سے تم کو کچھ فائدہ ضرور پہنچے گا یا تو عطر خریدو گے یا عطر کی خوشبو پاؤ گے لیکن لوہار کی بھٹی تمہارے کپڑے جلائے گی یا تمہارے دماغ میں اس کی بدبو پہنچے گی۔ اس لئے اچھے دوست کا انتخاب کرو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 19

## Verse

In verse number 52 of Surah Noor, Allah (SWT) states:

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ يَخْشَ اللّٰهَ وَ يَتَّقْهِ فَاُولٰئِکَ هُمُ الْفَائِزُوْن.

And whoever obeys Allah and His Messenger, and fears Allah, such are the ones who are successful.

Children! If you want to become a successful person, first obey Allah and His Messenger Hazrat Mohammad (SAW) and then fear Allah; surely you shall be successful.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever conceals the faults of a Muslim, Allah will conceal his faults in this world and the Hereafter. (Muslim)

Friends! If we find a flaw in someone, then rather than revealing it to all, we must conceal it; if we conceal the flaw of someone in this world, then Allah shall conceal our defects both in the world and in the Hereafter.

## Good Manners

The similitude of good and bad friend is like a perfume seller and a blacksmith; being in the company of a perfume seller will benefit you in some way-either you will buy the perfume or your clothes would get fragrant. But the furnace of the blacksmith would either burn your clothes or it's stink will reach your brain. Hence choose a good friend.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔20 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 13 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**اِنَّ اَکۡرَمَکُمۡ عِنۡدَاللّٰہِ اَتۡقَاکُمۡ.**

تم میں اللہ کے نزدیک سب سے بڑا شریف وہی ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔

دوستو! اگر تم یہ چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک شریف انسان بن جاؤ تو تم سب سے پہلے ایک پرہیزگار انسان بن جاؤ۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں:

(۱) سلام کا جواب دینا یعنی اگر کوئی سلام کرے تو اس کا جواب دینا۔

(۲) بیمار کی عیادت کرنا یعنی مزاج پرسی کرنا۔

(۳) جنازے کے ساتھ جانا، یعنی نمازِ جنازہ پڑھنا اور تدفین میں شریک ہونا۔

(۴) دعوت قبول کرنا یعنی اگر کوئی دعوت دے تو اس دعوت میں شریک ہونا۔

(۵) چھینکنے والا جب چھینک کر **الحمدلله** کہے تو جواب میں **یرحمک الله** کہنا۔ (بخاری و مسلم)

## آداب

دوستوں سے صرف اللہ کے لئے محبت کریں، دوستی کرنے سے پہلے یہ نیت کریں کہ میں جس سے دوستی کر رہا ہوں اس کو دین و ایمان کی باتیں بتلاؤں گا، اس کو سیدھے راستہ پر لانے کی کوشش کروں گا، یاد رکھو! اس دوستی کو مخلصانہ دوستی کہتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 20

## Verse

In verse number 13 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَاللّٰہِ اَتْقَاکُمْ.

Indeed, the most noble of you in the sight of Allah is the one who is most righteous.

Friends! If you want to become a respected person in the sight of Allah, then foremost become a righteous person.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated:

Every Muslim has five rights over another Muslim

(1) To return the greetings i.e. if someone says Salam, must return it. (2) To visit the sick. (3) To accompany funeral processions i.e. offer Namaz-e-Janaza and participate in burial. (4) To accept an invitation i.e. when someone invites must go there.(5) To say Yarhamuk-Allah when someone says Alhamdulillah after sneezing. (Bukhari and Muslim)

## Good Manners

Love your friends just for the sake of Allah; before making friendship makeup your mind that you will talk about religion and faith to the one whom you intend to make friend and would strive to guide him to the right path. Remember! Such friendships are sincere ones.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔21 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ مائدہ کی آیت نمبر 23 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوٓا اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ.**

اور اللہ ہی پر بھروسہ رکھو اگر تم ایمان رکھتے ہو۔

دوستو! ہمیں اپنے رب پر بھروسہ رکھنا چاہئے کہ ہم کو وہی صحت دے گا، ہم کو وہی کامیابی دے گا، ہم کو وہی قوت وطاقت دے گا۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا،

(۱) تم ایک دوسرے پر حسد نہ کرو،

(۲) تم کسی کو دوسرے کی دشمنی پر مت اکساؤ

(۳) تم آپس میں ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو

(۴) تم ایک دوسرے سے اپنے تعلقات مت توڑلو۔ (مسلم)

دوستو! اس حدیث میں ہم کو ایک دوسرے سے حسد کرنے سے روکا گیا اور دوسروں سے دشمنی رکھنے اور دوسرے کے بارے میں اپنے دلوں میں کینہ رکھنے سے منع کیا گیا ہے اور یہ حکم دیا گیا ہے کہ ہم ایک دوسرے سے اپنے تعلقات اچھے رکھیں۔

## آداب

بے حیا دوستوں سے اپنے آپکو دور رکھو وہ خود بھی اپنی زندگی بگاڑ لیں گے اور تمہاری زندگی بھی بگاڑ دیں گے، شرم اور حیاء رکھنے والے افراد سے دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ یاد رکھو تمہاری قیمت اسی وقت بڑھے گی جب تم میں حیاء ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 21

## Verse

In verse number 23 of Surah Maeda, Allah (SWT) states:

وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ.

And put your trust in Allah if you are indeed believers.

Friends! We should have trust in our Lord that He alone grants us health, success and power and strength.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that Messenger of Allah (SAW) has stated:

(1) You do not envy one another.

(2) You do not incite hostility against one another.

(3) You do not harbour malice against one another.

(4) You do not severe your relations with one another. (Muslim)

Friends! Through this Hadees, we have been refrained from envying one another and from being envious of others and from harbouring malice in our hearts and have been commanded to keep good relations with each other.

## Good Manners

Keep yourself away from immoral friends- they will ruin their lives as well as yours; lend a hand of friendship to people with modesty and humility; your value would increase only when you have modesty.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔22......

## آیتِ شریفہ

سورۂ زمر کی آیت نمبر 38 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**قُلۡ حَسۡبِیَ اللّٰہُ عَلَیۡہِ یَتَوَکَّلُ الۡمُتَوَکِّلُوۡنَ.**

آپ کہہ دیجئے کہ میرے لئے اللہ کافی ہے، توکل کرنے والے اسی پر توکل کرتے ہیں۔

دوستو! وہ اللہ جس نے ہم کو اپنی قدرت اور طاقت سے پیدا کیا، وہ پوری قدرت وطاقت والا ہے، ہمارے لئے وہ اللہ کافی ہے اور بھروسہ کرنے والوں کو صرف اس ایک اللہ پر بھروسہ کرنا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوصرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، جو شخص کسی کو نقصان پہنچاتا ہے اللہ تعالیٰ اسے نقصان پہنچائے گا اور جو کسی سے دشمنی کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے شفقت اور تکلیف میں مبتلا کرے گا۔ (ترمذی)

دوستو! اگر ہم کسی کو نقصان پہنچائیں گے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ہم کو نقصان پہنچائیں گے اور اگر ہم کسی سے دشمنی کریں گے تو اللہ تعالیٰ ہم کو تکلیف میں مبتلا کر دیں گے۔ اس سے ہم دوسروں کو نقصان پہنچانے اور دوسروں سے دشمنی کرنے سے بچیں۔

## آداب

دوستی ایسے لوگوں سے کیجئے جو دوستی کے لائق ہوں، بعض ایسے افراد بھی ہوتے ہیں جو اس قدر نالائق ہوتے ہیں کہ ان سے دوستی کرنے والا بھی نالائق ہو جاتا ہے، دوستی کرنا آسان ہے لیکن دوستی کو نبھانا بہت مشکل ہے، اس لئے دوستی کرنے سے پہلے غور کرلو کہ اس دوستی کو تم کس قدر نبھا سکو گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 22

## Verse

In verse number 38 of Surah Zumar, Allah (SWT) states:

قُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ عَلَیْہِ یَتَوَکَّلِ الْمُتَوَکِّلُوْن.

Say: Allah is sufficient for me; upon Him alone the reliant rely.

Friends! Allah, who has created us with His Might and Strength is Powerful and Mighty; Allah is sufficient for us and those who rely must put their trust on Allah alone.

## Hadees

Hazrat Abu Sarma (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever causes harm to a person, Allah will cause harm to him and whoever hates someone, Allah will inflict him with pain and suffering. (Tirmizi)

Friends! If we harm someone, consequently Allah will bring harm to us. If we harbour enmity with anyone, Allah will put us in suffering. Hence we must avoid harming others and from harbouring enmity with others.

## Good Manners

Make friends with people who are worthy of friendship; some people are so vile that one who befriends them also becomes unworthy; friendship is easy but maintaining it is very difficult; hence before making friendship, do consider about enduring it.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔23 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 153 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ.**

**بیشک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہیں۔**

دوستو! اگر تم اپنی زندگی میں صبر اور برداشت سے کام لوگے تو تمہارے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد رہے گی اور اگر بے صبری کا مظاہرہ کروگے تو اللہ تعالیٰ کی مدد سے محروم ہو جاؤ گے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، ملعون ہے وہ جو کسی مومن کو نقصان پہنچائے یا اسے دھوکہ دے۔ (ترمذی)

دوستو! اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اس شخص پر لعنت ہے جو کسی مسلمان کو نقصان پہنچائے یا کسی مسلمان کو دھوکہ دے، ہمیں آج اس بات کا عہد کرنا ہوگا کہ ہم کسی کو دھوکہ نہیں دیں گے اور کسی کو کوئی نقصان نہیں پہنچائیں گے۔

## آداب

آپ نے جن سے دوستی کی ہے ان پر اعتماد بھی کریں، خواہ مخواہ ان پر شک مت کیجئے اور ہر دوست سے اچھا گمان رکھئے، بعض مرتبہ خواہ مخواہ کی بدگمانی سے لڑائی جھگڑے پیدا ہو جاتے ہیں پھر یہی بات فتنۂ فساد اور بگاڑ کا ذریعہ بن جاتی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 23

## Verse

In verse number 153 of Surah Baqara, Allah (SWT) states:

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ.

Indeed, Allah is with the patient ones.

Friends! If you are patient and tolerant in your life Allah will help you and if you exhibit impatience, you will be deprived of the help of Allah.

## Hadees

Hazrat Abu Bakr Siddiq (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Cursed is the one who causes harm to a believer or who deceives him. (Tirmizi)

Friends! This means that the person who causes loss or deceives a believer has been cursed; we must pledge today that we will not deceive anyone and will bring no harm to anyone.

## Good Manners

You must trust those whom you have made friends; it is not good to doubt them unnecessarily; have good opinion about every friend. Sometimes unnecessary suspicion leads to hostility which in turn becomes a source of vice and deterioration.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔24 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ سبا کی آیت نمبر 15 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**كُلُوا مِن رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهُ.**

اپنے رب کے دیئے ہوئے رزق میں سے کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو۔

دوستو! ہم صبح و شام اپنے رب کی دی ہوئی کتنی چیزیں کھاتے ہیں، یہ ہری بھری ترکاریاں، یا لذیذ اور میٹھے پھل پھلاریاں، یہ اناج اور غلے اور مختلف قسم کی چیزیں، ان ساری چیزوں کو تم شوق سے کھاؤ مگر یاد رکھو کہ جس نے تم کو یہ چیزیں دی ہیں اس کا شکر ادا کرنا نہ بھولو۔

## حدیثِ شریف

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو شخص کسی بیمار کی عیادت کو چل پڑتا ہے اللہ کی رحمت اسے گھیر لیتی ہے جب تک کہ وہ اس کے پاس بیٹھ نہ جائے، جب وہ اس کے پاس بیٹھتا ہے تو اللہ کی رحمت میں غوطے لگاتا ہے۔ (مشکوٰۃ)

دوستو! اگر تم کسی بیمار کی مزاج پرسی کرنے کے لئے جاؤ گے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت تم کو گھیر لے گی اور اگر بیمار کے پاس بیٹھ جاؤ گے تو اللہ کی رحمت میں تم غوطہ لگاؤ گے۔ یہ ہے بیمار کی عیادت اور مزاج پرسی کی فضیلت۔

## آداب

دوستوں کے درمیان ہشاش بشاش رہیں، افسردہ اور آزردہ نہ رہیں، یاد رکھیں حد سے زیادہ بے تکلفی بھی نقصاندہ ہوتی ہے، دوستوں کے درمیان تیوری چڑھا کر غصہ کی کیفیت میں نہ رہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 24

## Verse

In verse number 15 of Surah Saba, Allah (SWT) states:

كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ.

Eat from the provisions of your Lord and be grateful to Him.

Friends! We eat so many things daily given by our Lord- lush green vegetables or sweet and delicious fruits or grains and other different things- eat all these things with joy but remember not to forget to thank the One who gave you all these things.

## Hadees

Hazrat Jabir (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever sets out to visit a sick person, Allah's Mercy engulfs him and until he sits with the sick person, he is submerged in the Mercy. (Mishkaat)

Friends! If you set out to visit an ailing person, the Mercy of Allah will surround you and if you sit near the sick person, the Mercy of Allah will submerge you. This is the excellence of visiting and enquiring about a sick person.

## Good Manners

Be joyful with friends and do not be sad and upset; remember that excessive candour is harmful. Do not be in a state of anger and arrogance with friends.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ...... سبق نمبر۔25 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ ابراہیم کی آیت نمبر 34 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**وَاِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ لَا تُحۡصُوۡهَا.**

اور اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو گننا چاہو تو ہرگز تم نہیں گن سکتے۔

دوستو! غور کرو کہ اللہ تعالیٰ ہمیں کتنی نعمتیں دی ہیں، آنکھوں میں دیکھنے کی طاقت، کانوں میں سننے کی طاقت، زبان میں بولنے کی طاقت، دماغ میں سوچنے اور سمجھنے کی طاقت، وغیرہ۔ یہ وہ نعمتیں ہیں جن کو ہم گن نہیں سکتے، ہمیں اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں پر شکرادا کرنا چاہئے جنکو ہم گن بھی نہیں سکتے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابی شریح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو شخص اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے اپنے مہمان کا اکرام کرنا چاہئے۔ (بخاری)

دوستو! جب ہمارے گھر کوئی مہمان آئے تو ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ان کا استقبال کریں، ان کی خاطر تواضع کریں، ان کے کھانے پینے اور آرام کا لحاظ رکھیں، ہمارے نبی ﷺ مہمانوں کا اکرام کیا کرتے تھے۔

## آداب

دوستوں کے درمیان خشک مزاج نہ رہیں، مردہ دل نہیں زندہ دل بن کر رہیں اور ایک دوسرے کے درمیان حد میں رہ کر مذاق کریں، یاد رکھیں مذاق کرنا اچھی بات ہے مگر مذاق اڑانا جس سے دوسرے کو تکلیف ہو حرام ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 25

## Verse

In verse number 34 of Surah Ibrahim, Allah (SWT) states:

وَاِنۡ تَعُدُّوۡا نِعۡمَةَ اللّٰهِ لَا تُحۡصُوۡهَا.

And if you count the Blessings of Allah, you will never be able to count them.

Friends! Take note of the Blessings of Almighty Allah- power of vision to eyes, hearing to the ears, power to speak to the tongue, power to think and understand to the brain etc. These are the blessings that we cannot count; we must thank for these blessings of Allah which we cannot even count.

## Hadees

Hazrat Abi Sharee (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever has belief in Allah and the Hereafter, must honour his guests. (Bukhari)

Friends! When a guest visits our house, it is our responsibility to welcome them, entertain them and take care of their food and rest; our Prophet (SAW) used to honour the guests.

## Good Manners

Do not be ill-tempered with friends; do not be dead-hearted but be cheerful; have fun with each within limits; remember fun and frolic are good but making fun of others hurts them and is forbidden.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔26 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ ابراہیم کی آیت نمبر 7 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**لَئِنۡ شَكَرۡتُمۡ لَاَزِيۡدَنَّكُمۡ.**

اگر تم شکرادا کروگے تو ہم ضرور تمہیں مزید عطا کریں گے۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں تمہیں عطا کی ہیں اگر تم چاہتے ہو کہ ان نعمتوں میں اور اضافہ ہو تو تمہیں ان نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا ہوگا، جتنا شکر ادا کروگے اسی قدر نعمتوں میں اضافہ ہوگا۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا حضور! اسلام کی کونسی خصلت اچھی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم کھانا کھلاؤ اور سلام کرو چاہے تم اسے پہچانتے ہو یا نہ پہچانتے ہو۔ (بخاری)

دوستو! اسلام ہمیں اچھی خصلتوں کی تعلیم دیتا ہے اور یہ حکم دیتا ہے کہ ہم بھوکوں کو کھانا کھلائیں اور سب کو سلام کریں، چاہے وہ اپنی پہچان کا ہو یا نہ ہو۔

## آداب

یاد رکھیں دوستانہ تعلقات کو مضبوط کرنے کی کوشش کریں، اگر دوست کے بارے میں کوئی شخص غلط بیانی سے کام لے تو آپ بالراست دوست کے پاس وہ ساری باتیں رکھ کر صاف صفائی کرلیں، دلوں میں مخالفانہ باتیں جمع کرلینا اور دوستی میں کمزوری پیدا کرلینا بالکل درست نہیں ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 26

## Verse

In verse number 7 of Surah Ibrahim, Allah (SWT) states:

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ.

If you are grateful, I would surely give you more.

Friends! If you wish that Allah increase the blessings that He has given, you have to thank Allah for those blessings; the more you thank the more the blessings would increase.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Omar (RA) has narrated that a person asked the Messenger of Allah (SAW): What sorts of traits of Islam are good?" The Prophet replied, to feed the poor and greet those whom you know and those whom you do not know. (Bukhari)

Friends! Islam teaches us good traits and commands us to feed the hungry and greet everyone with Salam, whether we know them or not.

## Good Manners

Do remember to strengthen friendly relationships; if someone speaks ill of your friend, then directly clear all the issues with him; it is absolutely not good to amass hostilities in the heart and weaken friendship.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔27 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ آل عمران کی آیت نمبر 41 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَاذۡکُرۡ رَبَّکَ کَثِیۡرًا.

اور تم اپنے رب کو کثرت سے یاد کرو۔

بچو! دنیا میں ہم اپنے ماں باپ، بھائی بہن، رشتہ داروں اور دوستوں کو بہت یاد کرتے ہیں ، یہ اچھی بات ہے۔ لیکن یہ بات ذہن میں رکھو کہ تمہیں اپنے اس رب کو نہیں بھولنا چاہئے جس نے تم کو یہ ماں باپ، بھائی بہن اور دوست واحباب اور رشتہ دار عطا کئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

یہ سنت ہے کہ آدمی اپنے مہمان کے ساتھ گھر کے دروازے تک جائے۔ (ابنِ ماجہ)

دوستو! اس خدمت کا مطلب یہ ہے کہ جب کوئی مہمان ہمارے ہاں آئے اور جب وہ واپس جا رہا ہو تو ہمیں چاہئے کہ گھر کے دروازے تک اس کے ساتھ جائیں، یہ ادب کے خلاف بات ہے کہ گھر کے اندر ہی بیٹھ کر ہم اس کو رخصت کر دیں۔

## آداب

دوستی کی محبت میں جنون کی شکل نہیں ہونی چاہئے، بعض مرتبہ ایسی دوستی نقصاندہ ثابت ہوتی ہے، دوستی میں اعتدال یعنی میانہ روی ہونی چاہئے۔ محبت کے جوش میں زندگی کا ہوش بھی باقی رہے۔ دانشمندی کے ساتھ دوستی قائم رکھنے کی بھرپور کوشش کرنا چاہئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 27

## Verse

In verse number 41 of Surah Ale Imran, Allah (SWT) states:

وَاذْکُرْ رَبَّکَ کَثِیْرًا.

And remember your Lord much.

Children! We remember our parents, siblings, relatives and friends a lot in this world, it is good. But keep this in mind that you should not forget the Lord who gave you parents, siblings and friends and relatives.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: It is Sunnat to accompany the guest to the doorsteps. (Ibn Maaja)

Friends! This service means that when a guest visits us and is about to leave we must accompany them to the doorsteps. It is against manner that we see them off sitting inside the home.

## Good Manners

There should not be madness in friendship; at times such friendship proves harmful; there should be moderation in friendship. In the passion of love sanity vanishes; hence it must strived to maintain friendship with wisdom.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔28......

## آیتِ شریفہ

سورۂ رعد کی آیت نمبر 28 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اَلَا بِذِکۡرِ اللّٰہِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ.**

خوب سمجھ لو کہ اللہ کے ذکر سے دلوں کو سکون حاصل ہوتا ہے۔

دوستو! دل کا سکون اور اطمینان بہت بڑی نعمت ہے، یاد رکھو کہ یہ سکون و اطمینان اس وقت حاصل ہوتا ہے جب کہ ہم اپنے اس اللہ کا ذکر کریں جس نے ہم کو پیدا کیا ہے اس لئے ہمیشہ اللہ اللہ سے اپنی زبان کو تر رکھو۔

## حدیثِ شریف

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

اللہ تعالیٰ اپنے اس مومن بندے سے محبت کرتا ہے جو غریب اور عیالدار ہونے کے باوجود سوال کرنے سے بچتا ہے۔ (ابنِ ماجہ)

دوستو! اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص غریب اور زیادہ بال بچے والا ہونے کے باوجود دوسروں کے سامنے ہاتھ نہیں پھیلاتا بلکہ محنت کر کے اپنی زندگی بسر کرتا ہے، ایسے شخص سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں، ہمیں اپنی زندگی میں دوسروں کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے بچنا چاہئے۔

## آداب

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اپنے دوست سے دوستی میں نرمی اختیار کرو، ہوسکتا ہے کہ وہ کسی وقت تمہارا دشمن بن جائے، اسی طرح دشمن سے دشمنی میں نرمی کا رویہ اختیار کرو ہوسکتا ہے کہ وہ کسی وقت تمہارا دوست بن جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 28

## Verse

In verse number 28 of Surah Raad, Allah (SWT) states:

اَلَا بِذِكْرِاللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ.

Verily, in the remembrance of Allah do hearts find rest.

Friends! Peace and tranquillity of heart is a great blessing; remember we find this peace and tranquillity only through remembrance of Allah who created us; hence we must always keep our tongue wet with the remembrance of Allah.

## Hadees

Hazrat Imran Ibn Hussain (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Allah loves the believer who is poor but refrains from begging though he has many children. (Ibn Majah)

Friends! This Hadees means that the person, who inspite of being poor and having more children does not beg but instead toils for a living, is very dear to Allah; hence we must always avoid seeking alms from others.

## Good Manners

Hazrat Ali (RA) said: Be gentle in friendship with your friends for it is possible that he could become your foe at a certain time; likewise be gentle in enmity with your friend for it is possible that he could turn your friend later.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔29......

## آیتِ شریفہ

سورۂ احزاب کی آیت نمبر 41 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

یَا اَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اذۡکُرُوا اللّٰهَ ذِکۡرًا کَثِیۡرًا.

اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کو خوب کثرت سے یاد کرو۔

دوستو! تم اپنے رب کو خوب یاد کرو۔ تم جتنا اپنے بھائی، بہن، ماں، باپ اور رشتہ دار وغیرہ کو یاد کرتے ہو اس سے زیادہ تم اس اللہ کو یاد کرو جس نے تم کو اپنی ہزاروں نعمتوں سے نوازا ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو کوئی مسلمان کسی ضرورتمند مسلمان کو لباس پہناتا ہے اللہ تعالیٰ اسے جنت کا نہایت نفیس سبز لباس پہنائے گا۔ (ابوداود)

دوستو! اگر ہم کسی غریب، مسکین اور محتاج کو دیکھیں کہ اس کے پاس اپنا جسم ڈھانکنے کے لئے کوئی کپڑا ٹھیک سے نہیں ہے تو ہم اس کے لئے کپڑوں کا نظم کریں۔ اگر ہم کسی ایسے شخص کو جس کو کپڑوں کی ضرورت ہو کپڑے پہنائیں گے تو اللہ تعالیٰ ہم کو جنت میں قیمتی اور بہترین قسم کا لباس پہنائیں گے۔

## آداب

دوستوں کے ساتھ وفاداری قائم کریں بے وفائی نہ کریں اور دوستوں کی بھلائی چاہیں، دوستوں کی عزت کا لحاظ رکھیں، بھرے مجمع میں دوستوں کو بے عزت نہ کریں، ہر ایک کی اپنی ایک عزت ہوتی ہے، اگر آپ آج اپنے دوست کو بے عزت کروگے تو کل کوئی آپ کو بھی بے عزت کرسکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 29

## Verse

In verse number 41 of Surah Ahzab, Allah (SWT) states:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا.

O you who believe! Remember Allah with much remembrance.

Friends! Remember your Lord a lot. Your Lord who has given you thousands of blessings, remember Him more than your brother, sister, mother, father and relatives.

## Hadees

Hazrat Abu Saeed (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: If a Muslim clothes another needy Muslim, Allah will clothe him with green garments of Paradise. (Abu Dawood)

Friends! If we find that a poor, needy and destitute is not having proper clothes to cover the body, we must arrange clothes for them. If we clothe someone who is in needs clothes, Allah will clothe us with luxurious and fine clothes in the Paradise.

## Good Manners

Be loyal to your friends and do not betray them and be good to them; uphold their dignity and do not insult them in gatherings; everyone has a prestige; if you insult your friend today, someone else would insult you tomorrow.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔30 ......

## آیت شریفہ

سورۂ اعراف کی آیت نمبر 180 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَ لِلّٰہِ الۡاَسۡمَاءُ الۡحُسۡنٰی فَادۡعُوۡہُ بِھَا.**

اور اللہ تعالیٰ کے اچھے اچھے نام ہیں پس تم انہی ناموں سے اللہ تعالیٰ کو پکارو۔

دوستو! تمہارا تو صرف ایک نام ہوتا ہے یا زیادہ سے زیادہ دو نام ہوتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ کے اچھے اچھے نام بہت سارے ہیں جیسے **اَلرَّحۡمٰن، الرَّحِیۡم، اَلۡغَفَّار، اَلسَّتَّار، اَلرَّءُوۡف، اَلۡعَلِیۡم،** وغیرہ۔ ہم اپنے اللہ کو یارحمٰن یارحیم، یاغفار، یاستار کہہ کر پکاریں جس سے اللہ تعالیٰ بہت خوش ہوں گے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو مسلمان کسی بھوکے مسلمان کو کھانا کھلائے گا اللہ تعالیٰ اسے کھانے کے لئے جنت کا پھل عطا فرمائے گا۔ (ابوداود)

دوستو! یاد رکھو! جب بھی تم کسی شخص کو دیکھو کہ وہ بھوکا ہے اس کے لئے جس قدر ممکن ہو کھانا کھلا دو، اگر تم کسی بھوکے کو دنیا میں کھانا کھلاؤ گے تو اللہ تعالیٰ جنت کے پھل تمہیں اس کے بدلہ میں عطا فرمائے گا۔

## آداب

دوستوں کے دکھ درد میں شریک رہیں، اگر تمہارا کوئی دوست کسی حادثہ کا شکار ہو جائے تو فوراً اس کی مزاج پرسی کیجئے، اس کی خدمت کے لئے تیار رہئے اور اگر دوست کسی مفلسی کا شکار ہو تو مالی طور پر اس کی مدد بھی کیجئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 30

## Verse

In verse number 180 of Surah Araaf, Allah (SWT) states:

وَ لِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا.

The most beautiful names belong to Allah: so call on him by them;

Friends! You have only one or at the most two names but Allah has many good names like Al-Rahman, Al-Raheem, Al-Gaffar, Al-Sattar, Al-Raoof, Al-Aleem etc. If we call our Allah as Ya-Rahman, Ya-Raheem, Ya-Gaffar, Ya-Sattar, He would be immensely pleased.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: If a Muslim feeds another Muslim, Allah will feed him with the fruits of Paradise. (Abu Dawood)

Friends! Remember! Whenever you find someone hungry, try to feed him in accordance with your capacity; if you feed a hungry in the world, Allah will bless with the fruits of Paradise in return.

## Good Manners

Share the sorrows of friends; if any of your friends meets with an accident, immediately enquire about him; be ready to serve him; if your friend faces financial difficulty, do help him.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔31......

## آیتِ شریفہ

سورۂ مومن کی آیت نمبر 60 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَقَالَ رَبُّکُمُ ادۡعُوۡنِیۡۤ اَسۡتَجِبۡ لَکُمۡ.**

اور تمہارے پروردگار نے فرمایا کہ مجھ کو پکارو میں تمہاری دُعا کو قبول کروں گا۔

دوستو! ہمیں ہر حال میں اپنے رب کو پکارنا چاہیئے، ہم امی اور ابو کو پکارنا جانتے ہیں، ہم بھائی اور بہن کو پکارنا جانتے ہیں لیکن اپنے رب کو پکارنا نہیں جانتے، یاد رکھو ہمارے رب ہم سے بہت قریب ہیں ہمیں اپنے رب کو پکارنا چاہیئے اور اسی سے ہر چیز مانگنا چاہیئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو مسلمان کسی پیاسے مسلمان کو پانی پلاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے نہایت ہی عمدہ شراب پینے کے لئے جنت میں عطا فرمائے گا۔(ابوداود)

دوستو! جب بھی تم کسی کو دیکھو کہ وہ پیاسا ہے، فوراً اس کے لئے پانی کا نظم کردو، اس کی پیاس کو بجھادو، یاد رکھو کہ اگر تم دنیا میں کسی کی پیاس بجھاؤ گے تو اللہ تعالیٰ جنت میں تمہارے لئے عمدہ شراب عطا کرے گا۔

## آداب

یاد رکھیں نرمی، خوش اخلاقی سے ہی آپس میں الفت ومحبت قائم ہوتی ہے، تمہیں ایسے دوست تیار کرنا چاہیئے جن کے ذریعہ ایک اچھی سوسائٹی اور ایک اچھا سماج قائم ہو، اگر تمہارے سامنے تمہارے کسی دوست پر ظلم ہو تو اس کی مدد کیجئے لیکن یہ بات یاد رہے کہ ظالم کے ساتھ انصاف بھی کیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 31

## Verse

In verse number 60 of Surah Momin, Allah (SWT) states:

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِىْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ.

And your Lord says: Call upon Me, and I will hear your prayer.

Friends! We must call upon our Lord in every situation. We know to call upon our parents, our siblings but we do not know to call upon our Lord; remember our Lord is very close to us; we must call upon our Lord and ask Him alone for everything.

## Hadees

Hazrat Abu Saeed (RA) has narrated that Messenger of Allah (SAW) has stated: A Muslim who serves water to another thirsty Muslim, Allah will grant him a fine wine to drink in Paradise. (Abu Dawood)

Friends! Whenever we find someone thirsty we must immediately arrange water for them and quench their thirst; remember that if you quench anyone's thirst in the world, Allah will grant you fine wine in the Paradise.

## Good Manners

Remember that love and affection are generated through gentleness and good conduct; you must make such friends that a good society is created; if you find any of your friend being oppressed, you must help him; but remember to be just with the oppressor too.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔32 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ نحل کی آیت نمبر 90 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**اِنَّ اللّٰہَ یَأْ مُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَ اِیْتَاءِ ذِی الْقُرْبٰی وَ یَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ.**

بیشک اللہ تعالیٰ اعتدال اور احسان اور اہلِ قرابت کو دینے کا حکم فرماتے ہیں اور کھلی برائی اور مطلق برائی اور ظلم کرنے سے منع فرماتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تم کو اس لئے نصیحت فرماتے ہیں کہ تم نصیحت قبول کرو۔

دوستو! ہمیں انصاف کرنا چاہیئے اور ایک دوسرے پر احسان کرنا چاہیئے اور اپنے رشتہ داروں کے ساتھ دینے دلانے کا معاملہ رکھنا چاہیئے اور ہر قسم کی برائی اور ظلم سے بچنا چاہیئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، ساری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسندیدہ وہ ہے جو اس کی مخلوق سے نیک سلوک کرتا ہے۔

دوستو! دنیا میں اللہ تعالیٰ نے جتنی مخلوقات پیدا کی ہیں ان سب کے ساتھ ہم اچھا سلوک کریں گے تو ہم اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ بندے بن جائیں گے۔

## آداب

اگر دوستوں کی جانب سے کوئی بات طبیعت اور مزاج کے خلاف ہو جائے تو اپنی زبان کو قابو میں رکھئے اور اس کے جواب میں سخت کلامی اور بدزبانی مت کیجئے بلکہ حکمت اور نرمی کے ساتھ اس بات کو ٹال دینے کی تدبیر کریں۔

بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 32

## Verse

In verse number 90 of Surah Nahl, Allah (SWT) states:

اِنَّ اللّٰہَ یَأْ مُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَ اِیْتَاءِ ذِی الْقُرْبٰی وَ یَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ.

Indeed, Allah orders justice and fairness and giving to relatives and forbids immorality and bad conduct and oppression. He admonishes you that perhaps you will be mindful.

Friends! We should do justice and fairness to one another and must have a giving attitude with relatives and must avoid all kinds of evil and injustice.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Masood (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: All creatures are Allah's family; and Allah loves most those who treat his family well and kindly.

Friends! If we are kind to all the creatures created by Allah in the world, we will become the most favoured bondsmen of Allah.

## Good Manners

If an issue against our nature and temperament is created by friends we must control ourselves and must avoid harsh and ill-speech in retaliation but instead try to resolve the matter with wisdom and gentleness.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔33

## آیتِ شریفہ

سورۃ الفجر کی آیت نمبر 17 میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ.**

تم لوگ یتیم کی کچھ قدر اور خاطر نہیں کرتے۔

دوستو! ہم میں بعض ایسے بچے بھی ہیں جو اپنے باپ سے محروم ہیں جن کو قرآن مجید نے یتیم کہا ہے اور قرآنِ مجید کی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ہم کو ڈانٹ پلائی ہے کہ تم لوگ یتیم کی کچھ قدر اور خاطر نہیں کرتے، ہمیں چاہئے کہ ہم یتیموں کی قدر کریں اور ان کا لحاظ اور اکرام کریں۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا لوگو! ربِّ رحمٰن کی عبادت کرو اور لوگوں کو کھانا کھلاؤ اور سلام کو خوب پھیلاؤ، تم جنت میں سلامتی کے ساتھ پہنچ جاؤ گے۔ (ترمذی)

دوستو! جنت میں آسانی کے ساتھ جانے کا اہم ترین راستہ یہ ہے کہ ہم اپنے رب کی عبادت کریں، مسکینوں محتاجوں کو کھانا کھلائیں، آپس میں ایک دوسرے کو خوب سلام کریں۔

## آداب

صحت اللہ تعالیٰ کی بڑی نعمت ہے اور یہ صحت اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی امانت بھی ہے، اس نعمت کی ہمیں قدر کرنی چاہئے اس لئے کہ ایک مرتبہ اگر ہماری صحت بگڑ گئی تو پھر بڑی مشکل سے یہ صحت بنتی ہے، اس لئے ہمیں اپنی صحت کا پورا پورا لحاظ رکھنا ضروری ہے، صحت کی تندرستی کے لئے ہمیں ہمیشہ خوش و خرم، ہشاش بشاش اور چاق و چوبند رہنا چاہئے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 33

## Verse

In verse number 17 of Surah Fajr, Allah (SWT) states:

كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمُ.

But you do not honour the orphan.

Friends! We have some children among us who have lost their father; they are addressed as orphan by the Quran. Through this verse of Quran, Allah has rebuked us that you do not value and honour the orphan; hence we must value the orphans and respect and honour them.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Omar (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: O people! Worship the Beneficent Lord, feed the people and spread salaam a lot; you shall enter Paradise peacefully. (Tirmizi)

Friends! The prominent way for an easy entry to the Paradise is that we worship the Lord, feed the poor and greet each other a lot with Salaam.

## Good Manners

Health is a blessing of Allah and it is trust given by Allah; we must value this blessing because once our health deteriorates, it is difficult to regain; hence we must take good care of our health; for good health we must always be happy, alert and active.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔34

## آیتِ شریفہ

سورۃ الانفطار کی آیت نمبر 13 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اِنَّ الۡاَبۡرَارَ لَفِیۡ نَعِیۡمٍ وَاِنَّ الۡفُجَّارَ لَفِیۡ جَحِیۡمٍ.**

**بیشک نیک لوگ نعمتوں میں ہوں گے اور بدکار لوگ دوزخ میں ہوں گے۔**

دوستو! اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہم کو اللہ تعالیٰ جنت عطا کرے تو ہمیں نیک اعمال کرنے ہوں گے اور اگر ہم برے اعمال کرتے رہیں گے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ ہم دوزخی ہو جائیں گے، اللہ تعالیٰ ہم کو جنت عطا فرمائے اور دوزخ سے بچائے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا اسلام میں کیا چیز زیادہ اچھی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا، ایک یہ کہ تم اللہ کے بندوں کو کھانا کھلاؤ، دوسرے یہ کہ جس سے پہچان ہے اس کو بھی اور جس سے پہچان نہیں اس کو بھی سلام کرو۔ (بخاری ومسلم)

دوستو! لوگوں کو کھانا کھلانا بہت بڑا ثواب ہے، اسی طرح سب کو سلام کرنا بھی نیک عمل ہے۔ان دونوں کاموں میں اپنے قدم آگے بڑھاؤ۔

## آداب

دوستو! آداب، ادب کی جمع ہے، اسلام نے ہم کو زندگی کے آداب سکھلائے ہیں۔ ہمیں ان آداب کو سیکھنا چاہیئے، جاننا چاہیئے اور ان آداب کو اپنی زندگی میں لانا چاہیئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 34

## Verse

In verse number 13 of Surah Al-Infitar, Allah (SWT) states:

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ.

Indeed, the righteous will be in pleasure, And indeed, the wicked will be in Hellfire.

Friends! If we want Allah to grant us Paradise, we have to do good deeds and if we continue to do evil deeds, we will be doomed to Hell; may Allah grant us Paradise and protect us from Hellfire.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Amr (RA) has narrated that a person asked the Messenger of Allah (SAW): What sorts of traits of Islam are good?" The Prophet replied, to feed the poor and greet those whom you know and those whom you do not know. (Bukhari & Muslim)

Friends! Remember that grief, anger, sorrow and worry, jealousy, hatred have negative impact on health; they also affect the digestive system and when the digestive system is affected, health is also affected; try to keep grief away, control anger, do not envy anyone and you will be healthy.

## Good Manners

Friends! Islam has taught us the etiquettes of life. We must learn, get acquainted with them and mould our lives accordingly.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔35 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ النبا کی آیت نمبر 9 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَجَعَلۡنَا نَوۡمَکُمۡ سُبَاتًا.**

اور ہم نے تمہارے سونے کو راحت کی چیز بنایا۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے رات بھی بنائی اور دن بھی بنایا، رات اس لئے بنائی تا کہ سو کر دن بھر کی تھکان دور کریں اور صبح سویرے اٹھ کر نماز فجر پڑھ کر اس رب کا شکرادا کریں جس نے رات کی نیند عطا کی، ہمیں راتوں میں جلد سو جانا چاہیئے، دیر تک کھیل کود کرنا، بے کار مشغلوں میں رہنا، آرام کی نیند سے محروم کر دیتا ہے، جس سے دوسرے دن کے کام، تعلیم سب متاثر ہوتے ہیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا لوگوں میں اللہ کے قرب اور اس کی رحمت کا زیادہ مستحق وہ بندہ ہے جو سلام کرنے میں پہل کرے۔ (مسند احمد)

دوستو! ہم سلام کرنے میں پہل کریں یعنی ہم کوشش اس بات کی کریں کہ دوسرے سلام کرنے سے پہلے ہم خود سلام کریں، جو لوگ ایسا کرتے ہیں وہ اللہ کی نزدیکی اور اس کی رحمت پا لیتے ہیں۔

## آداب

فجر سے پہلے اٹھنے کی عادت ڈالیں، زیادہ دیر تک سونا گھروں کی برکت کو ختم کر دیتا ہے، حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا **نَوۡمُ الصُّبۡحَۃِ یَمۡنَعُ الرِّزۡقَ** صبح کے وقت کا سونا روزی کو روکتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 35

## Verse

In verse number 9 of Surah An-Naba, Allah (SWT) states:

وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا.

And have made your sleep as a thing for rest.

Friends! Allah made the night and the day; He made night so that we may sleep and get relieved of the tiredness of the day and get up early next morning and offer Fajr and thank the Lord who granted sleep at night; we should sleep early at night; playing late in the night, indulging in worthless activities deprives us of comfortable sleep that affect the work and education of the next day.

## Hadees

Hazrat Abu Amama (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: The one who is closest of people to Allah and more deserving of mercy is the one who initiates the greeting of Salam. (Musnad Ahmad)

Friends! We must initiate Salaam i.e. we must try to greet with Salaam before others greet us; those who practice this are closer to Allah and gain His Mercy.

## Good Manners

Make a habit of getting up before Fajr; sleeping longer eliminates blessing from homes; the Prophet (SAW) said: نَوْمُ الصُّبْحَةِ يَمْنَعُ الرِّزْقَ Sleeping in the morning blocks provision.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔36......

## آیتِ شریفہ

سورۂ دھر کی آیت نمبر 8 میں اللہ تعالیٰ نے صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کی شان بتلائی ہے:

**وَیُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّہٖ مِسۡکِیۡنًاوَّ یَتِیۡمًاوَّ اَسِیۡرًا۔**

اور وہ لوگ محض اللہ کی محبت میں غریبوں، یتیموں اور قیدیوں کو کھانا کھلاتے ہیں۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے جو کچھ ہمیں دیا ہے وہ صرف ہمارے کھانے کیلئے نہیں ہے بلکہ ہمیں کھانا بھی ہے اور دوسروں کو کھلانا بھی ہے۔ صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم مسکینوں، یتیموں اور قیدیوں کو کھانا کھلاتے تھے۔

## حدیثِ شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بیٹا! جب تم اپنے گھر والوں کے پاس جاؤ تو سلام کرو یہ تمہارے لئے باعثِ برکت ہوگا اور تمہارے گھر والوں کے لئے بھی۔ (ترمذی)

دوستو! ہم جب بھی اپنے گھر میں داخل ہوں چاہے اسکول سے گھر جائیں، چاہے مسجد سے گھر جائیں، چاہے بازار سے گھر جائیں، جب بھی ہم اپنے گھر میں جائیں تو گھر میں موجود تمام لوگوں کو سلام کریں اس سے گھروں میں برکت آتی ہے۔

## آداب

دوستو! سونے اور جاگنے کا ٹائم ٹیبل بنالیجئے ، وقت پر سونے اور وقت پر اٹھنے کا اہتمام کیجئے ، اتنا سوئیے کہ جسم کو آرام وسکون مل جائے اور اتنا زیادہ مت سوئیے کہ جسم میں سستی اور کاہلی پیدا ہو جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 36

## Verse

In verse number 8 of Surah Dahr, the glory of the Companions (RA) has been stated:

وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًاوَّ يَتِيْمًاوَّ اَسِيْرًا.

And they feed, for the love of Allah, the poor, the orphan, and the captive

Friends! Whatever Allah has given is not just for our consumption alone but we too must eat it and feed others too. The Companions (RA) used to feed the poor, the orphans and prisoners.

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that Messenger of Allah (SAW) has stated: My son, greet your family when you enter your home, for that is a blessing for you and your family. (Tirmizi)

Friends! Whenever we enter our home- whether from school or mosque or from the market- we must say Salaam to all the people present in the house; this act brings blessings to the homes.

## Good Manners

Friends! Prepare a timetable for sleeping and waking up; make a habit of sleeping and getting up on time; sleep as much as it provides rest and relaxation to the body; excessive sleep makes the body lethargic and lazy.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔37......

## آیتِ شریفہ

سورۂ مزمل کی آیت نمبر 20 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَمَا تُقَدِّمُوۡا لِاَنۡفُسِكُمۡ مِّنۡ خَيۡرٍ تَجِدُوۡهُ عِنۡدَاللّٰهِ هُوَخَيۡرًا وَ اَعۡظَمَ اَجۡرًا.**

اور جو نیک عمل اپنے لئے آگے بھیج دو گے اس کو اللہ کے پاس پہنچ کر اس سے اچھا اور ثواب میں بڑا پاؤ گے۔

دوستو! ہم جو کچھ نیک عمل کرتے ہیں یہ اللہ کے پاس ہم سے پہلے پہنچ جاتا ہے پھر جب ہم اس دنیا سے چلے جائیں گے تو اللہ تعالیٰ کے پاس ان اچھے کاموں کا اجر اور ثواب ضرور پائیں گے۔

## حدیثِ شریف

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، جب تم کسی گھر میں جاؤ تو گھر والوں کو سلام کرو اور پھر جب گھر سے نکلو اور جانے لگو تو وداعی سلام کر کے نکلو۔ (بیہقی)

دوستو! اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب گھر میں داخل ہوں جب بھی سلام کریں اور جب گھر سے نکلیں تو نکلتے وقت بھی گھر والوں کو سلام کر کے نکلیں۔

## آداب

روزانہ صبح چمن یا میدان میں ٹہلنے کی عادت ڈالئے اور تفریح کرنے کے لئے نکل جایئے، صبح کی تازہ ہوا صحت پر بہت اچھا اثر ڈالتی ہے اور اپنی جسمانی قوت کے لحاظ سے ہلکی پھلکی ورزش بھی کیجئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 37

## Verse

In verse number 20 of Surah Muzammil, Allah (SWT) states:

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَاللّٰه هُوَخَيْرًا وَ اَعْظَمَ اَجْرًا.

And whatever good you put forward for yourselves - you will find better and greater in reward with Allah.

Friends! The good deeds we do are presented to Allah; when we leave this world, we shall receive divine reward for our good deeds.

## Hadees

Hazrat Qatadah (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: When you go to someone's house say Salaam and when you are leaving, leave with the farewell Salaam. (Baihaqi)

Friends! Through this Hadees, we learn that we must say Salaam to the people of the house when we enter the house as well as when we are getting out of the house.

## Good Manners

Make a daily habit of setting out for a walk in a garden or ground; the fresh air of morning has a tremendous impact on health; do a little bit of exercise in accordance with physical strength.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔38......

## آیتِ شریفہ

سورۂ نوح کی آیت نمبر 10 میں حضرت نوح علیہ السلام کی اس نصیحت کو بیان کیا گیا ہے:

فَقُلۡتُ اسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّكُمۡ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُرۡسِلِ السَّمَآءَ عَلَيۡكُمۡ مِّدۡرَارًا.

پس میں نے قوم سے کہا کہ تم اپنے رب سے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگو بیشک اللہ گناہوں کو معاف کرنے والا ہے وہ آسمان سے موسلا دھار بارش برسائے گا۔

دوستو! اس آیت سے معلوم ہوا کہ جب ہم اپنے گناہوں سے توبہ کریں گے تو اللہ تعالیٰ آسمان سے اپنی مدد کے دروازے کھولیں گے اور بارش برسائیں گے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی کسی مجلس میں پہنچے تو چاہئے کہ پہلے مجلس والوں کو سلام کرے۔ پھر بیٹھنا مناسب سمجھے تو بیٹھ جائے پھر جانے لگے تو پھر سلام کرے۔ (ترمذی)

دوستو! اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب ہم کسی ایسی جگہ پہنچیں جہاں لوگ بیٹھے ہوئے ہوں تو سب سے پہلے اس مجلس میں بیٹھے ہوئے لوگوں کو سلام کریں اور جب مجلس سے اٹھ کر جانے لگیں تو پھر سلام کر کے مجلس سے نکلیں۔

## آداب

عشاء کی نماز کے بعد جلد سونے کی فکر کریں، راتوں میں دیر تک باتیں کرنا گپ شپ کرنا اور رات دیر گزرنے کے بعد سونا بری بات ہے، ہمارے نبی ﷺ نے اس سے منع کیا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 38

## Verse

In verse number 10 of Surah Nuh, the advice of Hazrat Nuh (AS) has been stated that:

فَقُلۡتُ اسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّكُمۡ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُرۡسِلِ السَّمَآءَ عَلَيۡكُمۡ مِّدۡرَارًا.

Then I said: Ask forgiveness of your Lord, surely He is the most Forgiving, He will send rain from the sky upon you in abundance.

Friends! Through this verse it is known that when we repent of our sins, Allah will open His doors of mercy from the sky and shower rains.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: When anyone of you comes to a gathering say Salaam. Then if you desire sit down else say Salaam again to the gathering and leave. (Tirmizi)

Friends! Through this Hadees it is known that when we go a place where people are gathered, we must say Salaam before joining the gathering and before leaving the gathering too we must say Salaam and then leave.

## Good Manners

Try to sleep early after Isha prayers; it is a bad thing to indulge in talks and gossips till late in the night and then sleep; our Prophet (SAW) has forbidden it.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# سبق نمبر۔39

## آیتِ شریفہ

سورۃ الحاقہ کی آیت نمبر 48 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَاِنَّهٗ لَتَذۡكِرَةٌ لِّلۡمُتَّقِيۡنَ.**

اور بلاشبہ یہ قرآن متقیوں کیلئے نصیحت ہے۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب قرآنِ مجید میں ہم سب کیلئے ایسی نصیحت کی باتیں اتاری ہیں کہ جن باتوں پر ہم عمل کریں تو ہم ایک اچھے انسان اور سچے مسلمان بن جائیں، اس نصیحت نامہ کو سینے سے لگاؤ اور روزانہ اس میں موجود نصیحتوں کو پڑھو۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا چھوٹا بڑے کو سلام کیا کرے اور راستہ سے گزرنے والا اور چلنے والا بیٹھے ہوؤں کو سلام کیا کرے اور تھوڑے آدمی زیادہ آدمیوں کی جماعت کو سلام کریں۔

دوستو! اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہر چھوٹا بڑے کو سلام کرنا چاہئے اور اگر ہم راستہ چل رہے ہوں تو جتنے لوگ بیٹھے ہوئے نظر آئیں انکو بھی سلام کریں۔

## آداب

گناہوں سے بچو! اس لئے کہ گناہوں کے تین نقصانات ہیں، گناہوں کا پہلا نقصان یہ ہے کہ آدمی کے چہرہ کی رونق اور کشش چلی جاتی ہے، دوسرا نقصان یہ ہے کہ آدمی پر فقر و افلاس کی مصیبت نازل ہوتی ہے، تیسرا نقصان یہ ہے کہ عمر کی برکت ختم ہو جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰه الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 39

## Verse

In verse number 48 of Surah Al-Haqqah, Allah (SWT) states:

وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ.

And indeed, the Quran is a reminder for the righteous.

Friends! Allah has revealed such words of advice for all of us in his last book, the Quran that by following them we shall become good humans and true Muslims; hold fast to this book of advice and daily read the advices present in it.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: A younger person should say Salaam to an elder person, a by-passer to a seated person and a small group of people to a larger group.

Friends! Through this Hadees it is known that every younger person must greet the elder one and if we are on the way, we must greet those whom we find sitting.

## Good Manners

. Refrain from sins! Because there are three types of losses due to sin, the first loss is that the glow and attraction of human face fades away; the second loss is that a person is afflicted with poverty and misery and the third loss is the reduction of lifespan.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔40 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ طلاق کی آیت نمبر 2 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًا وَّیَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ لَایَحۡتَسِبُ.**

اور جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے نجات کی شکل نکال دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے رزق پہنچاتا ہے جہاں اس کا گمان بھی نہیں ہوتا۔

دوستو! زندگی کی مشکلات سے نجات پانے کا فارمولہ یہ ہے کہ ہم اپنی زندگی میں تقویٰ اختیار کریں، جب ہم اللہ تعالیٰ سے ڈریں گے اور متقی ہوجائیں گے تو اللہ تعالیٰ ہماری مشکلات سے ہمیں نجات دیں گے اور ہم کو ایسا رزق عطا کریں گے کہ ہم کو وہم وگمان بھی نہیں ہوگا۔

## حدیثِ شریف

حضرت مقداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ رات کو اصحابِ صفہ کے پاس تشریف لائے تو آپ اس طرح آہستہ اور احتیاط سے سلام کرتے کہ سونے والے نہ جاگتے اور جاگنے والے سن لیتے۔

دوستو! جب ہم کسی ایسی جگہ جائیں جہاں کوئی سو رہا ہو تو اس قدر بلند آواز سے سلام نہ کریں کہ سونے والے کی نیند میں خلل ہو، ایسی جگہ اس طرح سلام کریں کہ اگر جاگ رہے ہوں تو سلام کی آواز سن لیں اور اگر سو رہے ہوں تو ان کی نیند میں خلل نہ ہو۔

## آداب

ہر کام میں سادگی اور اعتدال کا رویہ رکھنا چاہیے۔ جسمانی محنت میں بھی اعتدال رکھیں، حد سے زیادہ محنت بھی نقصاندہ ہوتی ہے۔ کھانے میں پینے میں بھی اعتدال رکھیں، زیادہ کھانا بھی آدمی کو بیمار بنادیتا ہے اور کم کھانا بھی کمزور بنادیتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 40

## Verse

In verse number 2 of Surah Talaq, Allah (SWT) states:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَايَحْتَسِبُ.

And whoever fears Allah, He will make a way out for him, And will provide sustenance for him from where he does not expect.

Friends! The formula to rid of the troubles of life is that we adopt piousness in our lives; when we fear Allah and become pious, He will save us from our troubles and will provide provision from where we would have not even imagined.

## Hadees

Hazrat Miqdad (RA) has narrated that when the Messenger of Allah (SAW) came at night he would greet us with a voice loud enough for those awake to hear, without disturbing those who were asleep.

Friends! When we go a place where someone is sleeping we must not say Salaam loudly and disturb the sleep of the sleeping person; at such places we must say Salaam in such a way those who are awake could hear it and those who are sleeping are not disturbed.

## Good Manners

We must adopt an approach of simplicity and moderation in each work. Have moderation in physical effort; extreme hard work is harmful. Have moderation in eating and drinking too; excess food makes a person sick while less intake of food makes him weak.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# سبق نمبر۔ 41

## آیتِ شریفہ

سورۂ تغابُن کی آیت نمبر 16 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسۡتَطَعۡتُمۡ وَاسۡمَعُوۡا وَاَطِيۡعُوۡا.**

جہاں تک ہو سکے تم اللہ سے ڈرتے رہو اور اس کے حکموں کو سنو اور مانو۔

دوستو! ہمیں اپنی زندگی میں اس بات کی پوری پوری کوشش کرنی چاہئے کہ ہم جہاں تک ہو سکے اللہ تعالیٰ سے ڈریں اور اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کا مطلب اس کے احکامات کو غور سے سنیں اور ان احکامات پر عمل کریں۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ سلام کی تکمیل مصافحہ سے ہے۔(ترمذی)

دوستو! جب ہم کسی کو سلام کریں تو موقع اگر ہو تو مصافحہ بھی کرلیں اس لئے کہ سلام مکمل ہوتا ہے مصافحہ سے۔

## آداب

کھانا ہمیشہ وقت پر کھانا چاہئے اس سے معدہ کا نظام درست رہتا ہے۔ پیٹ بھر کر کھانا درست نہیں ہے ہر وقت منہ چلاتے رہنے سے بھی پرہیز کرنا چاہئے، حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا مومن ایک آنت میں کھاتا ہے، ہماری صحت کا دارومدار معدہ کی صحت پر ہے اور زیادہ کھانے سے معدہ خراب ہو جاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 41

## Verse

In verse number 16 of Surah Taghabun, Allah (SWT) states:

فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا.

So fear Allah as best as you can and listen and obey.

Friends! We should all try to cultivate the fear of Allah in our lives; fear of Allah implies that we listen carefully to the commands of Allah and follow them.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Masood (RA) has narrated that Messenger of Allah (SAW) has stated: Salaam is completed with a handshake. (Tirmizi)

Friends! When we say Salaam to someone we must have a handshake too if the occasion permits; Salaam is complete with a handshake.

## Good Manners

Food must be taken on time because it regulates the digestive system. It is not proper to eat a stomach-full. One must also avoid eating all the time. The Prophet (SAW) said: A Believer eats in one intestine. Our overall health depends on the health of our stomach; eating a lot causes damage to the digestive system.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔42 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ جمعہ کی آیت نمبر 9 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**یَا اَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا اِذَا نُوۡدِیَ لِلصَّلٰوۃِ مِنۡ یَّوۡمِ الۡجُمُعَۃِ فَاسۡعَوۡا اِلٰی ذِکۡرِ اللّٰہِ وَذَرُوا الۡبَیۡعَ.**

اے ایمان والو! جب جمعہ کے روز نماز جمعہ کے لئے اذان کہی جائے تو تم اللہ کی یاد یعنی نماز اور خطبہ کی طرف فوراً چل پڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دیا کرو۔

دوستو! جمعہ کی نماز کے وقت کاروبار یا دوسری مشغولیات میں مصروف رہنا درست نہیں ہے، یہ نماز جمعہ کا وقت ہے، کاروبار بند کر دینا واجب ہے اور نماز جمعہ کے لئے مسجد کی طرف فوراً چل پڑنا ضروری ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب دو مسلمانوں کی ملاقات ہو اور وہ مصافحہ کریں اور اس کے ساتھ اللہ کی حمد اور اپنے لئے مغفرت طلب کریں تو ان کی مغفرت ہو ہی جائے گی۔ (ابوداود)

دوستو! آپس میں ایک دوسرے سے مصافحہ کرنے سے ہمارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اس لئے کثرت سے مصافحہ کرنا چاہیئے۔

## آداب

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، ایک آدمی کا کھانا دو آدمیوں کے لئے کافی ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ جس مقدار میں کھانے سے آدمی سیر ہو کر اور پیٹ بھر کر کھاتا ہے اتنے کھانے کو اگر دو آدمی کھالیں تو برابر ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰه الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 42

## Verse

In verse number 9 of Surah Juma, Allah (SWT) states:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا نُوْدِىَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِاللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ.

O you who believe! When Azaan is called for the prayer on the day of Friday, proceed to the remembrance of Allah and leave trade.

Friends! It is not proper to be engaged in trade and other activities at the time of Friday prayer; when it is time for Friday prayer, it is obligatory to stop trade and proceed to the mosque.

## Hadees

Hazrat Bara Bin Azib (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: If two Muslims meet, shake hands, praise Allah, and ask Him for forgiveness, they will be forgiven. (Abu Dawood)

Friends! Our sins are forgiven upon handshake; hence we must practice it often.

## Good Manners

The Prophet (SAW) said: The food for one person is sufficient for two; this means that the quantity of food that a person consumes to fill his stomach is sufficient to relieve the hunger of two persons.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ...... سبق نمبر۔43 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 9 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الۡمُقۡسِطِيۡن.**

بے شک اللہ تعالیٰ انصاف کا برتاؤ کرنے والوں سے محبت رکھتے ہیں۔

دوستو! اگر تم چاہتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے تو تمہیں اپنی زندگی میں ہر ایک کے ساتھ انصاف کا برتاؤ کرنا چاہئے، انصاف کا مطلب یہ ہے کہ سب کے ساتھ برابری کا برتاؤ کرو، اپنے گھر میں اپنی بہنوں اور بھائیوں کے درمیان بھی تمہیں انصاف کا برتاؤ کرنا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عطاء خراسانی تابعی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم ایک دوسرے سے مصافحہ کیا کرو اس سے کینہ دور ہوتا ہے اور آپس میں ایک دوسرے کو ہدیہ دیا کرو اس سے تم میں محبت پیدا ہوگی اور دلوں سے دشمنی دور ہوگی۔ (موطا امام مالک)

دوستو! دلوں کے کینہ کو دور کرنے اور آپس کی دشمنی کو ختم کرنے کا بہترین فارمولہ یہ ہے کہ ہم ایک دوسرے سے مصافحہ کریں۔

## آداب

ہمیشہ سادہ کھانا کھائیں، چکنی چیزیں اور مرغن چیزیں ہمیشہ کھائیں گے تو بیمار ہو جائیں گے، مسالوں، چٹخاروں اور ضرورت سے زیادہ لذت کی چیزوں سے پرہیز کریں، کم مسالہ والے کھانے زیادہ استعمال کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 43

## Verse

In verse number 9 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْن.

Indeed, Allah loves those who act justly.

Friends! If you want Allah to love you, you should behave justly with everyone in your life; justice implies that we treat everyone equally; you must behave justly with your brothers and sisters at home.

## Hadees

Hazrat Ata Khurasani Tabai has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Do handshake, it will remove hatred; give gifts to each other, this will make you love one another. (Muwatta Imam Malik)

Friends! The best formula to eliminate malice of the hearts and mutual hatred is that we have handshake with each other.

## Good Manners

Always have simple food; always eating oily and heavy foods makes us sick; avoid spicy and excessive delightful foods; eat less spicy foods.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# ...... سبق نمبر۔44 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 10 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ.

بیشک سارے ہی مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں تم اپنے بھائیوں کے درمیان اصلاح کردیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو تا کہ تم پر رحمت کی جائے۔

دوستو! ہم سب مسلمانوں کے درمیان بھائی بھائی کا رشتہ ہے ہمیں اس رشتہ کا لحاظ رکھنا چاہیئے امیر غریب، کالے گورے، چھوٹے بڑے، سب کے سب آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا بھوکوں کو کھانا کھلاؤ، بیماروں کی خیر لو اور قیدیوں کو رہائی دلانے کی کوشش کرو۔ (بخاری)

دوستو! ہم اگر کوشش کریں تو کسی بھوکے کی بھوک مٹ سکتی ہے اور اگر کوشش کریں تو کسی بیمار کو تسلی بھی مل سکتی ہے اور اس کا غم اور رنج ہلکا ہوسکتا ہے۔

## آداب

جو محنت و مشقت سے خوب محنت کرتا ہے اور ذوق وشوق سے تعلیم حاصل کرتا ہے، کامیابی اس کے قدم چومتی ہے، ہم اپنی زندگی میں ہار ماننے کے لئے تیار نہ ہوں اور نہ مایوسی کا شکار ہوں، ہمیں پوری ہمت کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیئے اور سخت سے سخت حالات کا مقابلہ کرنے کی بھی ہمیں اپنے اندر طاقت پیدا کرلینی چاہیئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 44

## Verse

In verse number 10 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ.

The believers are nothing else than brothers. So make reconciliation between your brothers, and fear Allah, that you may receive mercy.

Friends! We all Muslims have a brotherly relationship and we must maintain this relationship, rich and poor, black and white, big and small, all are brothers to one another.

## Hadees

Hazrat Abu Moosa Ashari (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Feed the hungry, visit the sick, and make efforts to set the captives free. (Bukhari)

Friends! If we make efforts, we could eliminate the hunger of a hungry person and if we must make efforts to comfort a sick and lighten his grief and sorrow.

## Good Manners

. The one who works hard a lot and studies with enthusiasm becomes successful; we must never give up in life and must neither be frustrated; we must move forward courageously and must face difficult circumstances with inner courage.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ......سبق نمبر۔45......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 11 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

يَاۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا يَسۡخَرۡ قَوۡمٌ مِّنۡ قَوۡمٍ عَسٰۤى اَنۡ يَّكُوۡنُوۡا خَيۡرًا مِّنۡهُمۡ

اے ایمان والو! کوئی بھی شخص کسی بھی شخص پر نہ ہنسے عین ممکن ہے کہ جس کا مذاق اڑایا جارہا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس شخص سے زیادہ اچھا ہو جو مذاق اڑا رہا ہے۔

دوستو! ہمیں ایک دوسرے پر ہنسنا اور ایک دوسرے کا مذاق اڑانے سے بچنا چاہیۓ ہوسکتا ہے کہ جس کا مذاق اڑا رہے ہیں وہ ہم سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو پسند ہو۔

## حدیثِ شریف

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا جو آدمی تھوڑی سی روزی پر راضی ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے تھوڑے سے عمل سے راضی ہو جاتا ہے۔

## آداب

حضور ﷺ پر کثرت سے درود شریف پڑھیں، دور دِ شریف کیلئے ایک وقت مقرر کرلیں اور خاص مقدار میں پڑھنے کی عادت ڈالیں، کثرت سے درود شریف پڑھنے سے حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 45

## Verse

In verse number 11 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا یَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ یَّكُوْنُوْا خَیْرًا مِّنْهُمْ

O you who believe! Let not some men among you laugh at others: It may be that the latter are better than the former.

Friends! We must not laugh at and make fun of one another; it is possible that the one whose fun we are making might be dearer to Allah than us.

## Hadees

Hazrat Ali (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: A person who is content with a little provision, Allah will be pleased with his fewer deeds.

## Good Manners

Recite Durood-e-Sharif on the Prophet (SAW) frequently; set aside a time for Durood-e-Sharif and make a habit to recite it in a specific figure; by reciting Durood-e-Sharif frequently we shall be blessed with the Ziyarat of the Prophet (SAW).

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# ...... سبق نمبر۔46 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حشر کی آیت نمبر 18 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اتَّقُوا اللّٰه وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَد.

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص دیکھ بھال لے کہ کل قیامت کے دن کے واسطے کیا ذخیرہ بھیجا ہے۔

دوستو! ہم کو اس دنیا سے ایک نہ ایک دن جانا ہے۔ اس بات پر غور کرنا ہے کہ ہم نے آخرت کیلئے کیا توشہ تیار کیا ہے؟ آخرت کا توشہ یہی عبادت ہے، خدمت ہے۔

## حدیثِ شریف

حضور ﷺ جب راستہ چلتے تو دائیں بائیں نہیں دیکھتے تھے۔ (حاکم)

دوستو! جب ہم اسکول سے گھر جائیں یا گھر سے اسکول جائیں یا جہاں کہیں بھی چلیں پھریں ہمیں دائیں بائیں نہیں دیکھنا چاہیئے بلکہ سامنے دیکھ کر چلنا چاہیئے۔ یہ ہے وہ طریقہ جو ہمارے نبی ﷺ نے ہمیں سکھایا ہے۔

## آداب

جب ہمارے ہاں کوئی مہمان آئیں اور ان کیلئے دسترخوان بچھائیں اور وہ کھا رہے ہوں تو ان کی خاطر مدارات کریں، ان سے بار بار کہیں کہ اور کھایئے۔ رسول اللہ ﷺ کے دسترخوان پر جب کوئی مہمان ہوتا تو آپ ﷺ بار بار اس سے فرماتے جاتے کھایئے اور کھایئے۔

بِسْمِ اللّٰه الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 46

## Verse

In verse number 18 of Surah Hashr, Allah (SWT) states:

يَاأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اتَّقُوا اللّٰه وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَد.

O you who believe! Fear Allah, and let every person take into account what he has forwarded for tomorrow,

Friends! We have to leave this world one day. We must take into account as to what we have accumulated for the Hereafter. Worship and service are the accumulations for the Hereafter.

## Hadees

While walking, the Prophet (SAW) would not look to the right or left (Hakim)

Friends! Whenever we travel from the school to home or from the home to school or anywhere, we must not see to the left or right but must look forward. This is the way that our Prophet (SAW) taught us.

## Good Manners

When guests arrive we must spread a dining-cloth for them and when they are eating we must serve them; we must urge them frequently to have more food. Whenever there had been a guest over the dining-cloth of the Prophet (SAW), he urged them frequently to eat more.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔47 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ مجادلہ کی آیت نمبر 13 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**فَاَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَ اٰتُوا الزَّکٰوۃَ وَاَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَ رَسُوۡلَہٗ وَاللّٰہُ خَبِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ.**

پس تم نماز کے پابند رہو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ اور اس کے رسول کا کہنا مانو اور اللہ تعالیٰ کو تمہارے سب اعمال کی پوری خبر ہے۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں ہم کو تین کاموں کا حکم دیا ہے، ایک یہ کہ ہم نماز کو قائم رکھیں یعنی پانچ وقت کی نمازیں پابندی کے ساتھ ادا کریں' دوسرے یہ کہ اپنے مال کی زکوٰۃ دیں' تیسرے یہ کہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کریں کہ اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول ﷺ نے جن کاموں کا حکم دیا ہے ان کاموں کو کریں اور جن کاموں سے روکا گیا ہے ان سے رک جائیں اسی کو اطاعت کہتے ہیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت براء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسولِ رحمت ﷺ جس وقت آرام فرماتے اپنا سیدھا ہاتھ سیدھے رخسار کے نیچے رکھتے اور یہ دعاء پڑھتے، **رَبِّ قِنِیۡ عَذَابَکَ یَوۡمَ تَبۡعَثُ عِبَادَکَ** اے میرے رب! تو مجھے اپنے عذاب سے بچالے جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔

## آداب

کھانا کھاتے ہوئے خوشی کا ماحول پیدا کرنا چاہئے، کھاتے ہوئے نفرت کی باتیں کرنا، غصہ کرنا، آگ بگولہ ہونا، بڑبڑانا اور بیماری کی باتیں کرنا اور ایسی باتیں کرنا جن سے گھن آئے بالکل درست نہیں ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 47

## Verse

In verse number 13 of Surah Mujadila, Allah (SWT) states:

فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ ۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ.

Then establish prayer and give Zakat and obey Allah and His Messenger. And Allah is Aware of what you do.

Friends! Allah has commanded us three things in this verse, one that we keep up the prayers i.e. offer Namaz regularly five times; second that we pay Zakat on our wealth and third that we obey Allah and His Messenger (SAW) and do those deeds that the Prophet (SAW) has commanded and refrain from those that he has prohibited.

## Hadees

Hazrat Bara (RA) has narrated that when Messenger of Allah (SAW) wanted to go to sleep; he put his right hand under his right check and recited the dua: رَبِّ قِنِىْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ O Allah, guard me from your punishment on the day when you raise up your servants.

## Good Manners

A pleasant atmosphere should be created while eating; things of hatred must not be said while eating; it is absolutely not correct to be angry, furious, mumble and discuss nasty things while eating.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔48

## آیتِ شریفہ

سورۂ حدید کی آیت نمبر 29 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَاَنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِاللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَاءُ وَاللّٰہُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ.**

اور یہ کہ فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جس کو چاہے دے دے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

دوستو! ہمارے ہر کام اللہ کے فضل و کرم سے پورے ہوتے ہیں اور اللہ بڑے فضل والے ہیں، وہ اپنا فضل اپنے بندوں میں سے جس پر کرنا چاہتے ہیں کرتے ہیں، اسی لئے اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل مانگتے رہنا چاہیئے۔

## حدیثِ شریف

حضور ﷺ بچوں پر بہت شفقت فرماتے تھے، ان سے محبت کرتے تھے، ان کے سر پر ہاتھ پھیرتے تھے، ان کو پیار کرتے تھے، ان کے حق میں دعائے خیر کرتے تھے، بچے اگر قریب آتے تو ان کو گود میں لیتے تھے، بڑی محبت سے انہیں کھلاتے تھے۔ (فضائل نبوی)

## آداب

جب رات کا کھانا کھائیں تو کھاتے ہی سونا نہیں چاہیئے بلکہ رات کا کھانا کھانے کے بعد تھوڑی دیر چہل قدمی کرنا چاہیئے اور کھانا کھاتے ہی فوراً کوئی سخت قسم کا دماغی یا جسمانی کام بھی نہیں کرنا چاہیئے۔

**مسجد سے نکلنے کی دعاء**

**اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ وَرَحۡمَتِکَ.**

اے اللہ! میں آپ سے آپ کا فضل اور آپ کی رحمت مانگتا ہوں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 48

## Verse

In verse number 29 of Surah Hadeed, Allah (SWT) states:

وَاَنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِاللّٰهِ یُؤۡتِیۡهِ مَنۡ یَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُوالۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ.

And that all bounty is in the hand of Allah; He gives it to whom He wills. And Allah is the possessor of great bounty.

Friends! All our works are accomplished by the grace and mercy of Allah and Allah is most merciful; He favours any of His bondsmen He desires; hence we must seek Allah's favour.

## Hadees

Prophet (SAW) loved children a lot; he adored them; he spread his hands over their heads; he prayed for their wellbeing; if they came near he would make them sit in his lap; he fed them with love (Fazail-e-Nabvi)

## Good Manners

You must not sleep immediately after dinner but must instead go for a little walk and must not indulge in strenuous physical or mental activity after dinner.

Dua while getting out of mosque:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ وَرَحۡمَتِکَ.

Oh Allah! I seek from You, Your Bounty and Your Mercy.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔49

## آیتِ شریفہ

سورۂ مجادلہ کی آیت نمبر 7 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیۡئٍ عَلِیۡمٌ.

بیشک اللہ تعالیٰ کو ہر بات کی پوری خبر ہے۔

دوستو! ہم زبان سے جو کچھ کہتے ہیں، آنکھوں سے جو کچھ دیکھتے ہیں، کانوں سے جو کچھ سنتے ہیں، قدموں سے جہاں جہاں چلتے ہیں، ہاتھوں سے جو کام بھی کرتے ہیں، ان سب باتوں کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے۔ اس لئے ہر اچھے کام کے کرتے ہوئے خوش ہونا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے اچھے کام کو دیکھ لیا اور ہر برا کام کرتے ہوئے ڈرنا چاہیئے کہ ہمارا رب ہمارے اس کام کو دیکھ رہا ہے۔

## حدیثِ شریف

حضور ﷺ ٹیک لگا کر کھانا نہیں کھاتے تھے، آپ ﷺ فرماتے تھے میں بندہ ہوں اور بندوں کے مانند بیٹھتا ہوں اور ایسے ہی کھاتا ہوں جیسے بندے کھاتے ہیں۔ (زادالعاد)

ہم دیکھتے ہیں کہ بعض بچے ٹیک لگا کر مستی کرتے ہوئے کھاتے ہیں، یہ طریقہ ہمارے رسول ﷺ کا نہیں ہے، ہمارے رسول ﷺ جب کھاتے تھے تو ٹیک لگا کر نہیں کھاتے تھے۔

## آداب

اللہ تعالیٰ نے ہمیں جو آنکھیں دی ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے، ہمیں اپنی آنکھوں کی حفاظت کا پورا پورا خیال رکھنا چاہیئے۔ یاد رکھیں تیز روشنی سے اپنی آنکھیں نہیں لڑانا چاہیئے، سورج کی طرف نگاہ جما کر بھی نہ دیکھیں۔ زیادہ مدھم یا زیادہ تیز روشنی میں بھی نہ پڑھیں، درمیانی روشنی میں پڑھنا چاہیئے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 49

## Verse

In verse number 7 of Surah Mujadila, Allah (SWT) states:

اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ.

Surely Allah has full knowledge of all things.

Friends! Allah is aware of whatever we speak with our tongue, that we see with our eyes, what we hear with our ears; wherever we go with our legs and the things we do with our hands. Hence while doing good deeds we must be glad that Allah is seeing them and while doing bad deeds must fear that Allah is watching them.

## Hadees

The Prophet (SAW) never ate food reclining; He (SAW) used to say: I am a bondsman and sit like a bondsman and eat food like a bondsman. (Zaad-ul-Maad)

We find that a few children eat food reclining in a casual way; this is not the procedure of our Prophet (SAW); when the Prophet (SAW) used to have food, he did not recline.

## Good Manners

The eyes that Allah gave us are a great blessing; we must take utmost care of our eyes. Remember to protect eyes from bright light; never look at the sun directly. Do not study in too little or too-bright light but instead in a moderate light.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔50......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حدید کی آیت نمبر 7 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**فَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا مِنۡکُمۡ وَ اَنۡفَقُوۡا لَہُمۡ اَجۡرٌ کَبِیۡرٌ ۔**

جو لوگ تم میں سے ایمان لائیں اور اللہ کی راہ میں خرچ کریں ان کو بڑا ثواب ملے گا۔

دوستو! اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے دو باتیں بیان کی ہیں' ایک یہ کہ جو لوگ ایمان لائیں گے ان کو بڑا ثواب ملے گا اور جو اللہ کی راہ میں خرچ کریں گے ان کو بھی بڑا ثواب ملے گا۔ اس سے یہ معلوم ہوا کہ ہمیں اپنے ایمان کے ساتھ اللہ کی راہ میں خرچ کرنا بھی چاہیئے۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، لوگوں کو چاہیئے کہ نماز جمعہ ہرگز نہ چھوڑیں، ورنہ اللہ تعالیٰ ان کے اس گناہ کی سزا میں دلوں پر مہر لگا دے گا، پھر وہ غافلوں میں ہو جائیں گے۔ (مسلم)

دوستو! جمعہ کی نماز کی بڑی فضیلت و اہمیت ہے اگر ہم جمعہ کی نماز سے غفلت برتیں گے تو ہمارا شمار غافلوں میں ہو جائے گا۔

## آداب

دوستو! ہمارا لباس، ہمارے مزاج کو بتلاتا ہے، لباس میں ہمیشہ سادگی ہونی چاہیئے اور وقار والا مہذب لباس پہننا چاہیئے، لباس کا مقصد حیا اور شرم کی حفاظت ہے، وہ لباس بھی کیا لباس ہے جو آدمی کی شرم اور حیا ہی ختم کر دے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 50

## Verse

In verse number 7 of Surah Hadeed, Allah (SWT) states:

فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ اَجْرٌ كَبِیْرٌ.

For those who have believed among you and spent, there will be a great reward.

Friends! Allah has stated two facts in this verse; firstly, those who believe shall earn great reward and those spend in the cause of Allah too shall receive great reward. It is learnt that along with faith, we must also spend in the cause of Allah.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated: People must not neglect Friday prayers; else Allah will put a seal over their hearts and they will be among the negligent. (Muslim)

Friends! There is a great significance and prominence of Friday prayers; if we are heedless of Friday prayers, we will be among the negligent ones.

## Good Manners

Guys! Our dress signifies our nature; there must always be simplicity in our attire and we must wear dignified and decent clothes; the purpose of clothing is to preserve modesty; clothing that eliminates modesty is of no purpose.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔ 51

## آیتِ شریفہ

سورۂ رحمٰن کی آیت نمبر 26 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**كُلُّ مَنۡ عَلَيۡهَا فَانٍ وَيَبۡقٰى وَجۡهُ رَبِّكَ ذُو الۡجَلٰلِ وَالۡاِكۡرَامِ.**

زمین پر جتنی بھی جان والی مخلوقات ہیں سب فنا ہو جائیں گی جو کہ عظمت والی ذات ہے اور احسان والی ذات ہے۔

دوستو! تم جو کچھ دنیا میں دیکھ رہے ہو، یہ درندے، پرندے، جانور اور سارے انسان، یہ سب ایک دن فنا ہو جائیں گے صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی باقی رہ جائے گی۔

## حدیثِ شریف

رسولِ رحمت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جمعہ کے دن میں ایک ایسی گھڑی ہے کہ اگر کوئی مسلمان اس وقت اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا مانگے تو ضرور قبول ہوتی ہے، ایک روایت میں ہے کہ وہ گھڑی عصر سے لے کر مغرب تک ہے۔ (بخاری)

## آداب

یاد رکھیں کہ زیادہ جاگنے سے بھی آنکھ پر اثر پڑتا ہے، دھول غبار سے اپنی آنکھوں کو بچائیں، آنکھوں میں سرمہ لگائیں اور ہمیشہ آنکھیں صاف رکھنے کی کوشش کریں۔ ہریالی پر چلیئے اور اپنی نگاہ کھیتوں، باغوں اور سبزہ زاروں پر رکھیئے، ہری بھری چیزیں دیکھنے سے نگاہوں پر اچھا اثر پڑتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 51

## Verse

In verse number 26 of Surah Rahman, Allah (SWT) states:

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَان وَيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُوالْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ.

All that is on earth will perish: And there will remain the Face of your Lord, Owner of Majesty and Honour.

Friends! What you see in the world- the animals, the birds, animals and all human beings shall perish one day and the Essence of Allah alone shall remain.

## Hadees

The Prophet of Mercy (SAW) has stated that there is such an hour on Friday that if any Muslim makes dua, it will definitely be accepted; in another narration that hour is from Asr to Maghrib. (Bukhari)

## Good Manners

Remember that being awake longer also affects the eye; protect your eyes from dust, apply kohl to the eyes and always try to keep the eyes clean. Walk on greenery and keep your sight on grass and greenery; viewing greenery has a pleasant effect on the eyes.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔52 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ القمر کی آیت نمبر 17 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَلَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّکْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّکِرٍ.**

اور ہم نے قرآن مجید کو نصیحت حاصل کرنے کیلئے آسان کر دیا ہے کیا کوئی نصیحت حاصل کرنے والا ہے؟

دوستو! قرآنِ مجید کو سمجھنا بہت آسان ہے، ہم اگر تھوڑی بہت کوشش کریں گے اور قرآن مجید کو سمجھنے کی فکر اور کوشش کریں گے تو قرآنِ مجید بڑی آسانی سے سمجھ میں آ جائے گا۔ اللہ تعالیٰ نے خود فرما دیا ہے کہ ہم نے اس قرآن مجید کو آسان کر دیا ہے، اب ہماری ذمہ داری ہے کہ اس کتاب کو سمجھنے کی فکر اور کوشش کریں۔

## حدیثِ شریف

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اس بدبودار پیاز یا لہسن سے کھائے وہ ہماری مسجد میں نہ آئے کیونکہ جس چیز سے آدمیوں کو تکلیف ہوتی ہے اس سے فرشتوں کو بھی تکلیف ہوتی ہے۔ (بخاری و مسلم)

دوستو! نماز کے اوقات میں کچی پیاز، لہسن وغیرہ کھانے سے پرہیز کریں، اس سے منہ میں بدبو آتی ہے۔

## آداب

کھانا کھانے سے پہلے ضرور ہاتھ دھولیں، بسم اللہ پڑھ کر کھانا کھائیں، اگر کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا بھول جائیں تو جب بھی یاد آ جائے **بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَہٗ** پڑھ لیں۔ سیدھے ہاتھ سے کھانا کھائیں۔ نوالہ نہ زیادہ بڑا لیں اور نہ ہی زیادہ چھوٹا، نوالہ درمیانی ہونا چاہئے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 52

## Verse

In verse number 17 of Surah Qamar, Allah (SWT) states:

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ.

And We have certainly made the Quran easy for remembrance, so is there any who will remember?

Friends! The Quran is very easy to understand, if we make a little effort to understand the Quran, it could be understood easily. Allah has himself stated that we have simplified the Quran; now it is our responsibility to understand this book.

## Hadees

Hazrat Jabir (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever eats pungent onion or garlic should not come close to our mosques because the Angels are harmed by that which harms the humans. (Bukhari and Muslim)

Friends! Avoid eating raw onions, garlic etc during prayer times; it causes bad breath.

## Good Manners

Wash hands before meals; read Bismillah before eating, if you forget Bismillah before eating food then whenever you remember say Bismillahi Awwalu wa Akhiru. Eat with the right hand. Morsel should neither be too large nor too small rather it should be equable.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔53 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ القمر کی آیت نمبر 54 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِی جَنّٰتٍ وَّ نَهَرٍ.

بیشک پرہیزگار لوگ باغوں میں اور نہروں میں ہوں گے۔

دوستو! تمہارا جی بہت چاہتا ہے کہ تم باغوں کی سیر کرو اور نہروں اور ندی نالوں میں جا کر خوب موج مستی کرو' لیکن یاد رکھو کہ مرنے کے بعد ہمیشہ ہمیش کیلئے اللہ تعالیٰ ہم کو بڑے بڑے باغات اور بڑی بڑی نہریں دیں گے تاکہ ہم خوب مزہ اڑائیں' لیکن یہ باغات اور یہ نہریں کب ملیں گی؟ جبکہ ہم اس دنیا میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے پرہیزگاری کی زندگی بسر کریں۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص جماعت کیلئے مسجد کی طرف چلے تو اس کا ایک قدم ایک گناہ کو مٹاتا ہے اور ایک قدم اس کے لئے ایک نیکی لکھتا ہے۔ (طبرانی)

معلوم ہوا کہ مسجد جاتے آتے جتنے قدم ہمارے بڑھتے ہیں ہر قدم پر ایک گناہ معاف ہوتا ہے اور ایک نیکی ملتی ہے۔

## آداب

ہمیں غرور اور گھمنڈ سے اپنے آپ کو پاک رکھنا چاہئے' اللہ تعالیٰ اس شخص کو پسند نہیں کرتے جو غرور کی چادر اوڑھ لے' ہمیں لوگوں کے ساتھ عاجزی' تواضع اور انکساری کے ساتھ پیش آنا چاہئے' بڑائی تو صرف اللہ کیلئے ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 53

## Verse

In verse number 54 of Surah Qamar, Allah (SWT) states:

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِى جَنّٰتٍ وَّ نَهَرٌ.

Indeed, the righteous will be among gardens and rivers,

Friends! You desire to visit gardens and have a lot of fun in rivers and streams, but remember that after death Allah shall grant large gardens and large rivers so that we could enjoy a lot; but when shall we receive these gardens and streams; if we live in this world, a life of piety with the fear of Allah.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Omar (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: The person who steps to a mosque for congregation, one sin will be erased for each step and one reward will be written for each step. (Tabarani)

It is known that for the steps we take to go to a mosque a sin is forgiven and a reward is written for each step.

## Good Manners

We must cleanse ourselves of pride and arrogance, Allah does not like a person drenched in arrogance; we must treat people with humility, modesty and humbleness; all Praise is for Allah alone.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ...... سبق نمبر۔54 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ النجم کی آیت نمبر 39 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَ اَنۡ لَّیۡسَ لِلۡاِنۡسَانِ اِلَّا مَاسَعٰی.

اور انسان کو وہی ملے گا جس قدر کہ اس نے کوشش کی۔

دوستو! اللہ تعالیٰ کا قانون یہ ہے کہ آدمی کو دنیا اور آخرت میں وہی ملتا ہے جس کی وہ کوشش کرتا ہے۔ جس قدر محنت اور کوشش کرو گے اس قدر بدلہ اور انعام ملے گا۔ اس لئے دنیوی کاموں میں بھی اور آخرت کے کاموں میں بھی کوشش اور محنت خوب کرو اور اللہ تعالیٰ سے اس کا بہتر سے بہتر بدلہ مانگو' وہی اچھا بدلہ دینے والا ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

باجماعت نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے کے مقابلہ میں ستائیس درجہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر ہم علحدہ اکیلے نماز پڑھیں گے تو ایک نماز کا ثواب ملے گا لیکن اگر ہم جماعت کے ساتھ نماز پڑھیں گے تو ستائیس نمازوں کا ثواب ملے گا۔

## آداب

جب بھی کھانا کھائیں تو ایک نوالہ نگلنے کے بعد ہی دوسرا نوالہ لیں' ایک ساتھ نوالہ پر نوالہ لینا درست نہیں ہے۔ پلیٹ میں اپنی طرف کے کنارے سے کھائیں' کھانے کے بیچ میں ہاتھ نہ ڈالیں' نوالہ اگر گر جائے تو اٹھا کر صاف کریں اور کھالیں' نوالہ گر جانے کی وجہ سے پھینک دینا درست نہیں ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 54

## Verse

In verse number 39 of Surah Najm, Allah (SWT) states:

وَ اَنْ لَّیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَاسَعٰی.

And man will receive only that he has strived for,

Friends! It is law of Allah that a person receives in the world and the Hereafter what he has strived for. The more the hard work and effort, the proportionate shall be the reward and award. Hence make good efforts in worldly tasks as well as in the affairs of the Hereafter and seek good reward for the same from Allah; He alone gives the best reward.

## Hadees

The prayer in congregation is twenty-seven times superior in degrees to the prayer offered by a person alone.

It means that if we offer prayer alone, we will get the reward of a single prayer, but if we pray with the congregation, we will receive the reward of twenty-seven prayers.

## Good Manners

Whenever food is taken, the second morsel must be taken only after the first morsel has been swallowed; it is not right to take multiple morsels at a time. Take food from the plate from your side; do not take food from the middle of the plate; if the morsel happens to fall, pick it up, clean it and eat; it is not proper to discard the dropped morsel.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔55......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الذاریٰت کی آیت نمبر 56 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَمَا خَلَقۡتُ الۡجِنَّ وَالۡاِنۡسَ اِلَّا لِیَعۡبُدُوۡن.**

اور میں نے جنوں اور انسانوں کو صرف میری عبادت کیلئے پیدا کیا ہے۔

دوستو! ہماری پیدائش کا مقصد کھانا پینا، کھیلنا، کودنا اور خوشیاں منانا نہیں ہے، یہ کھانا پینا اور کھیلنا کودنا اور خوش رہنا تو ہماری زندگی کی ضرورتیں ہیں، ہماری زندگی کا اصل مقصد اللہ تعالیٰ کی عبادت ہے، یعنی نماز پڑھنا، روزہ رکھنا، حج کرنا، زکوٰۃ دینا اور قربانی کرنا وغیرہ۔

## حدیثِ شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص چالیس دن تک ہر نماز جماعت کے ساتھ پڑھے اس طرح کہ اسکی تکبیر اولیٰ بھی فوت نہ ہو تو اس کے لئے دو براءتیں لکھ دی جاتی ہیں ایک دوزخ کی آگ سے نجات دوسرے نفاق سے نجات۔ یعنی جو شخص پابندی کے ساتھ جماعت کے ساتھ چالیس دن تک پہلی تکبیر کے ساتھ نماز ادا کرے گا تو وہ دوزخ سے بھی بچ جائے گا اور وہ نفاق سے بھی دور رہے گا۔

## آداب

کھانا سب مل جل کر کھائیں، اکیلے کھانے کی عادت نہ ڈالیں۔ سب مل جل کر کھانے سے الفت و محبت بڑھتی ہے اور برکت بھی رہتی ہے۔ کھانے میں اگر کوئی خرابی بھی ہو تو عیب نہ لگائیں، پسند نہ ہو تو چھوڑ دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 55

## Verse

In verse number 56 of Surah Zariyat, Allah (SWT) states:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْن.

And I have created Jinns and humans for my worship alone.

Friends! The purpose of our birth is not eating and drinking, playing and frolicking and making merriments; eating and drinking and being joyous are the necessities of life; the ultimate goal of our life is to worship Allah i.e. offering Namaz, fasting, performing Hajj, giving Zakat, offering Qurbani etc.

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever prays for forty days with the congregation, without missing the first takbeer, it will be written that he will be safe from two things: he will be safe from the Hellfire and safe from hypocrisy.

That means that a person who punctually offers Namaz in congregation for forty days without missing the first takbeer shall be saved from Hellfire and also from hypocrisy.

## Good Manners

Eat meals together and do not make a habit of eating alone. Love and affection enhance by eating together and it also results in blessing. If you find fault in the food do not state it instead leave the food that you do not like.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ......سبق نمبر۔56......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الذاریٰت کی آیت نمبر 19 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَفِیْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ.

اور جو نیک لوگ ہوتے ہیں ان کے مالوں میں مانگنے والوں اور ان لوگوں کا جو عزت اور غیرت کی وجہ سے نہیں مانگتے ان کا بھی حق ہوتا ہے۔

اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ مال ہم کو عطا کیا ہے اس مال میں صرف ہمارا ہی حق نہیں کہ سارا مال ہم اپنی ذات پر ہی خرچ کریں بلکہ ہمارے اس مال میں سے کچھ ہم ان لوگوں کو بھی دیں جو ضرورت پر ہم سے مانگتے ہیں اور ان کو بھی دیں جو غیرت اور شرم کی وجہ سے مانگنے سے گریز کرتے ہیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اوپر کا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے۔ (مسلم)

اسکا مطلب یہ ہے کہ دینے والا آدمی لینے والے سے بہتر ہے۔ اس لئے ہم کو دینے والا بننا چاہیئے لینے والا نہیں۔

## آداب

بہت گرم گرم جلتا ہوا کھانا نہ کھائیں' کھانے کے دوران ٹھٹھا مارنے اور بہت زیادہ باتیں کرنے سے پرہیز کریں' خوشگوار ماحول میں آپسی خیر سگالی کی گفتگو کریں اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 56

## Verse

In verse number 19 of Surah Zariyat, Allah (SWT) states:

وَفِيْ اَمْوَا لِهِمْ حَقٌّ لِلسَّائِلِ وَالْمَحْرُوْمْ.

And in the properties of the righteous there is the right of those who ask, and also of those dignified who do not ask the others.

This verse means that we must not consume ourselves the whole of wealth that Allah has given us; but instead we must give a portion of it to those needy who ask and also to those dignified deserving people who do not ask.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Masood (RA) has narrated that Messenger of Allah (SAW) has stated that the hand on the top is better than the hand below. (Muslim)

This means that the person who gives is better than the person who asks. Hence we must become a giver rather than a seeker.

## Good Manners

Do not eat very hot food; avoid jokes and excessive talk while eating; however there is no harm to discuss mutual goodwill in a pleasant atmosphere.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔57

## آیتِ شریفہ

سورۃ الذاریٰت کی آیت نمبر 58 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّۃِ الۡمَتِیۡنُ.

اللہ خود ہی سب کو رزق پہنچانے والا قوت والا نہایت طاقت والا ہے۔

دنیا میں جتنی بھی مخلوقات ہیں، درندے پرندے، کیڑے مکوڑے دیگر جانور اور انسان سب کو رزق دینے والا اللہ تعالیٰ ہی ہے، آسمان سے بارش برسا کر اور زمین سے پھل پھلاریاں، ترکاریاں اور اناج اگا کر وہی ہم کو رزق پہنچا رہا ہے اور وہ اللہ بڑی طاقت اور قوت والا ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اپنے بھائی کی خوشی کی خاطر ذرا سا مسکرا دینا بھی صدقہ ہے، کوئی نیک بات کہہ دینا بھی صدقہ ہے تمہارا کسی کو بری بات سے روک دینا بھی صدقہ ہے کسی کو راستہ بتا دینا بھی صدقہ ہے۔ (ترمذی)

## آداب

جو کھانا ہم کھا رہے ہیں بلاضرورت اسے نہ سونگھیں، یہ بری بات ہے، کھانے کے دوران بار بار اس طرح منہ نہ کھولیں کہ کھایا جانے والا کھانا نظر آئے اور کھانے کے دوران منہ میں انگلی ڈال کر دانتوں میں اٹکی ہوئی چیز نہ نکالیں، اس سے دوسروں کو گھن آتی ہے، کھانا بیٹھ کر کھائیں کھڑے کھڑے، چلتے پھرتے کھانا درست نہیں ہے۔

بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 57

## Verse

In verse number 58 of Surah Zariyat, Allah (SWT) states:

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُوالْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ.

Surely Allah is the Provider, Owner of Power, the Most Strong.

The sustenance of all the creatures in the world, beasts, birds, insects and other animals is provided by Almighty Allah; He sends down rain from the sky and grows fruits, vegetables and grains and provides us sustenance; Allah is very strong and powerful.

## Hadees

Hazrat Abuzar (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated that smiling to please one's brother is charity, saying a kind word is charity, preventing someone from evil is charity, showing way to someone is charity. (Tirmizi)

## Good Manners

Do not unnecessarily sniff the food that you eat; while chewing do not open the mouth frequently so that the food in the mouth is visible; do not put finger in the mouth while eating and do not pick the food stuck in the teeth; this act is detestable to others; eat food sitting; it is not proper to eat food standing and moving.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔58

## آیتِ شریفہ

سورۃ ق کی آیت نمبر 31 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَ اُزۡلِفَتِ الۡجَنَّۃُ لِلۡمُتَّقِیۡنَ غَیۡرَ بَعِیۡدٍ.**

اور جنت متقیوں کے قریب لائی جائے گی کہ کچھ دور نہ رہے گی۔

اس آیت سے ہمیں اس بات کا علم ہوا کہ جنت ان لوگوں کے قریب کردی جائے گی جنہوں نے اس دنیا میں تقویٰ کی زندگی گزاری، یعنی جو لوگ دنیا میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہوئے زندگی بسر کریں گے جنت ان کے اس قدر قریب کردی جائے گی کہ کوئی فاصلہ ان کے اور جنت کے درمیان نہیں رہے گا۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا بہترین عمل کونسا ہے جو اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا وقت پر نماز پڑھنا، میں نے عرض کیا اس کے بعد؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ماں باپ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا۔ میں نے عرض کیا پھر کونسا عمل ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کے راستے میں جہاد کرنا۔

## آداب

جب شام ہوجائے تو یہ دعا پڑھیں۔

**اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمۡسَیۡنَا وَبِکَ اَصۡبَحۡنَا وَبِکَ نَحۡیَا وَبِکَ نَمُوۡتُ وَاِلَیۡکَ النُّشُوۡرُ.** (ترمذی)

اے اللہ ہم نے تیری ہی توفیق سے شام کی اور تیری ہی مدد سے صبح کی اور تیری ہی عنایت سے جی رہے ہیں اور تیرے ہی اشارے پر مر رہے ہیں اور تیرے ہی پاس حاضر ہونا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 58

## Verse

In verse number 31 of Surah Qaf, Allah (SWT) states:

وَ اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِیْنَ غَیْرَ بَعِیْدٍ.

And Paradise will be brought near to the righteous, not far,

Through this verse we know that Paradise will be brought near to those who have lived righteous lives in this world; that is the people who live with the fear of Allah in this world, Paradise will be brought so closer to them that there will be no distance between them and Paradise.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Masood (RA) has narrated that he asked the Messenger of Allah (SAW): Which is the best deed that is most dear to Allah? The Prophet (SAW) replied: Offering prayer on time; I said: And then? He (SAW) said: Being good to parents; I said: And then which deed? The Prophet (SAW) said: Jihad in the cause of Allah.

## Good Manners

Recite this supplication in the evening.

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْیَا وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ. (ترمذی)

O Allah! With Your Power we have come to the evening, with Your Power we come to the morning, with Your Power we live and we die and to you we will return. (Tirmizi)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔59 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 14 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اِنَّ اللّٰہَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ.**

**بیشک اللہ تعالیٰ گناہوں کو بخشنے والے اور رحم کرنے والے ہیں۔**

دوستو! اللہ تعالیٰ جہاں ہمارے عیبوں کو چھپاتے ہیں اور ہمیں روزی عطا کرتے ہیں اور ہماری ضرورتوں کو پورا کرتے ہیں وہیں ہمارے گناہوں کو معاف بھی کر دیتے ہیں اور ہم پر بہت زیادہ رحم بھی فرماتے ہیں۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ کے بندوں میں سب سے بدترین وہ لوگ ہیں جو چغلیاں کھاتے ہیں اور دوستوں میں جدائی ڈلوا دیتے ہیں۔

اس حدیث میں ان لوگوں کو بدترین یعنی بہت برا انسان کہا گیا ہے جو دوستوں میں جدائی ڈالتے ہیں اور ادھر کی بات ادھر لگا کر تماشہ دیکھتے ہیں۔

## آداب

پلیٹ میں جو کچھ رہ جائے اگر وہ پتلی چیز ہو تو پی لیں ورنہ انگلی سے چاٹ کر پلیٹ صاف کر لیں۔ کھانے پینے کی چیزوں پر پھونک نہیں مارنا چاہئے۔ اس لئے کہ منہ کے اندر سے آنے والی سانس گندی اور زہریلی ہوتی ہے۔ پانی تین سانس میں ٹھہر ٹھہر کر پینا چاہئے' اس سے پانی بھی ضرورت کے مطابق پیا جاتا ہے' غٹ غٹ ایک سانس میں پینے سے کبھی کبھی تکلیف بھی ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 59

## Verse

In verse number 14 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ.

Indeed, Allah is Forgiving and Merciful.

Friends! Whereas Allah conceals our flaws, provides us sustenance and fulfils our needs, He also forgives our sins and is very merciful to us.

## Hadees

The Prophet (SAW) said that the worst among the bondsmen of Allah are those who backbite and make enemies out of friends.

In this Hadees-those people have been stated as worse- who create enmity between friends and indulge in gossips and enjoy it.

## Good Manners

Whatever is leftover in the plate- if it is a fluid it must be drunk else the plate must be wiped with a finger and the finger licked. One must not blow in edible substances. This is because the breath is impure and harmful. Water must be taken in three breaths; in this way excessive water is not consumed. It is sometimes difficult to drink in one breath.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔60 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 13 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اِنَّ اَکۡرَمَکُمۡ عِنۡدَاللّٰہِ اَتۡقٰکُمۡ ؕ .**

اللہ کے نزدیک تم سب میں بڑا شریف وہی ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔

دوستو! آدمی جب حرام سے بچتا ہے اور حلال چیزیں اختیار کرتا ہے' اللہ تعالیٰ نے جن کاموں کے کرنے کا حکم دیا ہے وہ سارے کام کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے جن کاموں سے روکا ہے ان سے رک جاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا ہی شریف انسان بن جاتا ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم میں سے کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی سے مشورہ لینا چاہے تو اس کو مشورہ دینا چاہئے۔ (ابنِ ماجہ)

اگر کوئی شخص ہم سے کسی بارے میں مشورہ چاہے تو ہم کو اچھی نیت کے ساتھ اچھا مشورہ دینا چاہئے۔

## آداب

سونے سے پہلے بستر اچھی طرح جھاڑ جھٹک لیں' جب بستر پر پہنچیں تو یہ دعا پڑھیں'

**اَللّٰھُمَّ بِاسۡمِکَ اَمُوۡتُ وَ اَحۡیَا.**

بستر پر پہنچیں تو قرآن پاک کا کچھ حصہ ضرور پڑھ لیں' جو شخص اپنے بستر پر آرام کرنے کے وقت قرآن مجید کی کوئی سورت پڑھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے پاس ایک فرشتہ بھیجتا ہے جو اس کی حفاظت کرتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 60

## Verse

In verse number 13 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَاللّٰهِ اَتْقٰكُمْ ۔

Indeed, the most noble of you in the sight of Allah is the most righteous of you.

Friends! When a person avoids unlawful and adopts lawful things and does all that Allah has commanded and refrains from those things Allah has prohibited - he becomes an honoured person in the sight of Allah.

## Hadees

Hazrat Jabir (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever among you seeks advice from his Muslim brother, he must advise him. (Ibn Majah)

If someone wants any advice we should give good advice with good intention.

## Good Manners

Flick off your bed properly before sleeping and when you are on your bed recite the following supplication: اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَ اَحْیَا.

Do recite some part of Quran on your bed; when a person recites any chapter of Quran before sleeping, Allah sends an angel who protects him.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔61 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 12 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَلَا یَغْتَبْ بَعْضُکُمْ بَعْضًا.**

اور کوئی کسی کی غیبت بھی نہ کیا کرے۔

کسی بھی آدمی کی اس کے غائبانہ میں اس کی برائی بیان کرنے کو غیبت کہتے ہیں اور کسی کی بھی غیبت کرنا حرام ہے بلکہ کسی آدمی کی غیبت کرنا اتنا بڑا جرم ہے جتنا کہ کسی مردہ آدمی کا گوشت کھانا۔

آج سے ہم اس بات کا عہد کریں کہ ہم کسی کی غیبت اور چغل خوری نہیں کریں گے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، جس وقت کوئی مسلمان اپنے بھائی کی بیمار پرسی کرتا ہے یا ویسے ہی ملاقات کے لئے جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تو بھی پاکیزہ ہے اور تیرا چلنا بھی، تو نے جنت میں اپنا مقام بنالیا ہے۔ (ترمذی)

## آداب

عشاء کی نماز پڑھنے سے پہلے ہرگز نہ سوئیں، اگر مغرب کے بعد سو جائیں گے تو عشاء کی نماز خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ حضور ﷺ عشاء سے پہلے کبھی نہیں سوتے تھے۔ رات ہوتے ہی گھر میں روشنی ضرور کرلیں۔ رسول رحمت ﷺ ایسے گھر میں سونے سے پرہیز کرتے تھے جس میں روشنی نہ کی گئی ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 61

## Verse

In verse number 12 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

وَلَا يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا.

And do not backbite each other.

To describe the flaw of a person in his absence is known as backbiting and it is forbidden; backbiting is a grave sin as eating a dead man's meat.

Let us pledge from today that we shall not backbite and gossip about anyone.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated the Messenger of Allah (SAW) has stated: When a Muslim visits and enquires about his sick brother or simply pays a visit, Allah states: You are pure as well as your visit, you have made a place for yourself in the Paradise. (Tirmizi)

## Good Manners

Never go to sleep before offering Isha prayer; if you sleep after Maghrib, you may miss your Isha prayer. The Prophet (SAW) never used to sleep before Isha. Make sure to switch on the lights in the house as soon as it is night. The Prophet of Mercy (SAW) avoided sleeping in a house devoid of light.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔62 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 12 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَلَا تَجَسَّسُوۡا.

اور سراغ مت لگایا کرو۔

آیت کے اس ٹکڑے کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں ایک دوسرے کی جاسوسی نہیں کرنی چاہیے کہ کون کہاں جارہا ہے، کدھر جارہا ہے، کیا کررہا ہے؟ ہمیں پہلے اپنے عیبوں کو تلاش کرنا چاہیے اس سے ہماری اصلاح ہوگی، دوسرے کے عیبوں کے پیچھے پڑنا بھی بہت بڑا گناہ ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ راوی ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کسی شخص کیلئے یہ جائز نہیں کہ مومن کو تین دن تک چھوڑے رکھے، جب تین دن گزر جائیں تو اسے چاہیے کہ اس سے ملے اور سلام کرے۔ (بخاری)

دوستو! ہم بعض مرتبہ ایک دوسرے سے بات کرنا بند کردیتے ہیں، اگر ہم تین دن سے زیادہ بات بند کرتے ہیں تو یہ ناجائز ہے، اس لئے جس سے بھی ہماری بات بند ہے ہم آگے بڑھ کر معافی مانگ لیں اور بات کرنا شروع کردیں۔

## آداب

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب بستر پر تشریف لے جاتے تو دونوں ہاتھ دعا مانگنے کی طرح ملاتے اور قل ھو اللّٰہ احد اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس یہ تینوں سورتیں تلاوت فرما کر اپنے ہاتھوں پر دم فرماتے اور پورے جسم پر پھیر لیتے۔ (ترمذی)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 62

## Verse

In verse number 12 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

وَلَا تَجَسَّسُوْا.

And do not spy one another.

This piece of verse means that we should not spy on one another; that who is going where, doing what? We must discover our faults first so that we may reform ourselves; pursuing the faults of others is a grave sin.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: It is not permissible for a man to forsake his Muslim brother for more than three days; after a period of three days, he must meet him and greet with Salaam. (Bukhari)

Friends! At times, we dislike speaking with one another; if we avoid speaking for more than three days, it is unlawful; hence we must take an initiative, express regret and reinitiate communication with the person whom we had not been speaking.

## Good Manners

Hazrat Aisha (RA) narrates that the when the Messenger of Allah (SAW) came to bed, he would cup both his hands and recite Surah Ikhlas, Surah Falaq and Surah Naas, blow over his hands and wipe the hands all over the body. (Tirmizi)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔63

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 12 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**یَا اَیُّھَاالَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اجۡتَنِبُوۡا کَثِیۡرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعۡضَ الظَّنِّ اِثۡمٌ.**

اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو! کیونکہ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں۔

بعض مرتبہ ہم خواہ مخواہ ایک دوسرے سے بدگمانی کرتے ہیں۔ جبکہ ایک دوسرے سے بدگمانی کرنا بہت بڑا گناہ ہے ہمیں ایک دوسرے سے اچھا گمان رکھنا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ راستوں پر بیٹھنے سے بچو اور اگر تم بیٹھنے سے باز نہ رہو تو راستے میں بیٹھنے کا حق ادا کرو۔

دوستو! ہمیں راستوں، چوراہوں اور نکڑوں پر بیٹھنے سے پرہیز کرنا چاہئے، اس سے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہے اور یہ ہلکے پن کی علامت ہے کہ ہم راستوں پر بیٹھے گپ شپ کریں۔

## آداب

سونے کیلئے ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں تازہ ہوا پہنچتی ہو۔ ایسے بند کمروں میں سونے سے پرہیز کریں جہاں تازہ ہوا کا گزر نہ ہوتا ہو۔ منہ لپیٹ کر نہ سوئیں، اس طرح سونے سے صحت پر اثر پڑتا ہے۔ چہرہ کھول کر سونے کی عادت ڈالیں تاکہ تازہ ہوا ملتی رہے۔ ایسی کھلی چھتوں پر نہ سوئیں جن پر اطراف سے منڈیر نہ ہو۔ چھت پر سے اترنے سے پہلے روشنی کا انتظام کرلیں کہیں اندھیرے میں گر نہ جائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 63

## Verse

In verse number 12 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ.

O you who believe! Avoid most of suspicion, for surely suspicion in some cases is a sin.

Sometimes we suspect each other unnecessarily; whereas suspecting each other is a grave sin; hence we must have a good opinion of each other.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated: Avoid sitting on the roads; if you must sit there, observe the rights of the way.

Friends! We must avoid sitting on the roads, intersections and corners; this causes inconvenience to the people and it is a sign of cheapness that we sit on the roads and chitchat.

## Good Manners

Choose a place to sleep where there is flow of fresh air. Avoid sleeping in closed rooms devoid of fresh air. Don't cover the face while sleeping, it affects health. Make it a habit to sleep with the face uncovered so that you may get fresh air. Do not sleep on terraces without boundaries. Before getting down the terrace, make arrangement for light, else you may fall down in the dark.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔64 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 11 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَلَا تَنَابَزُوۡا بِالۡاَلۡقَابِ.**

اور تم ایک دوسرے کو بُرے لقب سے مت پکارو۔

اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ کسی کو بھی ہم اس کے اصلی نام سے پکاریں اور کسی کو اپنی طرف سے کوئی برا نام نہ دیں، یہ بات اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے کہ کسی کو برا نام دیا جائے اور اس برے نام سے اس کو پکارا جائے۔

دوستو! آیئے ہم اس بات کا عہد کریں کہ ہم کسی کو بھی برا نام نہیں دیں گے اور اس کے کسی عیب کی وجہ سے اس کو برا لقب نہیں دیں گے۔

## حدیثِ شریف

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ہر حساس جانور جس کو بھوک پیاس اور تکلیف ہوتی ہو اس کے کھلانے پلانے میں ثواب ہے۔ ہمیں جانوروں کی بھوک اور پیاس کا بھی لحاظ کرنا چاہیئے، اس پر بھی ہمیں اجر و ثواب ملے گا۔

دوستو! کتے اور بلی کو پانی پلانے میں بھی ثواب ہے۔

## آداب

جب کوئی اچھا خواب دیکھیں تو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور اس کو اپنے حق میں خوشخبری سمجھیں، حضور ﷺ نے فرمایا تم میں جو زیادہ سچا ہے اس کا خواب بھی زیادہ سچا ہو گا اور خواب صرف عقلمند اور دوست ہی کو بتلائیں، بے وقوف اور دشمن کے سامنے اپنا خواب بیان نہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 64

## Verse

In verse number 11 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ.

And do not call each other by offensive nicknames.

This verse means that we must call anyone by their real name and must not call them by a bad name coined by us; it is highly disliked by Allah that someone is given a bad nickname and he is called by that bad name.

Friends! Let us pledge that we shall not give a bad nickname to anyone and a bad title on account of a flaw in them.

## Hadees

The Prophet (SAW) has stated that there is reward in feeding and watering any animal that has the sense of thirst, hunger and pain. We must strive to eliminate the thirst and hunger of animals; we earn divine reward for the same.

Friends! There is reward in watering dog and cat too.

## Good Manners

When you get a good dream, thank Allah and consider it a good news for you; the Prophet (SAW) said that the one who is more truthfull, his dream too is true; and relate the dream only to a wise person and a friend and not to an enemy..

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔65......

## آیتِ شریفہ

سورۂ حجرات کی آیت نمبر 11 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَلَا تَلۡمِزُوۡۤا اَنۡفُسَكُمۡ.**

اور تم ایک دوسرے کو طعنہ نہ دو۔

اللہ تعالیٰ نے اس شخص کیلئے بڑی خرابی قرار دی ہے جو دوسروں کو طعنے دیتا ہے، ہم آج سے عہد کریں کہ کسی کو طعنہ نہیں دیں گے، ہم اگر کسی کی مجبوری یا اس کے کسی عیب کی وجہ سے طعنہ دیں گے تو ہوسکتا ہے کہ اس مجبوری اور عیب کا کل کے دن ہم خود شکار ہوجائیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری حفاظت فرمائے۔

## حدیثِ شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے، جس نے میری مخلوق میں سے کسی ایسے کمزور کے ساتھ بھلائی کی جس کا کوئی کفالت کرنے والا نہیں تھا تو ایسے بندے کی کفالت کا میں ذمہ دار ہوں۔

دوستو! ہمیں ایسے مجبور و بے بس لوگوں کی جو کمزور ہیں، محتاج ہیں مدد اور کفالت کرنا چاہئے، اگر ہم ان کی کفالت کریں گے تو اللہ تعالیٰ ہماری کفالت کریں گے۔

## آداب

رات کے آخری حصہ میں جس کو تہجد یا سحر کا وقت کہتے ہیں اٹھیں اور اپنے اس رب کو یاد کریں جس نے ہم کو پیدا کیا، اس کی عبادت کریں، اپنے گناہوں کی معافی مانگیں، اخیر رات میں اٹھ کر عبادت کرنا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 65

## Verse

In verse number 11 of Surah Hujurat, Allah (SWT) states:

وَلَا تَلْمِزُوْا اَنْفُسَكُمْ.

And do not insult one another.

Allah has declared grave affliction for a person who insults others; let's pledge from today that we shall not insult anyone; that we shall not criticise anyone because of his constraint or flaw; it is possible that we too may face this constraint in the future. May Allah protect us.

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated that Allah has stated: The one who did a good to a weak from my creation that has no custodian, I shall be the custodian of such a bondsman.

Friends! We must help and support such helpless people who are weak and dependent; if we support them Allah will support us.

## Good Manners

Get up in the last part of the night - known as Tahajjud or Sahri time- remember your Lord who created you, worship Him, ask forgiveness for your sins; getting up in the last part of night and worshipping is very dear to Allah.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔66

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشّمس کی آیت نمبر 9 اور 10 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ زَکّٰھَا . وَ قَدۡ خَابَ مَنۡ دَسّٰھَا .**

کامیاب ہوگیا وہ جس نے اپنے نفس کو پاکیزہ بنادیا اور ناکام و نامراد ہوگیا وہ جس نے اس نفس کو گناہ میں دھنسا دیا۔

دوستو! ہم روزانہ ہی اپنے بدن کو پاک وصاف کرتے ہیں اور کپڑے صاف رکھتے ہیں، لیکن کیا کبھی یہ بھی سوچا کہ ہم نے اپنے دل کو بھی پاک رکھا یا نہیں؟ اپنے نفس اور دل کو ہر قسم کے گناہ سے پاک رکھنا ہے، اگر ہم اپنے دل اور نفس کو گناہ سے پاک رکھیں گے تو اپنے رب کی نگاہ میں کامیاب مانے جائیں گے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس نے کسی مسلمان کے عیب کو چھپایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیب کو چھپائیں گے۔ (بخاری ومسلم)

دوستو! جب تم اپنے رشتہ داروں، پڑوسیوں یا دوستوں میں کوئی عیب دیکھو تو اس عیب کو لوگوں کے سامنے ظاہر مت کرو بلکہ اس عیب کو چھپائے رکھو، اگر تم اس دنیا میں کسی کے عیب کو چھپاؤ گے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن پورے لوگوں سے تمہارے عیب کو چھپا دیں گے۔

## آداب

موبائیل سے جب ہم کسی سے بات کریں تو پہلے سلام کریں اور اپنا نام اور تعارف پیش کریں۔ یہ نہ کہیں کہ میں بول رہا ہوں، میں تو ہر ایک ہوتا ہے اور یہ بھی نہ کہیں کہ پہچانئے کون ہوں؟ ہم نے کسی کو اس لئے فون نہیں کیا ہے کہ ان کی عقلمندی کا امتحان لیں، بغیر تکلف کے اپنا نام اور مقام بتلا دیں، مزید وضاحت کی ضرورت پڑے تو اپنا مکمل تعارف کروا دیں۔ یہاں تک کہ وہ سمجھ جائیں کہ آپ کون بات کررہے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 66

## Verse

In verse number 9 & 10 of Surah Shams, Allah (SWT) states:

قَدۡ اَفۡلَحَ مَنۡ زَکّٰھَا ۔ وَ قَدۡ خَابَ مَنۡ دَسّٰھَا۔

Indeed he is successful who purifies his own self. And indeed he is a failure who corrupted it.

Friends! We cleanse our body daily and keep the clothes clean, but have you ever thought about keeping the heart clean, cleansing the soul and heart of all kinds of sins; if we keep our heart and soul clean of sins, we shall be considered successful in the sight of our Lord.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Omar (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever concealed the flaw of a Muslim, Allah will conceal his flaw on the Day of Resurrection. (Bukhari and Muslim)

Friends! When you find flaws in your relatives, neighbours or friends do not expose them to the people but instead conceal them; if you conceal the flaw of someone in this world, Allah will conceal your flaws from all people on the Day of Judgement.

## Good Manners

Whenever you speak to someone on the mobile phone, first say Salaam and give your name and introduction. Neither say that I am speaking-I could be anyone, nor say that guess who is it? We have not called anyone to test their intellect; frankly tell your name and location, if needed give your complete introduction until the other party recognises you.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# سبق نمبر۔67

## آیتِ شریفہ

سورۃ اللیل کی آیت نمبر 5 تا 7 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**فَاَمَّا مَنۡ اَعۡطٰى وَاتَّقٰى. وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰى. فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡيُسۡرٰى.**

جس شخص نے اللہ کے راستے میں اپنا مال دیا اور تقویٰ اختیار کیا اور سب سے اچھی بات یعنی دینِ اسلام کو دل سے مانا تو ہم اس کو آرام کی منزل یعنی جنت تک پہنچنے کی تیاری کرا دیں گے۔

دوستو! مرنے کے بعد جنت ملنے کی تیاری کرنے کا اگر پختہ ارادہ ہو تو سب سے پہلے اللہ کی راہ میں اپنا مال دو پھر اللہ سے ڈرو اور اسلام کی ساری باتوں کو دل سے مان لو یہی ہے جنت کو حاصل کرنے کا بہترین فارمولہ۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو کوئی کسی مسلمان کی مصیبت کو دور کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کی سختیوں کو اس سے دور کر دے گا۔

دوستو! جب بھی ہم کسی کو دیکھیں کہ وہ کسی مشکل، مصیبت اور تکلیف میں ہے تو ہم جہاں تک ہو سکے اس کی مشکل، مصیبت اور تکلیف کو دور کرنے کی کوشش کریں اگر ہم ایسا کریں گے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کی ہماری مصیبت اور تکلیف کو دور کر دے گا۔ (بخاری و مسلم)

## آداب

آپ اگر راستہ چل رہے ہوں اور کوئی آپ سے کسی مقام کا پتہ پوچھے تو خوشدلی سے اس طرح راستہ بتلائیں کہ سامنے والے کو اطمینان ہو جائے اور وہ منزل پر پہنچ کر آپ کے حق میں دعاء دے سکے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 67

## Verse

In verse numbers 5-7 of Surah Layl, Allah (SWT) states:

فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی. وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی. فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْیُسْرٰی.

So he who spends his wealth in the cause of Allah and adopts piety, and in all sincerity testifies to the best i.e. Islam, We will indeed make smooth for him the path to bliss i.e. Paradise.

Friends! If you are firmly resolved to attain Paradise after death, spend your wealth in the cause of Allah and then fear Allah and wholeheartedly accept all the tenets of Islam; this is the best formula to get to Paradise.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Omar (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: He who relieves a hardship of a Muslim, Allah will relieve hardships of the Day of Resurrection for him. (Bukhari & Muslim)

Friends! Whenever we find someone in a difficulty, trouble or suffering, we must try to remove the same as far as possible; if we do so, Allah will remove our suffering and pain on the Day of Judgement.

## Good Manners

If you are on the way and if someone enquires you about an address, you must pleasantly show them the way in such a manner that the other person is satisfied and is able to reach their destination and pray for you.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ......سبق نمبر۔68......

## آیتِ شریفہ

سورۃ اللیل کی آیت نمبر 8 اور 10 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَاَمَّا مَنۡۢ بَخِلَ وَاسۡتَغۡنٰى. وَكَذَّبَ بِالۡحُسۡنٰى. فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡعُسۡرٰى.**

جس شخص نے بخل سے کام لیا اور اللہ تعالیٰ سے بے نیازی اختیار کی اور سب سے اچھی بات یعنی دینِ اسلام کو جھٹلایا ہم اس کو تکلیف کی منزل یعنی دوزخ تک پہنچنے کی تیاری کرادیں گے۔

دوستو! مرنے کے بعد دوزخ جیسی بدترین جگہ سے بچنے کا عزم وارادہ ہو تو ہمیں بخیلی سے بچنا ہوگا اور اللہ تعالیٰ کے محتاج بن کر جینا ہوگا اور دین کی ساری باتوں کو ماننا ہوگا' اسی صورت میں ہم دوزخ سے بچ پائیں گے۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کے بڑے بھائی کا حق چھوٹے بھائی پر ویسا ہی ہے جیسا باپ کا حق بیٹے پر۔

دوستو! اگر اللہ تعالیٰ نے تمہیں بڑے بھائی عطا کئے ہوں تو تم اپنے بڑے بھائی کا حق ایسے ہی ادا کرو جیسا کہ باپ کا حق ادا کرتے ہو۔

## آداب

ہر کام کو دلچسپی اور محنت کے ساتھ کرنا چاہیئے، سستی اور بے رغبتی اور کاہلی سے کیا جانے والا کام مکمل نہیں ہوتا، کام کے دوران اپنے ساتھی پر بوجھ زیادہ ڈالنے کی کوشش نہ کریں بلکہ خود زیادہ محنت کرنے کی کوشش کریں۔ جو کام بھی کریں پختہ ارادہ سے کریں اور اس احساس اور یقین کے ساتھ کام کریں کہ یہ کام اچھے نتیجہ تک پہنچے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 68

## Verse

In verse numbers 8-10 of Surah Layl, Allah (SWT) states:

وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى. وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى. فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى.

And as for him who is miserly and considers himself free from need of Allah, And rejects the best i.e. Islam, We will indeed make smooth for him the path to misery i.e. Hellfire.

Friends! If you are determined to avoid a worst place like Hell, you must avoid stinginess and lead a life dependent on Allah and accept all the tenets of faith; then only you will be saved from Hellfire.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated: The right of an elder brother upon his younger brother is like the right which a father has upon his son.

Friends! If Allah has given you an elder brother, then give him the right as you would give to your father.

## Good Manners

Every work must be done with interest and hard work, work done with unwillingness, sloth and laziness is not accomplished; do not try to burden your partner during the work but try to work hard yourself. Do work with strong resolve and with the belief that it will fetch good result.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔69

## آیتِ شریفہ

سورۃ الضحیٰ کی آیت نمبر 9 اور 10 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**فَاَمَّا الۡیَتِیۡمَ فَلَا تَقۡهَرۡ. وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡهَرۡ.**

جو یتیم ہے تم اس پر سختی مت کرو اور جو سوال کرنے والا ہے اس کو جھڑکی مت دو۔

دوستو! جن بچوں کے باپ اس دنیا سے چلے گئے انہیں یتیم کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے یتیموں کے ساتھ سختی کرنے سے روکا ہے اور جو لوگ مصیبت اور مجبوری میں ہاتھ پھیلا کر مانگتے ہیں انہیں جھڑکی دینے سے بھی اللہ تعالیٰ نے روکا ہے۔

آؤ! آج ہم عہد کریں کہ ہم یتیم کے ساتھ سختی سے نہیں پیش آئیں گے اور مانگنے والوں کو جھڑکی نہیں دیں گے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو شریح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے اپنے مہمان کا احترام کرنا چاہئے۔

دوستو! ہمارے گھر اگر کہیں سے مہمان آئیں تو ہمارے نبی ﷺ کی ہمیں یہ تعلیم ہے کہ ہم اپنے مہمان کا احترام کریں، ان کا استقبال کریں، ان کے ساتھ محبت سے بات کریں، ان کے کھانے پینے اور آرام و راحت کا خیال رکھیں۔

## آداب

دوستو! تم خود بھی برائیوں سے بچو اور اچھے کام کرنے کا جذبہ دل میں پیدا کرو، اس کے ساتھ ساتھ اپنے ساتھیوں اور دوستوں میں اچھے کام کرنے کے جذبات پیدا کرو اور برے کاموں سے ان کو اچھی تدبیر کے ساتھ روکو۔ یاد رکھو خوشدلی اور نیک نیتی سے لگایا ہوا درخت ہمیشہ اچھا پھل دیتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 69

## Verse

In verse number 9 & 10 of Surah Zuha, Allah (SWT) states:

فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ. وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْ.

Therefore, as for the orphan, do not treat with harshness, and as for the petitioner, do not scold him;

Friends! The children whose father has left this world are called orphans; Allah has strictly forbidden being harsh to the orphans; and to scold those people who beg out of distress and helplessness.

Come! Today let us pledge that we will not be harsh to the orphans and scold the beggars.

## Hadees

Hazrat Abu Sharee (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever believes in Allah and the Hereafter must honour his guest.

Friends! If a guest visits our home then it is the teaching of our Prophet (SAW) that we honour our guest; welcome them, talk to them with love and take care of their food and rest.

## Good Manners

Friends! Refrain from evil and create a sense of doing good deeds in the heart and as well create the sense of doing good deeds in your colleagues and friends and prevent them from evil deeds. Remember a tree planted with a good heart and intention bears good fruit.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# سبق نمبر۔70

## آیتِ شریفہ

سورۃ الانشراح کی آیت نمبر 5 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا.**

حقیقت یہ ہے کہ مشکلات کے ساتھ آسانی بھی ہوتی ہے۔

دوستو! جب کبھی تم کو کوئی کام مشکل نظر آجائے تو اس آیت کو ذہن میں بٹھالو اور اس مشکل وقت میں اس آیت کو یاد کرلو وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا میں ہر مشکل کام کے ساتھ ایک آسانی بھی رکھی ہے، جب کوئی مشکل بات آتی ہے تو اس کے بعد ضرور آسانی بھی آنے والی ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، مسلمان کے مسلمان پر پانچ حق ہیں، پہلا حق سلام کا جواب دینا، دوسرا حق بیمار کی عیادت کرنا، تیسرا حق جنازے کے ساتھ جانا، چوتھا حق دعوت قبول کرنا، پانچواں حق چھینک لینے والے کو یرحمک اللہ کے ذریعہ دعا دینا۔

دوستو! یہ مسلمانوں کے آپسی حق ہیں، جو بھی بیمار ہو ہم اس کی مزاج پرسی کریں، جنازے کے ساتھ ساتھ جائیں، دعوت دے تو قبول کریں، کوئی سلام کرے تو جواب دیں اور کوئی چھینک کر الحمدللہ کہے تو اس کے جواب میں یرحمک اللہ کہیں۔

## آداب

اپنے اسکول کے مانیٹر کی بات مانو، وہ تمہارا امیر ہے اور امیر کی بات ماننا بھی اسلامی تعلیمات کا حصہ ہے، یہ زندگی کا اصول ہے کہ ساری کلاس یا جماعت اپنے لئے ایک امیر یا مانیٹر یا ہیڈ تسلیم کرے، ہم نماز با جماعت ادا کرتے ہیں تو امام مقرر کرتے ہیں اور امام کے اشارے پر رکوع، سجدہ، قعدہ، قیام اور سلام کرتے ہیں، زندگی گزارنے میں بھی یہی اصول ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 70

## Verse

In verse number 5 of Surah Alam Nashra, Allah (SWT) states:

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا.

For indeed, with hardship will be ease.

Friends! Whenever you find a work difficult, then bear this verse in mind and recollect it at that difficult time that Allah has placed ease after every difficult task in this world; after every hardship there indeed will be ease.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Every Muslim has five rights over another Muslim; first right is to return Salaam; second right is to visit the sick; third right is to accompany funeral processions; fourth right is to accept an invitation and fifth right is to respond to the sneezer with Yarhamuk-Allah.

Friends! These are the mutual right of Muslims that we visit those who are sick; go with the funeral; accept an invitation; return a Salaam and if someone says Alhamdulillah after sneezing, respond with Yarhamuk-Allah.

## Good Manners

Listen to your school monitor; he is your leader and heeding to a leader is also a part of Islamic teachings; it is a rule of life that the entire class accept a leader or monitor; we offer Namaz in a congregation behind a Imam and on his indication do Ruku, Sajda, Qaida, Qiyam and Salam; the same principle applies to living a life.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔ 71

## آیتِ شریفہ

سورۃ العلق کی ابتدائی آیات میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ الَّذِیۡ خَلَقَ. خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ عَلَقٍ. اِقۡرَاۡ وَرَبُّکَ الۡاَکۡرَمُ. الَّذِیۡ عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ.**

پڑھو اپنے رب کا نام لے کر جس نے سب کچھ پیدا کیا' اس نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ہے' پڑھو اور تمہارا رب سب سے زیادہ کرم والا ہے جس نے قلم سے تعلیم دی۔

دوستو! یہ قرآنِ مجید کی سب سے پہلی آیت جو غارِ حراء میں ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر نازل ہوئی۔ اس آیت میں پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے' جس قوم میں تعلیم حاصل کرنے کا شوق اور جذبہ ہے وہ قوم زندہ قوم ہے' جس قوم میں تعلیم نہیں وہ مردہ قوم ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا، ایک عورت کو بلی پر ظلم کرنے کی وجہ سے عذاب دیا گیا' اس عورت نے بلی کو پکڑے رکھا نہ اس کو کھلایا اور نہ کچھ پلایا یہاں تک کہ وہ بلی مر گئی' اسی جرم کی وجہ سے وہ عورت دوزخ میں ڈال دی گئی۔

دوستو! کسی بھی جانور کو ستانا' مارنا' تکلیف دینا درست نہیں' ہاں اگر موذی جانور ہے مثلاً سانپ اور بچھو وغیرہ تو ان کو مارنا درست ہے۔

## آداب

اپنے ساتھیوں کے ساتھ نرم رویہ رکھیں' جو ساتھی عمر میں کم ہیں ان کے ساتھ شفقت کریں' اپنے سے جو کمزور ہیں ان کے ساتھ ہمدردی کریں اور اگر ساتھیوں میں اختلاف ہو جائے تو انصاف کی بات کریں۔ اللہ تعالیٰ ایسی صفتوں سے بہت خوش ہوتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 71

## Verse

In the initial verses of Surah Alaq, Allah (SWT) states:

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ. خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ. اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ.اَلَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ.

Read! In the Name of your Lord, Who has created all that exists, he has created man from a piece of thick viscous blood. Read! And your Lord is the Most Generous, Who has taught the writing by the pen.

Friends! This is the first verse of the Holy Quran revealed to our Prophet, Hazrat Mohammad Mustafa (SAW) in the cave of Hira. In this verse, it has been commanded to read; the community that has the passion and enthusiasm to get education is a living community; the community devoid of education is a dead one.

## Hadees

Hazrat Ibn Omar (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: A woman was given punishment for torturing her cat; the woman held the cat and did not feed or water it until it died; the woman was put in the Hell because of this sin.

Friends! It is not correct to torture, hit or hurt any animal; however it is lawful to kill lethal animals like snakes and scorpions, etc.

## Good Manners

Be kind to your colleagues; be affectionate with those who are younger and sympathetic to those who are weak and if disagreement arises between colleagues do justice. Allah is extremely pleased with such traits.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔72

## آیتِ شریفہ

سورۂ بینہ کی آیت نمبر 7 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِکَ ھُمۡ خَیۡرُ الۡبَرِیَّۃِ.

جو لوگ ایمان لے آئے اور انہوں نے نیک اعمال کئے ہیں یہ لوگ ساری مخلوق سے بہتر ہیں۔

دوستو! آدمی خوبصورتی کی وجہ سے بہترین نہیں ہوجاتا' آدمی مال و دولت کی کثرت سے بہترین نہیں ہوجاتا بلکہ آدمی اس وقت بہترین لوگوں میں شمار ہوتا ہے جب کہ وہ اس دنیا میں ایمان کے ساتھ نیک اعمال یعنی اچھے اچھے کام کرے۔

## حدیثِ شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، اللہ کے راستہ میں مجھے اتنا ڈرایا دھمکایا گیا کہ کسی اور کو اتنا نہیں ڈرایا گیا اور اللہ کی راہ میں مجھے اتنا ستایا گیا کہ کسی اور کو اتنا نہیں ستایا گیا۔

دوستو! ہمارے نبی ﷺ نے ہم تک اس دین کو پہنچانے میں کتنی تکلیفیں اٹھائیں کیا ہم اتنا بھی نہیں کرسکتے کہ آپ ﷺ کی اطاعت و فرمانبرداری کریں۔

## آداب

کسی بھی شخص کی حقیقی خیر خواہی اور بھلائی اس کے غائبانہ میں ہوتی ہے' مثلاً کلاس سے آپ کا دوست غائب ہے اور اس کی چیزیں کلاس میں رکھی ہوئی ہیں تو آپ کی اخلاقی ذمہ داری ہے کہ اس کی ان چیزوں کی حفاظت کریں' جیسے ہم اپنی چیزوں کی حفاظت کرتے ہیں' ہر ایک کی بھلائی چاہنے والوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ بھی بھلائی چاہتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 72

## Verse

In verse number 7 of Surah Bayyina, Allah (SWT) states:

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِکَ ھُمْ خَیْرُالْبَرِیَّۃِ.

Verily, those who believe and do righteous deeds, they are the best of creatures.

Friends! A person does not become excellent either due to beauty or due to abundance of wealth; he becomes an excellent person when he, along with faith, does good deeds in the world.

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: No other person had been more intimated and threatened in the cause of Allah like I had been and no other person had been persecuted in the cause of Allah like I had been.

Friends! Our Prophet (SAW) has faced so many difficulties in conveying this religion to us; can't we do as little as obeying and following him (SAW).

## Good Manners

One can be really kind and good to a person in his absence; for example, if any of your friend is absent from the class and if any of his belonging is kept in the class, then it becomes your moral responsibility to protect their belonging as you would protect your belonging; Allah causes good to those who are good to all.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔ 73 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الزلزال کی آیت نمبر 7 اور 8 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**فَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّۃٍ خَیۡرًا یَّرَہٗ. وَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ.**

جس نے ذرہ برابر کوئی اچھائی کی ہوگی وہ اسے دیکھے گا اور جس نے ذرہ برابر کوئی برائی کی ہوگی وہ اسے دیکھے گا۔

دوستو! دنیا میں ہم جتنے بھی نیک عمل کر رہے ہیں اس کا پھل اور نتیجہ آخرت میں دیکھیں گے اور دنیا میں جو کچھ ہم برائی کر رہے ہیں اس کا برا نتیجہ بھی آخرت میں ہم دیکھیں گے، اس لئے ہمیں آج فیصلہ کرنا ہوگا کہ ہم صرف اور صرف اچھے کام ہی کریں گے تاکہ آخرت میں اچھا انجام پاسکیں۔

## حدیثِ شریف

حضور ﷺ نے دین کی دعوت کا آغاز فرمایا تو ساری قوم آپ ﷺ کی دشمن بن گئی، لیکن اس حالت میں بھی سارے کفار و مشرکین آپ ﷺ کی امانت و دیانت میں شک نہیں کرتے تھے بلکہ یہ لوگ اپنا روپیہ پیسہ وغیرہ لاکر حضور ﷺ کے پاس ہی امانت رکھواتے اور مکہ میں آپ ﷺ سے بڑھ کر کسی کو امانت دار نہیں سمجھتے تھے۔

## ایک دعا یاد کر لیجئے

**رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الۡاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ.**

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی دے اور آگ کے عذاب سے ہمیں بچا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 73

## Verse

In verse number 7 & 8 of Surah Zalzala, Allah (SWT) states:

فَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّۃٍ خَیۡرًا یَّرَہٗ. وَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ.

So whosoever does good equal to the weight of an atom shall see it. And whosoever does evil equal to the weight of an atom shall see it.

Friends! We shall see the reward and result of all the good deeds we do in the world in the Hereafter; likewise we shall also face the consequences of the evil deeds; so let us decide today that we shall do only good deeds so that we may receive reward in the Hereafter.

## Hadees

When the Prophet (SAW) began invitation to Islam, the whole nation became his (SAW) enemy; but even in those circumstances, the infidels and idolaters did not doubt the integrity and trustworthiness of the Prophet (SAW); but they entrusted their wealth to the Prophet (SAW) and they did not find anyone more trustworthy than him (SAW) in the whole of Makkah.

## Learn a Dua today

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الۡاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّار.

Our Lord! Give us in this world that which is good and in the Hereafter that which is good, and save us from the punishment of the Fire!

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# سبق نمبر۔74

## آیتِ شریفہ

سورۃ القارعۃ کی آیت نمبر 6 اور 7 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

فَاَمَّا مَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَا زِيۡنُهٗ فَهُوَ فِىۡ عِيۡشَةٍ رَّاضِيَةٍ.

جس شخص کا پلڑا وزنی ہوگا تو وہ من پسند زندگی میں ہوگا اور جس کا پلڑا ہلکا ہوگا تو اس کا ٹھکانہ ایک گہرا گڑھا ہوگا۔

دوستو! دنیا میں جس طرح ترکاریاں اور اناج وغیرہ تولے جارہے ہیں اسی طرح قیامت کے دن ہمارے اعمال تولے جائیں گے اور جن کے نیک اعمال زیادہ ہوں گے ان کا پلڑا بھاری ہوگا اور ان کو عیش و آرام والی جنت میں داخل کردیا جائے گا اور جن کے نیک اعمال کا پلڑا خالی اور ہلکا ہوگا ان کو دوزخ میں داخل کردیا جائے گا۔

آ و! ہم آج سے اس بات کی کوشش کریں کہ ہمارے پلڑے کو نیک اعمال سے وزنی کریں۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن قرط رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، سب سے اول جس چیز کا سوال بندے سے ہوگا وہ نماز ہے، اگر وہ ٹھیک اتری تو اس کے سارے اعمال ٹھیک اتریں گے اور اگر وہ خراب نکلی تو اس کے سارے اعمال خراب نکلیں گے۔

دوستو! نماز پابندی کے ساتھ ادا کرو اس لئے کہ سب سے پہلے قیامت کے دن نماز کے بارے ہی میں پوچھا جائے گا۔

## آج ایک دعا یاد کرلیجئے

رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡ بَنَا بَعۡدَ اِذۡهَدَيۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ.

اے ہمارے رب! جب آپ نے ہمیں سیدھی راہ پر لگا دیا ہے تو پھر کہیں ہمارے دلوں کو کجی میں مبتلا نہ کرنا ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما یقیناً آپ خوب دینے والے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 74

## Verse

In verse numbers 6 and 7 of Surah Al-Qariya, Allah (SWT) states:

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَا زِیْنُہٗ فَھُوَ فِیْ عِیْشَۃٍ رَّاضِیَۃٍ.

Then as for him whose balance of good deeds will be heavy, He will live a pleasant life in Paradise. But as for him whose balance of good deeds will be light, He will have his home in Hell.

Friends! As vegetables and grains etc are weighed in the world, our deeds too shall be weighed on the Day of the Resurrection; and those whose scale of good deeds will be heavy shall be admitted to the blissful and luxuriant Paradise; and those whole scale of good deeds will be empty or light shall be cast into the Hellfire.

Come on! Let's strive from today to make the scale of our good deeds heavy.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Qurt (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: First of all a bondsman shall be questioned about his prayers; if his prayers are good, his other deeds too will be good and if his prayers are bad, his other deeds too will be bad.

Friends! Offer prayers punctually because it will be questioned about the prayers first on the Day of Resurrection.

## Learn a Dua today

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْھَدَیْتَنَاوَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ.

Our Lord! Let not our hearts deviate after you have guided us and grant us Mercy from Yourself. Indeed, you are the Bestower.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔75

## آیتِ شریفہ

سورۃ التّکاثُر کی آیت نمبر 8 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**ثُمَّ لَتُسۡـَٔلُنَّ یَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِیۡمِ.**

پھر تم سے اس دن نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں ہم کو دی ہیں، ان نعمتوں کے بارے میں سوال ہوگا کہ ان نعمتوں کا حق ادا کیا یا نہیں؟ ان نعمتوں کو صحیح طور پر استعمال کیا یا نہیں؟ ان نعمتوں پر شکر ادا کیا یا نہیں؟

## حدیثِ شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو کوئی نماز کو بھول گیا یا نماز کے وقت سوتا رہ گیا تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ جب یاد آئے یا سوکر اٹھے اسی وقت پڑھ لے۔ (بخاری و مسلم)

دوستو! نماز کو اپنے وقت پر پابندی سے ادا کرنا چاہئے اگر بھول جائیں یا نیند بیدار نہ ہو اور غفلت ہو جائے تو نیند بیدار ہوتے ہی فوراً ادا کرلیں۔

## آج ایک دعا یاد کر لیجئے

**رَبَّنَا اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّ ثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡن.**

اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل دے اور ہمارے قدموں کو مضبوط جما دے اور کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما دے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 75

## Verse

In verse number 8 of Surah Takasur, Allah (SWT) states:

ثُمَّ لَتُسۡـَٔلُنَّ یَوۡمَئِذٍ عَنِ النَّعِیۡمُ.

Then, on that Day, you shall be asked about the delights.

Friends! We shall be questioned about the blessings given by Allah that whether we have paid the right of those blessings; whether we have judiciously used those blessings and whether we have thanked for those blessings or not?

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Anyone who forgets prayer or was asleep at the time of prayer; then the expiation for that is to pray it when he remembers it or wakes up. (Bukhari and Muslim)

Friends! Namaz should be offered punctually; if it is forgotten or if one does not wake up and misses it, it must be offered immediately when one is awake.

## Learn a Dua today

رَبَّنَا اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّ ثَبِّتۡ اَقۡدَامَنَا وَانۡصُرۡنَا علَى الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡن.

Our Lord! Pour down patience upon us and make our steps firm and help us against the unbelieving people.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔76......

## آیتِ شریفہ

سورۃ العصر میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَالۡعَصۡرِ. اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِیۡ خُسۡرٍ. اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ وَ تَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ.**

زمانے کی قسم! انسان حقیقت میں بڑے گھاٹے میں ہے، سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائیں اور نیک عمل کریں اور ایک دوسرے کو حق بات کی نصیحت کریں اور ایک دوسرے کو صبر کی نصیحت کریں۔

دوستو! دنیا کا ہر شخص گھاٹے اور نقصان میں ہے مگر چار قسم کے کام کرنے والے نفع میں ہیں، وہ چار کام یہ ہیں، ایمان، نیک اعمال، ایک دوسرے کو حق بات کی نصیحت کرنا اور ایک دوسرے کو صبر کی نصیحت کرنا۔

آ ؤ! ہم آج ہی سے اپنے ایمان اور نیک اعمال کے ساتھ ایک دوسرے کو حق بات کی نصیحت کریں اور ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کریں۔

## حدیثِ شریف

ایک بار مغرب کی نماز کے بعد کچھ لوگ عشاء کی نماز کا انتظار کر رہے تھے۔ نبی کریم ﷺ تشریف لائے اور آپ اس قدر تیز تیز چل کر آئے کہ آپ ﷺ کی سانس پھول گئی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا، لوگو! خوش ہو جاؤ تمہارے رب نے آسمان کا ایک دروازہ کھول کر تمہیں فرشتوں کے سامنے کیا اور فخر کے طور پر فرمایا، دیکھو! یہ میرے بندے ایک نماز ادا کر چکے اور دوسری نماز کا انتظار کر رہے ہیں۔ (ابنِ ماجہ)

## آداب

جمعہ کے دن نہانے دھونے اور اپنے جسم کو خوب صاف ستھرا رکھنے کا اہتمام کریں۔ جمعہ کے دن مسجد جانے سے پہلے خوشبو لگائیں، اگر آپ بڑی عمر کے ہوں تو مسجد میں اگلی صفوں میں بیٹھ جائیں، غور سے خطبہ سنیں، مسجد میں دوستوں کے ساتھ بیٹھ کر باتیں نہ کریں، ہنسی مذاق نہ کریں، مسجد اللہ کا گھر ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 76

## Verse

In the first three verses of Surah Asr, Allah (SWT) states:

وَالۡعَصۡرِ. اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِیۡ خُسۡرٍ. اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ وَ تَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ.

I swear by the time, surely man is indeed in utter loss, except those who have believed, and done deeds of righteousness, and enjoined each other to the truth, and enjoined each other to patience.

Everyone in the world is at loss except those who do four types of deeds; those four deeds are faith, good deeds, reminding others of the truth and exhorting one another to patience.

Come! From today we- along with faith and good deeds- exhort one another to truth and patience.

## Hadees

Once some people were waiting for Isha prayers after Maghrib prayers that Prophet (SAW) arrived; he was walking briskly and breath was heavy. He (SAW) said: O People! Cheer up, your Lord has opened a door of the sky and placed you in front of the Angels and proudly said: Look! These bondsmen of mine have offered one prayer and have been waiting for another prayer. (Ibn Majah)

## Good Manners

Make it a habit to take a bath on Friday and keep your body clean. Apply perfume before going to mosque on Friday; if you are gown up, sit down in front rows of the mosque; listen to the sermon attentively; do not sit with friends in mosque talking and frolicking; mosque is a house of Allah.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# سبق نمبر۔77

## آیتِ شریفہ

سورۃ الماعون کی پہلی تین آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اَرَاَ یْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ . فَذٰلِکَ الَّذِیْ یَدُ عُّ الْیَتِیْمَ. وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْکِیْنِ.**

کیا تم نے اسے دیکھا جو جزا و سزا کو جھٹلاتا ہے وہی تو ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے اور مسکین کو کھانا دینے کی ترغیب نہیں دیتا۔

دوستو! ان آیات پر غور کرو کہ یتیم کو دھکے دے کر گھر سے بے گھر کرنا اور مسکینوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہ دینا گویا آخرت کو جھٹلانے کے برابر ہے۔ ہمیں چاہئے کہ ہم یتیموں کے ساتھ اچھا سلوک کریں اور مسکینوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تین وقتوں میں نماز پڑھنے سے رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا ہے اور انہی اوقات میں مُردوں کو دفن کرنے سے بھی یعنی نماز جنازہ پڑھنے سے بھی منع فرمایا ہے، (۱) طلوع آفتاب یعنی سورج نکلنے کے وقت (۲) زوال کے وقت جب کہ سورج بالکل اوپر آجائے (۳) غروب آفتاب یعنی سورج ڈوبنے کے وقت۔ (مسلم)

معلوم ہوا کہ ان تین اوقات میں نماز نہیں پڑھنا چاہئے۔

## آداب

ذوق وشوق سے قرآنِ مجید کی تلاوت کریں۔ روزانہ تھوڑی دیر ہی سہی ضرور اللہ کی مقدس کتاب قرآنِ مجید پڑھیں۔ یہ سمجھ کر اللہ کی کتاب پڑھیں کہ یہ کتاب آسمان سے اللہ تعالیٰ نے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر اتاری ہے' اس کی ہر بات سچی اور کھری ہے اس میں حق ہی حق ہے حق کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 77

## Verse

In the first three verses Surah Maun, Allah (SWT) states:

اَرَأَ یْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ . فَذٰلِکَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ. وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْکِیْنِ.

Have you seen him who denies the Recompense? That is the one who repulses the orphan, and does not encourage the feeding of the poor.

Friends! Consider these verses that repulsing an orphan and not encouraging the feeding of the poor are equal to denying the Hereafter. Hence we must be good to the orphans and must encourage the feeding of the poor.

## Hadees

Hazrat Uqba bin Amer (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has forbidden offering prayer during three particular times and has also prohibited burying the dead i.e. offering Namaz-e-Janaza during those times (1) At the time of sunrise (2) When the sun is at horizon and (3) At the time of sunset. (Muslim)

## Good Manners

Recite Quran with enthusiasm. Read albeit for a little while, the Book of Allah. Read the Book of Allah considering that this book has been revealed from the skies to the Last Prophet Hazrat Mohammad Mustafa (SAW); that each word of it is true and perfect and that it contains truth and nothing but the truth.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ......سبق نمبر۔78......

## آیتِ شریفہ

سورۂ روم کی آیت نمبر 17 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**فَسُبۡحٰنَ اللّٰهِ حِيۡنَ تُمۡسُوۡنَ وَحِيۡنَ تُصۡبِحُوۡنَ.**

اللہ کی تسبیح کرو اس وقت بھی جب تمہارے پاس شام ہوتی ہے اور اس وقت بھی جب تم پر صبح طلوع ہوتی ہے۔

دوستو! جس رب ذوالجلال کی نعمتیں ہم استعمال کر رہے ہیں جس کے رحم و کرم سے اپنی زندگی بسر کر رہے ہیں اس رب ذوالجلال کی تسبیح ہم سب کو کرنا چاہئے، اس لئے ہمیشہ سبحان اللہ اور الحمدللہ کے گن گاتے رہو یہی ہماری حقیقی اور کامیاب زندگی ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے کعب بن عجرہ رضی اللہ ملے تو انہوں نے کہا کیا میں تمہیں ایک تحفہ پیش کروں جسے میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے میں نے کہا ضرور تو انہوں نے کہا حضور ﷺ سے میں نے عرض کیا کہ آپ نے ہمیں حضور ﷺ پر سلام بھیجنے کا طریقہ تو بتا دیا لیکن ہم درود کس طرح بھیجیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ان الفاظ میں، **اللھم صلی علی محمد و علیٰ اٰل محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلیٰ اٰل ابراھیم انک حمید مجید اللھم بارک علیٰ محمد وعلیٰ اٰل محمد کما بارکت علی ابراھیم وعلی اٰل ابراھیم انک حمید مجید.** (بخاری ومسلم)

## آداب

قرآنِ مجید کی تلاوت سے پہلے پاکی صفائی کا اہتمام کریں، بغیر وضو کے قرآنِ مجید کو چھونے سے پرہیز کریں، پاک جگہ پر بیٹھ کر پورے ادب اور عظمت کے ساتھ قرآنِ مجید پڑھیں، دوزانو ہو کر بیٹھیں، قبلہ کی طرف رخ کر کے بیٹھیں، پوری توجہ سے قرآنِ مجید کی تلاوت کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 78

## Verse

In verse number 17 of Surah Rome, Allah (SWT) states:

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ.

So glorify Allah when you reach the evening and when you reach the morning.

Friends! We must glorify the Glorious Lord whose blessings we are enjoying and with whose Mercy we are living; hence we must always praise Him with Subhan Allah and Alhamdulillah; this alone is our real and successful life.

## Hadees

Hazrat Abdul Rahman (RA) has narrated that Kaab bin Ujrah (RA) met and said: Shall I present you with sometime that I heard from the Messenger of Allah (SAW)? I said: Sure; so he said: We told the Prophet (SAW) that he showed us the method to send Salaam on the Prophet (SAW), but how shall be send Durood? He (SAW) replied in these words:

اللهم صلی علی محمد و علٰی اٰل محمد کما صلیت علی ابراهیم وعلٰی اٰل ابراهیم انک حمید مجید اللهم بارک علٰی محمد وعلٰی اٰل محمد کما بارکت علی ابراهیم وعلی اٰل ابراهیم انک حمید مجید. (Bukhari and Muslim)

## Good Manners

Maintain cleanliness before the recitation of Holy Quran; avoid touching the Quran without ablution; sit in a clean place and recite the Quran with all respect and dignity; sit in the kneeling position and face towards Qibla; read the Quran with utmost attention.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔79 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ روم کی آیت نمبر 22 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَمِنۡ اٰیٰتِہٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَاخۡتِلَافُ اَلۡسِنَتِکُمۡ وَاَلۡوَانِکُمۡ، اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلۡعٰلِمِیۡنَ.**

اور اس کی نشانیوں کا ایک حصہ آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور رنگت کا اختلاف بھی ہے۔

دوستو! یہ بلند آسمان قدرت کی ایک نشانی ہے اور کشادہ زمین بھی قدرت کی ایک نشانی ہے اور تمہاری زبان سے جو باتیں نکلتی ہیں کہ ایک ہی زبان سے انگریزی، اردو، تلگو، مرہٹی اور ہندی وغیرہ زبانیں نکلتی ہیں، یہ بھی قدرت کی ایک نشانی ہے اور ہمارے چہروں کے جو مختلف رنگ ہیں کہ کوئی کالا ہے تو کوئی گورا ہے، یہ بھی قدرت کی نشانی ہے۔

## حدیثِ شریف

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا کسی مسلمان نے اپنے مسلمان بھائی کو کپڑے پہنائے تو جب تک وہ کپڑے پہننے والے کے بدن پر رہیں گے پہنانے والے کو اللہ تعالیٰ اپنی نگرانی اور حفاظت میں رکھے گا۔ (ترمذی)

## آداب

قرآنِ مجید کو تجوید سے پڑھیں، قرآنِ مجید کے ہر ہر حرف کو ٹھیک ٹھیک ادا کریں۔ ٹھہر ٹھہر کر قرآنِ مجید پڑھیں، کسی اچھے ایسے استاذ سے قرآنِ مجید سیکھیں جو تجوید کے ساتھ قرآنِ مجید پڑھاتے ہوں۔ بغیر تجوید قرآنِ مجید پڑھنا درست نہیں ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 79

## Verse

In verse number 22 of Surah Rome, Allah (SWT) states:

وَمِنْ اٰیٰتِہٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِکُمْ وَاَلْوَانِکُمْ، اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ.

And one of His signs is the creation of the heavens and the earth and the diversity of your languages and colours;

Friends! The high skies are a sign of nature so as the vast land; the various languages you speak with the same tongue, English, Urdu, Telugu, Marathi, Hindi etc too are the signs of nature; also that our faces are of various shades, someone is dark coloured while the other fair.

## Hadees

The Prophet (SAW) said: If a Muslim clothes his Muslim brother, he shall be in the custody and shelter of Allah as long as the cloth is on the body of the clothed person. (Tirmizi)

## Good Manners

Read Quran with Tajweed; read each letter of the Quran correctly; read the Holy Quran with punctuation, learn Quran from a good teacher who teaches with Tajweed. It is not valid to read Quran without Tajweed.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔80 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ روم کی آیت نمبر 31 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

مُنِیۡبِیۡنَ اِلَیۡهِ وَاتَّقُوۡهُ وَ اَقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ وَلَا تَکُوۡنُوۡا مِنَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ.

تم اسی ایک اللہ کی طرف رجوع کیئے رہو اور اسی سے ڈرتے رہو اور نماز قائم کرو اور ان لوگوں کے ساتھ شامل نہ ہو جو شرک کا ارتکاب کرتے ہوں۔

دوستو! ہم سب کو اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان رکھنا چاہئے اور یہ یقین رکھنا چاہئے کہ ہمارے سارے کام اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہیں ہمیں اسی ایک اللہ سے ڈرنا بھی چاہئے اور نماز کی پابندی رکھنی چاہئے اور شرک سے دور رہنا چاہئے اور اسی سے ہر چیز مانگنی چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس مرد پر لعنت کی ہے جو عورتوں کا سا لباس پہنے اور اس عورت پر بھی لعنت کی ہے جو مردوں کا سا لباس پہنے۔

دوستو! جو لباس مردوں اور لڑکوں کا ہے وہ لڑکوں اور مردوں کو پہننا چاہئے اور جو لباس عورتوں اور لڑکیوں کا ہے وہ لباس عورتوں اور لڑکیوں کو پہننا چاہئے' لڑکوں کو لڑکیوں کا لباس اور لڑکیوں کو لڑکوں کا لباس نہیں پہننا چاہئے۔

## آداب

اگر آپ ٹرین' ہوائی جہاز یا بس وغیرہ میں سفر کر رہے ہوں تو آپ کے قریب میں بیٹھے ہوئے افراد سے خوشدلی سے بات کریں' ان کی خیریت دریافت کریں اور یہ نہ دیکھیں کہ وہ کس مذہب کا آدمی ہے بلکہ یہ دیکھیں کہ وہ ایک انسان ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 80

## Verse

In verse number 31 of Surah Rome, Allah (SWT) states:

مُنِیْبِیْنَ اِلَیْهِ وَاتَّقُوْهُ وَ اَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ.

Turn to Allah, the One, and fear Him and establish prayer and do not be of those who associate others with Allah.

Friends! We all should pay attention to Allah and must have the belief that all our actions are in His hands; we must fear Allah alone and must be punctual in prayers; we must stay away from Shirk and ask Allah alone.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has cursed the man who wears a woman's clothing and the woman who wears a man's clothing. (Ibn Majah)

Friends! Men and boys should wear the clothes meant for them and the women and girls must wear the clothes meant for them; males must not wear the clothing of females and vice versa.

## Good Manners

While travelling in train, aeroplane or bus, you must converse pleasantly with your fellow passengers; enquire about their wellbeing, irrespective of their religion, with a spirit of humanity.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔81 ......

## آیتِ شریفه

سورۂ روم کی آیت نمبر 37 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اَوَلَمۡ یَرَوۡا اَنَّ اللّٰہَ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَ یَقۡدِرُ.

کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ اللہ جس کے لئے چاہتا ہے رزق کشادہ کر دیتا ہے اور جس کیلئے چاہے تنگ کر دیتا ہے۔

دوستو! دنیا میں رزق ہر ایک کو برابر نہیں ملتا' کسی کو زیادہ اور کسی کو کم ملتا ہے اور یہ اللہ کے ارادہ کی بنیاد پر ہے چنانچہ اس آیت میں یہی بات بتلائی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتے ہیں زیادہ اور کشادہ روزی دیتے ہیں اور جس کو چاہتے ہیں کم دیتے ہیں' ہمیں اللہ کے اس فیصلہ پر راضی رہنا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تین آدمیوں پر رحمت کی نگاہ نہ ڈالے گا (۱) اپنے والدین کا نافرمان (۲) لباس اور فیشن میں مردوں کی طرح فیشن کرنے والی عورت (۳) بے غیرت۔

دوستو! اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ اگر ہم اپنے ماں باپ کی نافرمانی کریں گے اور بے حیائی اور بے غیرتی کا رویہ اختیار کریں گے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے محروم ہو جائیں گے۔

## آداب

دنیا میں ہر قسم کے حالات آتے ہیں، ہمیں ہر حال میں اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا چاہئے اور خوف، مایوسی اور بزدلی کے ساتھ زندگی بسر نہیں کرنا چاہئے بلکہ ہمت اور محنت کی روش رکھنی چاہئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 81

## Verse

In verse number 37 of Surah Rome, Allah (SWT) states:

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ يَقْدِرُ.

Do they not see that Allah enlarges the provision and restricts it, to whomsoever He pleases?

Friends! The provision of everyone in the world is not equal; some get more and some less and it is based on the will of Allah; hence in this verse it has been stated Allah enlarges the provision to whoever He pleases and restricts the same for whoever he desires; we must be contented with this decision of Allah.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Omar (RA) has narrated the Messenger of Allah (SAW) has stated: Allah will not cast the look of mercy on the Day of Judgment upon three types of people (1) The one who is disobedient to parents (2) Woman who imitates the clothing and fashion of men (3) Shameless person.

## Good Manners

All kinds of situations arise in the world; we must have trust in Allah and must not live in fear, desperation and cowardice, but should adhere to perseverance and hard work.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔82......

## آیتِ شریفه

سورۂ روم کی آیت نمبر 38 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

فَاٰتِ ذَا الۡقُرۡبٰی حَقَّهٗ وَالۡمِسۡکِیۡنَ وَابۡنَ السَّبِیۡلِ.

تم رشتہ دار کو اس کا حق دو اور مسکین اور مسافر کو بھی اس کا حق دو۔

دوستو! ہم اس دنیا میں اکیلے نہیں ہیں کہ صرف اپنا ہی خیال رکھ لیں اور کافی ہو جائے بلکہ ہم سب اپنے رشتہ داروں، دوست احباب اور پڑوسیوں وغیرہ کے ساتھ زندگی بسر کر رہے ہیں ہمیں اپنے رشتہ داروں کے جو حق ہیں وہ ادا کرنا چاہئے اسی طرح مسکینوں اور مسافروں کے حق بھی ادا کرنا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم میں سے کوئی شخص مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کیلئے وہی کچھ پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

دوستو! اگر ہمیں کامل و مکمل مومن و مسلمان بننا ہے تو ہمیں اپنے بھائیوں کے لئے وہی پسند کرنا ہے جو ہم اپنے لئے پسند کرتے ہیں، اگر ہم اپنے لئے اچھی چیز پسند کریں اور دوسروں کیلئے گھٹیا چیز پسند کریں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم کامل و مکمل مومن و مسلمان نہیں ہیں۔

## آداب

ہم جب سب کے ساتھ رہیں تو سب کا لحاظ رکھنا چاہئے، سب کے مزاج کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلہ کرنا چاہئے، اجتماعی کاموں میں کسی کا دل توڑنے سے گریز کرنا چاہئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 82

## Verse

In verse number 38 of Surah Rome, Allah (SWT) states:

فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰی حَقَّهٗ وَالْمِسْكِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِ.

So give the relative his right, as well as the needy and the traveller.

Friends! We are not alone in this world that we just take care of ourselves and be content; since we live in the company of our relatives, friends and neighbours, we should pay the rights of the relatives; likewise we should pay the rights of the poor and travellers.

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: None of you is a believer until he desires for his brother that he desires for himself.

Friends! If we want to be perfect and total believers and Muslims, we have to like it for our brothers that we like for ourselves; if we choose good things of ourselves and bad ones for others, it means that we are not perfect and absolute believers and Muslims.

## Good Manners

When we are together, we should be considerate of all; we must take decision considering the temperaments of all; we must avoid disheartening anyone in the collective tasks.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# ...... سبق نمبر۔83 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ روم کی آیت نمبر 48 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اَللّٰهُ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِى السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ .**

اللہ ہی وہ ہے جو ہوائیں بھیجتا ہے چنانچہ وہ بادل کو اٹھاتی ہیں پھر وہ اس بادل کو جس طرح چاہتا ہے آسمان میں پھیلا دیتا ہے اور اس سے کئی تہوں میں تبدیل کر دیتا ہے تب تم دیکھتے ہو کہ اس بادل کے درمیان سے بارش برس رہی ہے۔

دوستو! غور کرو کہ کس طرح اللہ تعالیٰ بادلوں کو پھیلا کر ان بادلوں سے ہمارے لئے بارشیں برسا دیتے ہیں۔ اسی بارش سے زمین سے اناج، غلہ، ترکاریاں اور پھل پھلاریاں اگتی ہیں جن سے ہماری ضرورت پوری ہوتی ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

منافق کی تین نشانیاں ہیں، جب بات کرے تو جھوٹ بولے، جب وعدہ کرے تو اس کو پورا نہ کرے اور جب اس کو کسی چیز کی امانت رکھی جائے تو وہ خیانت کرے۔

دوستو! جھوٹ بولنا، وعدہ خلافی کرنا اور خیانت کرنا، منافق ہونے کی علامت ہے۔

## آداب

جب کسی مسلمان بھائی سے ملاقات ہو تو اس سے اپنا تعلق مضبوط کریں اور خوشی اور مسرت سے ملاقات کریں اور ایسی گفتگو کریں جس سے ان کے دل میں محبت پیدا ہو جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 83

## Verse

In verse number 48 of Surah Rome, Allah (SWT) states:

اَللّٰهُ الَّذِىْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِى السَّمَآءِ كَيْفَ يَشَآءُ .

Allah is He Who sends the winds, so they raise clouds, and spread them along the sky as He wills, and then break them into fragments, until you see rain drops emerge from within them.

Friends! Consider that how Allah spreads the clouds and pours down rain from them for us. Because of this rain grains, vegetables, fruits grow and meet our needs.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: The signs of the hypocrite are three: when he speaks he lies, when he promises he breaks it and when he is entrusted he betrays the trust.

Friends! Speaking lies, breaking promise and treachery are the signs of a hypocrite.

## Good Manners

When you meet a Muslim brother, strengthen your relationship with him and meet him with pleasure and joy and have such conversation that generates affection and love in their hearts.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔84

## آیتِ شریفہ

سورۂ لقمان کی آیت نمبر 18 میں حضرت لقمان علیہ السلام کی ان دو نصیحتوں کا ذکر ہے جو انہوں نے اپنے بیٹے سے کی تھیں۔

**وَلَا تُصَعِّرۡ خَدَّکَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمۡشِ فِی الۡاَرۡضِ مَرَحًا. اِنَّ اللّٰہَ لَایُحِبُّ کُلَّ مُخۡتَالٍ فَخُوۡرٍ.**

اورلوگوں کے سامنے غرور سے اپنے گال مت پھلاؤ اور زمین پر اتراتے ہوئے مت چلو یقین جانو کہ اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے شیخی بگارنے والے کو پسند نہیں کرتا۔

دوستو! اس آیت پر عمل کرتے ہوئے ہمیں دو کاموں سے رکنا چاہئے ایک تو یہ کہ غرور اور گھمنڈ سے اپنے گال نہیں پھلانا چاہئے اور دوسرے زمین پر اکڑ کر نہیں چلنا چاہئے اللہ تعالیٰ کو یہ دونوں عمل پسند نہیں ہے اور شیخی بگارنا نہیں چاہئے اللہ تعالیٰ کو عاجزی اور انکساری پسند ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، وہ شخص جنت میں نہیں جائے گا جس کے دل میں ذرہ برابر بھی غرور ہوگا۔

دوستو! اگر ہم غرور اور گھمنڈ کریں گے تو یاد رکھیں جنت سے محروم ہو جائیں گے۔

## آداب

آپ لوگوں کے ساتھ ایسے رہئے کہ ہر شخص یہ سمجھے کہ یہ تو میرے مزاج کا آدمی ہے ہمارے رویہ سے کسی کو وحشت نہیں ہونی چاہئے، دیکھو پانی کا کوئی رنگ نہیں ہوتا، آپ کو ہر سانچے میں ڈھلنے کا ہنر اپنے اندر پیدا کرنا چاہئے' یہ سننے کی نہیں سمجھنے کی بات ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 84

## Verse

In verse number 18 of Surah Luqman, Allah (SWT) has stated the two advices of Hazrat Luqman (AS) to his son:

**وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّکَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا. اِنَّ اللّٰهَ لَایُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ.**

And do not swell your cheek with pride before people, nor walk in insolence through the earth. Verily, Allah does not like an arrogant boaster.

Friends! By following this verse we should refrain from two things- one that we must not puff our cheeks with pride and arrogance and second that we must not walk on the earth with pride; Allah dislikes both these things; we must also not be boastful; Allah likes humility and meekness.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Masood (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Anyone who possesses an atom of pride in his heart will not enter Paradise.

Friends! If we have pride and arrogance, we will be deprived of Paradise.

## Good Manners

Be in such a way with people that everyone considers you a person of his temperament; our attitude must not create a sense of alienation; remember that water is colourless; you must develop the skill of moulding to any template; these are the words to reckon rather than just listening.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔85

## آیتِ شریفہ

سورۂ لقمان کی آیت نمبر 19 میں حضرت لقمان علیہ السلام کی ایک نصیحت کا ذکر ہے جو انہوں نے اپنے بیٹے کو کی ہے۔

وَاقۡصِدۡ فِیۡ مَشۡیِکَ۔اوراپنی چال میں اعتدال اختیار کرو۔

دوستو!اس کا مطلب یہ ہے کہ ہمیں درمیانی رفتار سے چلنا چاہئے۔ ہماری رفتار اتنی تیز بھی نہ ہو کہ بھاگنے کے قریب پہنچ جائے اور نہ اتنی آہستہ رفتار ہو کہ سستی میں داخل ہو جائے۔ ہر کام میں اعتدال یعنی درمیانی رفتار ضروری ہے۔مثلاً اگر آپ بات کر رہے ہوں تو اتنی تیز بات نہ کریں کہ سامنے والے کو سمجھ میں ہی نہ آئے اور نہ اتنی آہستہ کہ سامنے والے کو بور محسوس ہو۔

## حدیثِ شریف

حضرت زید بن طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہر دین کا کوئی امتیازی وصف ہوتا ہے اور دینِ اسلام کا امتیازی وصف حیا ہے۔

دوستو! ہم مسلمان ہیں ہماری خصوصیت یہ ہونا چاہئے کہ ہم حیا کے ساتھ زندگی گزاریں۔

## آداب

جب تمہارے ہاں کوئی مہمان آئیں تو پہلے ان کی ضروریات کا لحاظ رکھئے ، ان کے ضرورت سے فارغ ہونے کا انتظام کریں، ان کے تازہ دم ہونے کے لئے پانی کا انتظام کیجئے۔ پہلے ان کی خدمت میں پینے کیلئے صاف وشفاف پانی پیش کیجئے، چائے کا وقت ہو تو چائے پیش کیجئے اور پھر ان کے مزاج کے مطابق کھانے کا بھی نظم کیجئے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 85

## Verse

In verse number 19 of Surah Luqman, Allah (SWT) has stated an advice of Hazrat Luqman (AS) to his son:

وَاقۡصِدۡ فِیۡ مَشۡیِکَ۔ And be moderate in your walk.

Friends! This means that we should walk in a medium pace; we should neither walk as briskly as though running nor should be as slow to seem lethargic. There must be moderation in all affairs. For example if you are talking, do not talk so rapidly that the other person does not understand or so slowly that they feel boredom.

## Hadees

Hazrat Zaid Bin Talha Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: There is a distinctive feature of every religion and the distinctive attribute of Islam is modesty.

Friends! We are Muslims; our specialty is that we live with modesty.

## Good Manners

When a guest visits you, take care of their requirements; make arrangement for them to get fresh; provide water for them to be refreshed. Present them clean water to drink, arrange tea for them if it is tea time; arrange food for them according to their mood.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔86 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ لقمان کی آیت نمبر 19 میں حضرت لقمان علیہ السلام کی اس نصیحت کا ذکر ہے جو انہوں نے اپنے بیٹے سے کی تھی۔

وَاغۡضُضۡ مِنۡ صَوۡتِک .اِنَّ اَنۡکَرَالۡاَصۡواتِ لَصَوۡتُ الۡحَمِیۡرُ.

اور اپنی آواز آہستہ رکھو'بیشک سب سے بری آواز گدھوں کی آواز ہے۔

دوستو! حد سے زیادہ بلند آواز سے بات کرنا' چیخنا پکارنا بداخلاقی کی بات ہے' آدمی کو چاہیئے کہ اپنی آواز آہستہ رکھے، گدھوں کی طرح آواز کرنا بہت بری بات ہے' ہم اسکولوں میں' کالجوں میں' راستوں میں' بازاروں میں' گھروں میں یا جہاں بھی ہوں اتنی آواز سے بات کریں کہ سب کو سنائی دے اور کسی کو تکلیف نہ ہو۔

## حدیثِ شریف

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، ہر بھلائی صدقہ ہے اور یہ بات بھی بھلائی اور نیکی میں سے ہے کہ تم بشاش چہرے کے ساتھ اپنے بھائی سے ملاقات کرو اور اپنے ڈول سے اپنے بھائی کے برتن میں پانی ڈال دو۔

دوستو! ہم کسی کو دیکھ کر مسکراہٹ کے ساتھ ملاقات کرتے ہیں تو ہمیں اس پر بھی ثواب ملتا ہے۔

## آداب

جب ہم نماز پڑھیں تو جو کچھ نماز میں پڑھیں، ٹھہر ٹھہر کر اطمینان سے پڑھیں' چاہے تکبیر پڑھیں، چاہے ثناء اور سورۂ فاتحہ پڑھیں، چاہے رکوع اور سجدہ کی تسبیحات پڑھیں، چاہے التحیات پڑھیں، چاہے درودِ ابراہیم پڑھیں، ساری چیزیں تجوید وترتیل کے ساتھ اطمینان سے ہر حرف کو ادا کرتے ہوئے پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ ایسی نماز سے بہت خوش ہوتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 86

## Verse

In verse number 19 of Surah Luqman, Allah (SWT) states:

وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِکَ .اِنَّ اَنْکَرَالْاَصْواتِ لَصَوْتُ الْحَمِیْرُ.

And lower your voice; indeed, the most hateful of sounds is the voice of donkey.

Friends! To speak loudly, yelling and screaming are acts of indecency; a person must keep his voice low; to make a sound like an ass is not good; whether we are in schools, colleges, roads, marketplaces, homes or any other place- we must speak in a tone that others can listen without any inconvenience.

## Hadees

Hazrat Jabir (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Every act of goodness is charity. It is also goodness that you meet your brother with a smiling face and pour water from your bucket into your brother's bucket.

Friends! When we meet someone with a smile we get divine reward.

## Good Manners

Whenever we offer prayers, we must perform each act step by step in a non-hurried way whether it is Takbeer, Sana, Surah Fatiha, Tasbeeh of Ruku or Sajda, At-Tahiyyat, Durood-e-Ibrahim; each step must be offered with Tajweed and Tarteel and must recite every letter satisfactorily. Allah is very pleased with such prayer.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔87

## آیتِ شریفہ

سورۃ السجدہ کی آیت نمبر 7 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اَلَّذِیۡ اَحۡسَنَ کُلَّ شَیۡءٍ خَلَقَهٗ وَ بَدَأَخَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ مِنۡ طِیۡنٍ.**

اس اللہ نے جو چیز بھی پیدا کی اسے بہت خوب بنایا اور انسان کی پیدائش کی ابتداء مٹی سے کی۔

دوستو! دنیا میں لاکھوں کروڑوں انسان ہیں، ہر ایک کی صورت جدا جدا ہے۔ یہ قدرت کا کرشمہ ہے، اس نے ہم کو مٹی سے پیدا کیا ہے اور مٹی میں عاجزی ہوتی ہے، مٹی کو جس قدر بھی اوپر اچھالو وہ پلٹ کر نیچے ہی آتی ہے ہم بھی مٹی سے پیدا کئے گئے ہیں، ہم جتنے بھی بڑے عہدے پر پہنچ جائیں ہماری نگاہ زمین پر ہی ہونی چاہئے اور غرور و گھمنڈ سے بچنا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

پاکیزگی آدھا ایمان ہے۔ الحمدللہ ترازو کو بھر دیتا ہے اور سبحان اللہ والحمدللہ آسمان وزمین کے درمیان کو بھر دیتا ہے۔

دوستو! ہمیں اپنے جسم کو اور اپنے کپڑوں کو پاک وصاف رکھنا چاہئے۔ اسی طرح ہم جس جگہ پر رہتے ہیں چاہے وہ گھر ہو یا اسکول ہو یا مسجد ہو، اس جگہ کو بھی پاک رکھیں اور سبحان اللہ اور الحمدللہ کا ورد رکھیں اس سے قیامت کے دن سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ ہمارے اعمال کی ترازو میں ہمارا پلڑا وزنی اور بھاری ہوگا۔

## آداب

دوستو! یہ جو غصہ ہمیں آتا ہے وہ شیطان کی وجہ سے آتا ہے اور یاد رکھو کہ شیطان آگ سے پیدا کیا گیا ہے، اس لئے غصہ کے وقت ہمارے رسول ﷺ نے یہ ادب بھی سکھایا کہ جب غصہ آجائے تو وضو کرلیا کرو، غصہ شیطان کی وجہ سے آیا اور جسم میں آگ پیدا ہوگئی، اس لئے پانی سے اس آگ کو بجھادو اور وضو کرلو اس سے خود بخود غصہ دور ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 87

## Verse

In verse number 7 of Surah Sajda, Allah (SWT) states:

اَلَّذِیْ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَ بَدَأَخَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ.

He who has made everything which He has created most good: He began the creation of man with clay,

Friends! There are millions of human beings in the world who have different faces. It is miracle of nature that we have been created with soil and there is humility in soil; however high the soil is tossed it bounces back and comes down. We too have been created from soil; however high position we attain, we must keep sight on the ground and must avoid arrogance and pride.

## Hadees

Hazrat Moosa Al Ashari (RA) has narrated the Messenger of Allah (SAW) stated: Purity is half of faith. Alhamdulillah fills the scales, and Subhan-Allah and Alhamdulillah fill that which is between heaven and earth.

Friends! We should keep our body and clothes pure. Likewise the place where we live whether it is home, school or mosque must also be kept pure. We must keep reciting Subhan-Allah and Alhamdulillah frequently; we will benefit from them on the Day of Resurrection when these acts are placed in our scale of good deeds, it will become heavy.

## Good Manners

Friends! We get anger because of Satan; remember that Satan has been created from fire. Hence our Prophet (SAW) has taught that whenever we get anger we must perform ablution; anger which is due to Satan creates fire in the body, hence douse the fire with water and perform ablution; we will get rid of anger automatically.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔88 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ احزاب کی آیت نمبر 21 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**لَقَدۡ کَانَ لَکُمۡ فِیۡ رَسُوۡلِ اللّٰہِ اُسۡوَۃٌ حَسَنَۃٌ.**

تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی ذات میں ایک بہترین نمونہ ہے۔

دوستو! ہمیں اپنی زندگی گزارنے کیلئے کسی نہ کسی کو آئیڈیل بنانا پڑتا ہے۔قرآنِ مجید میں ہمیں اپنا کوئی آئیڈیل تلاش کرنا چاہئے‘ اس سلسلہ میں سورۂ احزاب کی یہ آیت ہمیں ایک آئیڈیل اور نمونہ پیش کرتی ہے، وہ کونسی ہستی ہے، وہ ہیں ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ۔ حضور ﷺ کی زندگی ہمارے لئے بہترین نمونہ ہے‘ جن کو سامنے رکھ کر ہم کامیاب‘ پُر امن اور خوش وخرم زندگی گزار سکتے ہیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب آدمی صبح کرتا ہے تو اس کے اعضاء عاجزی کے ساتھ زبان سے کہتے ہیں کہ ہمارے بارے میں اللہ سے ڈر کیونکہ ہم تیرے ہی ساتھ بندھے ہوئے ہیں تو ٹھیک رہی تو ہم بھی ٹھیک رہیں گے اور اگر تو نے غلط طریقہ اختیار کیا تو ہم بھی غلط طریقہ اختیار کریں گے اور اس کی سزا بھگتیں گے۔(ترمذی)

دوستو! ہمارے ہاتھوں، پیروں اور جسم کے سارے اعضاء کی سلامتی زبان کی سلامتی پر موقوف ہے۔غور کرو کہ زبان گالی دیتی ہے اور مار سارا جسم کھاتا ہے، اس لئے ہمیں اپنی زبان کو پوری طرح قابو میں رکھنا چاہئے۔

## آداب

دوستو! زندگی میں کبھی خوشی اور کبھی غم دونوں پیش آتے ہیں‘ جب اللہ تعالیٰ ہم کو خوشی دے تو ہم اس کا شکر ادا کریں اور جب اللہ تعالیٰ ہم کو کسی غم میں مبتلا کر دیں تو ہم صبر سے کام لیں، لیکن ہم صبر کرنے کے بجائے اللہ تعالیٰ کی ناشکری کرتے ہیں، شکوہ شکایت کرتے ہیں، دھاڑیں مار مار کر روتے ہیں، گریبان پھاڑ لیتے ہیں، سینہ پر مار لیتے ہیں، ایسی حرکتیں اللہ تعالیٰ کو ہرگز پسند نہیں ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 88

## Verse

In verse number 21 of Surah Ahzab, Allah (SWT) states:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ.

Certainly you have an excellent example in the Messenger of Allah

Friends! We have to make someone a role model for living. We need to find a role model in the Quran; the above verse of Surah Ahzab presents us an ideal and example in this regard; who is that personality? The life of our Prophet Hazrat Mohammad Mustafa (SAW) is the best example for us; by putting it forward we could lead a successful, peaceful and happy life.

## Hadees

Hazrat Abu Saad (RA) has narrated the Messenger of Allah (SAW) stated: In the morning, all the organs of man humbly advise the tongue and say, fear Allah for our sake because we are bound with you; if you are forthright we will be so but if you deviate, we too will deviate and face punishment for the same. (Tirmizi)

Friends! The safety of our hands, feet and all organs of our body depends on the safety of our tongue. Note that when the tongue abuses someone the whole body bears the brunt; hence we should keep our tongue in complete control.

## Good Manners

Friends! We face both joy and sorrow in life; when Allah gives us joy we must thank Him and when he gives sorrow we must be patient; but instead of being patient we are ungrateful to Allah and complain and grumble; we scream, tear our clothes, beat our chest; Allah does not approve such acts.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔89

## آیتِ شریفہ

سورۂ احزاب کی آیت نمبر 36 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَمَنۡ یَّعۡصِ اللّٰہَ وَرَسُوۡلَہٗ فَقَدۡ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِیۡنًا.**

اور جس کسی نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی وہ کھلی گمراہی میں پڑ گیا۔

دوستو! دنیا میں زندگی گزارنے کے دو راستے ہیں ایک راستہ ہدایت کا اور دوسرا راستہ گمراہی کا، اگر ہم اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کریں گے تو گویا ہم نے ہدایت والا راستہ اختیار کر لیا اور اگر ہم اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کریں گے تو گویا ہم نے گمراہی والا راستہ اختیار کیا۔

آؤ! آج ہم عہد کریں کہ ہم اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی فرمانبرداری کریں گے اور اپنے آپ کو گمراہی سے بچائیں گے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا، اچھی اور میٹھی بات بھی ایک صدقہ ہے یعنی نیکی کی ایک قسم ہے جس پر بندہ کو اجر ملتا ہے۔ (ترمذی)

دوستو! ہم جب لوگوں سے ملتے ہیں اور مسکراتے ہوئے ایک دوسرے سے اچھی بات کرتے ہیں، یہ بھی صدقہ کی طرح ہے کہ اس پر بھی ہم کو اجر و ثواب ملتا ہے۔

## آداب

ایک مرتبہ حضور ﷺ کا چراغ بجھ گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا **انا للہ و انا الیہ راجعون**، کسی نے کہا یا رسول اللہ! کیا چراغ کا بجھنا بھی کوئی مصیبت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا جی ہاں! جس بات سے بھی مومن کو دکھ پہنچے وہ مصیبت ہے۔

دوستو! عموماً لوگ کسی کے انتقال پر ہی **انا للہ وانا الیہ راجعون** پڑھتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ یہ کلمات صرف موت کے وقت ہی پڑھنا چاہئے۔ بلکہ یہ دعا کسی بھی چھوٹی بڑی مصیبت پہنچے پر پڑھی جاسکتی ہے جس کے معنی ہیں، ہم سب اللہ کے لئے ہیں اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 89

## Verse

In verse number 36 of Surah Ahzab, Allah (SWT) states:

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلاً مُّبِيْنًا.

And whoever disobeys Allah and His Messenger has strayed into clear error.

Friends! One of the two ways of leading life is that of guidance and the other is the way of misguidance; if we obey Allah and His Messenger (SAW) we are on the path of guidance and if we disobey Allah and His Messenger (SAW) we are on the wrong path.

Come! Let us pledge today that we will obey Allah and His Messenger (SAW) and protect ourselves from error.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated the Messenger of Allah (SAW) stated: Speaking a good and sweet word is also an act of charity i.e. a type of virtue for which the bondsman shall be rewarded. (Tirmizi)

Friends! When we meet people and speak well with a smiling face it becomes an act of charity and we will be rewarded for the same.

## Good Manners

Once the lamp of Prophet (SAW) was extinguished; he (SAW) said: Inna Lillahi Wa Inna Ilaihi Rajioon; someone said O Messenger of Allah! Is the dousing of a lamp also a trouble? He (SAW) said yes! Anything that hurts a believer is trouble.

Friends! Mostly people say the above words upon the death of someone and think that these words should be said only at the time of death. But instead this supplication could be read during any small or big trouble which mean that we are all for Allah and shall return to Him.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔90

## آیتِ شریفہ

سورۂ احزاب کی آیت نمبر 40 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنۡ رِّجَالِكُمۡ وَلٰـكِنۡ رَّسُوۡلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ.**

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں۔

دوستو! یہ ہمارا بنیادی عقیدہ ہے کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ تمام نبیوں کے سردار ہیں اور آخری نبی ہیں، آپ ﷺ کے بعد کوئی نبی نہ آیا ہے اور نہ آئے گا اور جو بھی نبی ہونے کا دعویٰ کرے گا وہ دنیا کا سب سے بڑا جھوٹا اور مکار ہوگا۔

## حدیثِ شریف

حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

سخت گفتگو کرنے والا اور اکھڑ رویہ اختیار کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔(ابوداود)

دوستو! ہم لوگوں کے ساتھ نرم انداز سے پیش آئیں اور نرمی سے بات کریں، یہ جنتی ہونے کی علامت ہے۔ جو لوگ سخت قسم کی گفتگو کرتے ہیں اور کڑوے کسیلے انداز سے پیش آتے ہیں وہ جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔

## آداب

دوستو! ہم کو جو جسمانی تکلیف پہنچتی ہے' گر جاتے ہیں تو چوٹ لگ جاتی ہے' بخار' سر درد' کھانسی' پیٹ میں درد وغیرہ ہو جاتا ہے' جس کی وجہ سے جو دکھ پہنچتا ہے' یاد رکھو کہ اس کی وجہ سے ہمارے گناہ ایسے ہی جھڑ جاتے ہیں جیسے ہوا چلنے سے درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔ اس لئے یہ درد' تکلیف اور مصیبت بھی بعض مرتبہ نعمت بن جاتی ہے اور اس کی وجہ سے ہماری مغفرت ہو جاتی ہے۔ اس لئے ہمیں ایسے موقعوں پر صبر سے کام لینا چاہئے۔

بِسۡمِ اللّٰه الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 90

## Verse

In verse number 40 of Surah Ahzab, Allah (SWT) states:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنۡ رِّجَالِكُمۡ وَلٰكِنۡ رَّسُوۡلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖن.

Hazrat Mohammad (SAW) is not the father of any of your men, but he is the Messenger of Allah and last of the prophets.

Friends! It is our core belief that Hazrat Mohammad Mustafa (SAW) is the leader of all the prophets and the last of the prophets; no prophet has come after him (SAW) nor any prophet will come; and whoever claims to be a prophet is the biggest liar and wicked in the world.

## Hadees

Hazrat Abu Harisa (RA) has narrated the Messenger of Allah (SAW) stated: A violent speaker and the one with arrogant attitude shall not enter Paradise (Abu Dawood)

Friends! We must be gentle with people and speak in a soft tone; these are the traits of the dwellers of Paradise. Those who talk in a rough manner and are rigid and tough shall not enter Paradise.

## Good Manners

Friends! We suffer physical injury, we fall and get hurt, we get fever, headache, cough, stomach pain etc that cause us sorrow; remember due to these sorrows our sins wither like the leaves of the trees defoliate due to winds. Hence these pain, trouble and suffering are at times a blessing due which we are forgiven. Hence we must be patient on such occasions.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔ 91......

## آیتِ شریفہ

سورۂ احزاب کی آیت نمبر 53 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَدۡخُلُوۡا بُیُوۡتَ النَّبِیِّ اِلَّاۤ اَنۡ یُّؤۡذَنَ لَکُمۡ اِلٰی طَعَامٍ غَیۡرَ نٰظِرِیۡنَ اِنٰهُ وَلٰکِنۡ اِذَا دُعِیۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡا فَاِذَا طَعِمۡتُمۡ فَانۡتَشِرُوۡا وَلَا مُسۡتَاۡنِسِیۡنَ لِحَدِیۡثٍ.**

اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں بغیر اجازت داخل نہ ہو۔ مگر یہ کہ تمہیں کھانے پر آنے کی اجازت دی جائے کھانا تیار ہونے سے پہلے ہی مت جاؤ کہ برتن دیکھتے رہ جاؤ اور جب تمہیں دعوت دی جائے تو پھر جب کھانا کھا چکو تو اپنی اپنی راہ لو اور باتوں میں جی لگا کر نہ بیٹھو۔

دوستو! اس سے یہ معلوم ہوا کہ کسی کے گھر میں بغیر اجازت نہیں جانا چاہئے اور جب دعوت دی جائے تو جس وقت بلایا جائے اسی وقت جانا چاہئے، وقت سے پہلے نہیں جانا چاہئے اور جب دعوت کھالیں تو باتیں کرتے نہیں بیٹھ جانا چاہئے بلکہ کھانا کھانے کے بعد گھر واپس آجانا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

کیا میں تم کو ایسے شخص کی خبر نہ دوں جو دوزخ کیلئے حرام ہے اور دوزخ کی آگ اس پر حرام ہے، ہر ایسے شخص پر جو مزاج کا تیز نہ ہو، نرم ہو، لوگوں سے قریب ہونے والا ہو اور نرم مزاج ہو۔ (ابوداود)

دوستو! ہم لوگوں سے قریب ہونے کی کوشش کریں۔ ایک جانور دوسرے جانور سے مانوس ہوتا ہے۔ ہم تو انسان ہیں، ہمیں ایک دوسرے سے قریب ہونے کی کوشش کرنی چاہئے۔

## آداب

دوستو! جب کوئی غمگین خبر سنیں تو دل میں غم کا آنا اور آنکھوں میں آنسو آنا فطری بات ہے، یہ تو ہر انسان کی فطرت میں داخل ہے۔ لیکن یاد رکھیں کہ کوئی غمگین خبر سنیں تو اس طرح روئیں کہ آواز نہ آئے۔ رسول اللہ ﷺ ایسے وقت روتے تو آواز بالکل نہیں آتی تھی، ٹھنڈی سانس لیتے تھے، آنکھوں سے آنسو بہتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ جب فکر مند ہوتے تو آسمان کی طرف سر اٹھا کر فرماتے، **سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡم** اور **یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡم** پڑھتے تھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 91

## Verse

In verse number 53 of Surah Ahzab, Allah (SWT) states:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّآ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰهُ وَلٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَلَا مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ.

O you who believe! Do not enter the houses of the Prophet except when you are permitted for a meal, do not go until the meal is prepared. And when you are invited, and when you have eaten, disperse without seeking to remain for conversation.

Friends! It is learned that we should not go to anyone's house without permission and when we are invited we must go only at the invited time and must not go earlier and after having the meals must not remain for conversations but must return home.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Masood (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Shall I not inform you about the person on whom the fire of Hell is forbidden; every such person whose temper is not lofty but soft and who is close to people and gentle. (Abu Dawood)

Friends! We must try to get close to people. An animal is intimate to another animal. We are humans and hence we should try to be close to each other.

## Good Manners

Friends! When we hear sad news, it is natural for our heart saddening and our eyes moistening; this is a part of the nature of every human being. But remember that on hearing sad news one must not howl and scream. On such occasions when the Prophet (SAW) wept there would not had been any sound; he (SAW) sighed and tears rolled down his eyes. When the Prophet (SAW) had been worried, he would look to the sky and recite: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْم اوریاحَیُّ یاقَیُّوْم

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ...... سبق نمبر۔92 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ احزاب کی آیت نمبر 56 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوۡنَ عَلَى النَّبِىِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَيۡهِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا.**

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود بھیجو اور خوب سلام بھیجا کرو۔

دوستو! ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ہم پر بڑا احسان کیا، آج ہم جس دین و ایمان پر ہیں یہ سب کچھ ان کا فیض ہے۔ ہمیں چاہئے کہ روزانہ رسول اللہ ﷺ پر درود و سلام بھیجیں اور اپنی زبان پر بار بار درود و سلام کا ورد رکھیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جس شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے نرمی کی خصلت کا اپنا حصہ مل گیا اس کو دنیا اور آخرت کے خیر میں سے حصہ مل گیا اور جس کو نرمی نصیب نہیں ہوئی وہ دنیا اور آخرت میں خیر کے حصے سے محروم رہا۔ (شرح السنۃ)

دوستو! اگر آپ کے اندر نرمی کی خصلت ہے تو خوش ہو جاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا اور آخرت کی بھلائی کا ایک حصہ تمہیں عطا فرمایا ہے۔

## آداب

دوستو! جب دشمنوں کی جانب سے کوئی خوف اور ڈر محسوس ہو تو تم ضرور یہ دعاء پڑھو، **اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجۡعَلُكَ فِىۡ نُحُوۡرِهِمۡ وَنَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شُرُوۡرِهِمۡ** ۔ ایسے موقع پر ہم اللہ تعالیٰ کے حوالے اپنا معاملہ کریں اور یہ یقین کریں کہ دشمن سے ہماری حفاظت ہمارا رب ضرور کرے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 92

## Verse

In verse number 56 of Surah Ahzab, Allah (SWT) states:

اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا.

Surely Allah and His angels bless the Prophet; O you who believe! Call for blessings on him and salute him with all respect.

Friends! Our Prophet Hazrat Mohammad Mustafa (SAW) was very gracious to us; our religion and faith are a result of his blessings. We must send Durood and Salam to the Messenger of Allah (SAW) daily and must keep reciting Durood and Salam frequently.

## Hadees

Hazrat Ayesha Siddiqua (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: A person who received his share of soft nature from Allah received a share in the good of the world and the Hereafter; and the one who did not receive softness has been deprived of the good of the world and the Hereafter. (Sharh Al-Sunnat)

Friends! If you have softness in your nature then be glad that Allah has bestowed a part of good of the world and the Hereafter.

## Good Manners

Friends! When you feel fear from enemies, you must read this dua: اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

On such occasions, we must entrust our affairs to Allah and must have the faith that our Lord alone shall definitely protect us from enemies.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔93 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ سبا کی آیت نمبر 13 میں اللہ تعالیٰ نے حضرت داود علیہ السلام کے خاندان والوں کو شکر کرنے کا حکم دیا:

اِعۡمَلُوۡا اٰلَ دَاوٗدَ شُکۡرًا وَقَلِیۡلٌ مِّنۡ عِبَادِیَ الشَّکُوۡرُ.

اے داود کے خاندان والو! تم ایسے عمل کیا کرو جن سے شکر ظاہر ہو اور میرے بندوں میں بہت کم لوگ ہیں جو شکر گزار رہوں۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے حضرت داود علیہ السلام اور ان کے خاندان والوں کو بہت ساری نعمتوں سے نوازا تھا، پھر انہیں حکم دیا تھا کہ وہ ایسے کام کریں جن سے اللہ کا شکر ادا ہو، اس سے معلوم ہوا کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے بدلہ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا کہ حضرت! مجھے کوئی وصیت فرمائیے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا، غصہ مت کیا کرو۔ (بخاری)

دوستو! حضور ﷺ نے اپنی امت کو بار بار اس جانب متوجہ کیا ہے کہ ہم غصہ نہ کیا کریں' اس لئے کہ یہ غصہ ہی ہے جس کی وجہ سے آپس میں نفرت پیدا ہوتی ہے۔

## آداب

دوستو! غافلوں اور لاپرواہوں کی طرح جلدی جلدی نماز پڑھ کر سر سے بوجھ اتارنے کی عادت نہ ڈالو۔ بلکہ دل لگا کر اہمیت کے ساتھ اپنے حقیقی رب کو یاد کرتے ہوئے نماز ادا کرو۔ پوری خوشدلی' اخلاص اور للّٰہیت اور دل و دماغ کی حاضری کے ساتھ ہمیں پوری نماز پڑھنی چاہئے۔ نماز پڑھتے ہوئے یہ خیال کریں کہ میں اپنے رب کو دیکھ رہا ہوں اور میرا رب مجھے دیکھ رہا ہے۔ میں اس سے خوش ہو رہا ہوں اور وہ مجھ سے خوش ہو رہا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 93

## Verse

In verse number 13 of Surah Saba, Allah (SWT) has ordered the family of Hazrat Dawood (AS) to be thankful:

اِعْمَلُوْا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِیَ الشَّكُوْرُ.

Give thanks, O family of Dawood! And very few of my servants are grateful.

Friends! Allah gave many blessings to Hazrat Dawood (AS) and his family; and then He commanded them to do such things to be thankful to Allah; through this it is known that in return of the blessings of Allah we should be thankful to Allah.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated a person said to the Messenger of Allah (SAW): Give me an advice. He (SAW) replied: Do not get angry. (Bukhari)

Friends! The Prophet (SAW) has repeatedly drawn attention of the Ummat towards avoiding anger because anger is the root cause of mutual hatred.

## Good Manners

Friends! Do not make a habit of offering Namaz in a careless and heedless manner. But instead pray with attention and prominence remembering our true Lord. The complete Namaz must be offered with total benevolence, sincerity, faith and with attentive heart and mind. While offering Namaz it must be considered that I am looking to my Lord and my Lord is watching me; I am happy with Him and He is pleased with me.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# سبق نمبر۔94

## آیتِ شریفہ

سورۂ سبا کی آیت نمبر 24 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**قُلۡ مَنۡ يَرۡزُقُكُمۡ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ قُلِ اللّٰه.**

کہو کہ کون ہے جو آسمانوں اور زمین سے تمہیں رزق دیتا ہے کہو وہ اللہ ہے۔

دوستو! تم غور کرو کہ آسمان اور زمین سے ہمیں کون رزق دے رہا ہے، اگر اللہ تعالیٰ آسمان سے بارش برسانا بند کردیں اور زمین کے اندر ترکاریاں، غلے اناج اور پھل پھلاریاں اگانے کی طاقت ختم کردیں تو بتایئے کہ ہم کو رزق کہاں سے ملے گا؟ معلوم یہ ہوا کہ صرف اور صرف اللہ کے ارادہ سے ہم کو رزق مل رہا ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

پہلوان اور طاقتور وہ نہیں ہے جو سامنے والے کو پچھاڑ دے بلکہ پہلوان اور طاقتور وہ ہے جو غصہ کے وقت اپنے آپ کو قابو میں رکھے۔ (بخاری)

دوستو! جب غصہ آجائے تو غصہ میں پاگل ہوجانا کمال نہیں ہے بلکہ غصہ کو اپنے قابو میں رکھنا کمال ہے۔

## آداب

دوستو! جب ہمیں غصہ آجائے تو ہم کیا کریں؟ ایسے وقت رسولِ رحمت ﷺ نے ہم کو یہ ادب سکھایا ہے کہ ہم اگر کھڑے ہوئے ہوں تو بیٹھ جائیں اور اگر بیٹھنے کے باوجود غصہ ختم نہ ہو تو ہم لیٹ جائیں۔ اسی طرح اگر ہم غصہ میں ہوں اور بولتے جارہے ہوں تو اس وقت حکم یہ ہے کہ ہم خاموش ہوجائیں۔

# Lesson - 94

## Verse

In verse number 24 of Surah Saba, Allah (SWT) states:

قُلْ مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰه.

Say, "Who provides for you from the heavens and the earth?" Say, "Allah".

Friends! Note that who is providing us provision from the earth and sky; if Allah does not send down rains from the sky and deprive the earth off the power to grow vegetables, grains, cereals and fruits, then from where shall be get provision? It is known that we get provision only because of the Will of Allah.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Mighty and powerful person is not the one who can throw another down but the one who can keep hold of himself when he is angry. (Bukhari)

Friends! Perfection lies not in becoming insane due to anger but in controlling it.

## Good Manners

Friends! What should we do when we get anger? The Prophet of Mercy (SAW) has taught us the manners during such times that if we are standing we must sit down and inspite of sitting if we are angry does not perish, we must lie down. Likewise if we angry and are speaking, it has been commanded to stop speaking and be silent.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔95......

## آیتِ شریفہ

سورۂ ابراہیم کی آیت نمبر 41 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**رَبَّنَا اغۡفِرۡلِیۡ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ.**

اے ہمارے رب! جس دن حساب قائم ہوگا اس دن میری بھی مغفرت فرمایئے اور میرے والدین کی بھی اوران سب کی بھی مغفرت فرمایئے جوایمان رکھتے ہیں۔

دوستو! اس آیت میں ہمیں ہمارے ماں باپ کی اور سارے ہی مسلمانوں کی مغفرت کی دعاء مانگنے کا طریقہ سکھلایا گیا ہے اور یہ اشارہ دیا گیا ہے کہ ہمیں دنیا جہاں کے سارے ہی مسلمانوں کی فکر کرنی چاہیئے اس لئے کہ وہ سب ہمارے بھائی ہیں اور خاص کر اپنے ماں باپ کی مغفرت کی دعاء بھی کرنا چاہیئے۔

## حدیثِ شریف

حضور ﷺ نے ایک قیدی عورت کو دیکھا جس کا بچہ گم ہوگیا تھا۔ وہ اپنے بچے کو تلاش کررہی تھی۔ جب وہ نہیں ملا تو جس بچہ کو دیکھتی اس کو گلے لگالیتی۔ یہاں تک کہ اس کا بچہ مل گیا۔ خوشی خوشی اس نے اپنے بچہ کو گود میں لے لیا۔ یہ دیکھ کر حضور ﷺ نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا' بتلاؤ کہ کیا یہ عورت اپنے بچہ کو آگ میں ڈال سکتی ہے؟ لوگوں نے کہا، یارسول اللہ! ہرگز نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا، اللہ کی قسم! جس قدر یہ ماں اپنے بچہ پر مہربان ہے اس سے کہیں زیادہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔

## آداب

ہمیں ہمیشہ اپنے اخلاق وکردار سے دوسروں کو خوش رکھنا چاہیئے۔ لوگوں کے درمیان عاجزی وانکساری کے ساتھ برتاؤ کریں۔ کامیاب انسان وہ ہے جو اپنے اخلاق وکردار سے دوسروں کے دلوں میں اپنی جگہ بنالیتا ہے۔ آپ دوسروں کے ساتھ اس طرح نرمی سے بات کیجئے کہ سخت سے سخت انسان بھی آپ کے سامنے نرم ہوجائے۔ یہ آپ کا کمال ہوگا کہ آپ ایک سخت آدمی کو نرم بنادیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 95

## Verse

In verse number 41 of Surah Ibrahim, Allah (SWT) states:

رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ.

Our Lord, forgive me, and my parents, and the believers upon the Day when the reckoning will come up.

Friends! In this verse, we have been taught the method to seek forgiveness for our parents and all Muslims and it has been indicated that we should be concerned about all the Muslims in the world; this is because they are our brothers; and particularly we must seek forgiveness for our parents.

## Hadees

Prophet (SAW) saw a prisoner woman who lost her child. She was searching for her child. When she could not find her child she embraced every child she saw until she found her child. Upon this the Prophet (SAW) said to the Companions (RA): Do you think this lady can throw her son in the fire? They replied: O Messenger of Allah! (SAW), definitely not. The Prophet (SAW) then said: By Allah! Allah is more merciful to His bondsmen than this lady to her son.

## Good Manners

We should always keep others happy with our character and values. We must behave with humility with people. Successful person is the one who makes a place in the hearts of others through his character and values. You must speak so gently with people that a most rigid person too becomes soft in your presence. It is your achievement that you softened a rigid person.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔96......

## آیتِ شریفہ

سورۂ ابراہیم کی آیت نمبر 51 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اِنَّ اللّٰہَ سَرِیۡعُ الۡحِسَابُ.** اللہ تعالیٰ جلد حساب چکانے والا ہے۔

دوستو! تمہارا ایک سبجیکٹ ہے میاتھس، یعنی حساب۔ تم بہت جلد دو اور دو چار، دس اور دس بیس کا حساب کر لیتے ہو۔ لیکن یاد رکھو کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جس قدر کم وقت میں دنیا کے سارے انسانوں کے سارے اچھے برے اعمال کا حساب کریں گے اس قدر دنیا کی کوئی طاقت حساب نہیں کر سکتی۔ دنیا کے سارے کمپیوٹرس مل کر بھی اتنا جلد حساب نہیں کر سکیں گے جس قدر کہ رب ذوالجلال ہمارے تمام اعمال کا حساب کریں گے۔ اس لئے دوستو! اچھے عمل زیادہ سے زیادہ کرو تاکہ تمہارے حساب کا نتیجہ جنت کی شکل میں تمہیں مل جائے۔

## حدیثِ شریف

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے خود رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ چغل خور آدمی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

دوستو! چغل خوری کہتے ہیں اِدھر کی بات اُدھر اور اُدھر کی بات اِدھر لگانے کو۔ چغل خوری سے بڑے بڑے جھگڑے ہو جاتے ہیں۔ آپس میں نفرت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس لئے تم ہمیشہ اس بات کا خیال رکھو اور لگائی بجھائی سے دور رہو۔

## آداب

دوستو! ایک طرف ہمیں اپنے رب سے قریب ہونا ہے۔ رب ذوالجلال کے قریب ہونے کیلئے ہمیں اخلاص کے ساتھ اچھی طرح پابندی سے نماز پڑھنا ہوگا اور دوسری طرف ہمیں ان لوگوں کے بھی قریب ہونا ہے جن کے درمیان ہم زندگی بسر کرتے ہیں۔ ماں باپ، بھائی بہن، دوست واحباب، رشتہ دار، استاذ اور اسکول کے ذمہ داران وغیرہ۔ ان تمام کے دلوں کے قریب جگہ پانے کیلئے ہمیں اپنی مسکراہٹیں بکھیرنی ہوں گی۔ ہمیں نرم لہجہ کے ساتھ ان سے بات کرنی ہوگی۔ ان کی خدمت کرنی ہوگی اور وقت پر ان کا ساتھ دینا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 96

## Verse

In verse number 51 of Surah Ibrahim, Allah (SWT) states:

اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابُ.

Allah is swift in calling to account.

Friends! You have a subject named mathematics. You quickly calculate two plus two four and ten plus ten twenty; but remember that on the Day of Judgment, the swiftness with which Allah Almighty shall calculate the good and bad deeds of the entire mankind no other power on earth could match that swiftness. All the computers of the world together also cannot calculate as swiftly as the Glorious Lord could take into account all our deeds. Hence friends! Do good deeds as much as possible so that you may attain Paradise as a result.

## Hadees

Hazrat Huzaifa (RA) has narrated that I myself heard the Messenger of Allah (SAW) saying that a gossiper shall not enter Paradise.

Friends! Gossiping means malicious talk of someone who is not present. Gossiping leads to big strives. It creates mutual hatred. Thus always be careful and stay away from slander.

## Good Manners

Friends! On one hand we have to be closer to our Lord. To be closer to Glorious Lord, we must offer Namaz punctually with sincerity. On the other hand, we have to be closer to those people with whom we live- parents, siblings, friends and acquaintances, relatives, teachers and school officials and others. In order to make a place in their hearts we ought to spread our smiles. We need to talk to them softly. We will have to serve them and help them when needed.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ...... سبق نمبر۔97 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ مریم کی آیت نمبر 54 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ اِسۡمٰعِيۡلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الۡوَعۡدِ وَكَانَ رَسُوۡلًا نَّبِيًّا.**

اوراس کتاب میں اسماعیل کا بھی تذکرہ کرو بیشک وہ وعدے کے سچے تھےاوررسول ونبی تھے۔

دوستو! حضرت اسماعیل علیہ السلام کی ایک خاص صفت کا اس آیت میں تذکرہ ہے جس کا تعلق اخلاق سے ہے کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام وعدے کے سچے تھے یعنی جب وعدہ کرتے تھے تو وعدے کو پورا کرتے تھے۔ یادرکھو! جب تم بھی کسی سے وعدہ کرو گے اوراس کو پورا کرو گے تو تمہاری قیمت اوروں کے مقابلہ میں لوگوں میں زیادہ ہوگی۔ آدمی کی قیمت اس کے چہرے اوراس کی دولت سے نہیں بلکہ اس کی سچائی، امانتداری اور وعدہ وفائی سے ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبدالرحمٰن بن غنم سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشادفرمایا:

اللہ کے بہترین بندے وہ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ یاد آجائے اور بدترین بندے وہ ہیں جو چغلیاں کھاتے پھرتے ہیں۔ دوستوں میں جدائی ڈالنے والے ہیں۔

دوستو! اس حدیث پر غور کرو اور آج ہی فیصلہ کرلو کہ تمہیں بہترین بندہ بننا ہے یا بدترین بندہ۔ اگر بہترین بندہ بننا ہے تو سارے دوستوں کے ساتھ مل کر رہو اور ایک دوسرے کے پیچھے کسی کی برائی بیان مت کرو۔

## آداب

دوستو! یادرکھو حقیقی انسان وہ ہے جو خود کو تکلیف میں ڈال کر دوسروں کو راحت پہنچاتا ہے۔ اگر آپ ایک فرمانبردار شاگرد ہیں تو آپ اپنے استاذ کی تکلیف کو کم کریں اوران کی تکلیف کو دور کرنے کیلئے خود تکلیف برداشت کریں اگر آپ ایک اچھے دوست ہیں تو اپنے دوست کی تکلیف کو دور کریں اوران کو راحت پہنچانے کے لئے اپنی راحت کو قربان کریں اوراپنے آپ پر اس تکلیف کا بوجھ برداشت کریں۔ اگر آپ خود کو دوسروں کی خاطر تکلیف میں ڈالنے کے لئے تیار ہیں تو آپ ایک اچھے انسان ہیں اور سچے مسلمان بھی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 97

## Verse

In verse number 54 of Surah Maryam, Allah (SWT) states:

وَاذْكُرْفِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا.

And mention in the Book, Ismaeel. Indeed, he was true to his promise, and he was a messenger and a prophet.

Friends! A particular characteristic of Hazrat Ismaeel (AS) related to conduct has been mentioned in this verse that Hazrat Ismaeel (AS) was true to his promise i.e. whenever he promised he fulfilled it. Remember! When you promise and fulfil it, people will value you more than others. The value of the person is not because of his face and wealth but due to truth, integrity and faithfulness.

## Hadees

Hazrat Abdul Rahman Bin Ghanam (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: The best bondsmen of Allah are those seeing whom Allah is remembered and the worst among the servants of Allah are those who gossip and create rifts between friends.

Friends! Consider this Hadees and decide today itself whether you want to become best bondsman or worst. If you want to become best then be together with all your friends and do not slander anyone behind them.

## Good Manners

Friends! Remember that the true human is the one who puts himself in hardship but brings relief to others. If you are an obedient student, you would reduce the discomfort of your teachers and to eradicate their difficulties would bear discomfort. If you are a good friend, in order to eradicate the difficulties of your friends and bring relief to them, you would sacrifice your comfort and bear the pain yourself. If you are ready to put yourself in hardship for others, you are a good person and a true Muslim.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# سبق نمبر۔98

## آیتِ شریفہ

سورۂ مریم کی آیت نمبر 66 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَيَقُوۡلُ الۡاِنۡسَانُ ءَ اِذَا مَامِتُّ لَسَوۡ فَ اُخۡرَ جُ حَيًّا.**

اور انسان یہ کہتا ہے کہ جب میں مرجاؤں گا تو کیا واقعی اس وقت مجھے زندہ کر کے نکالا جائے گا۔

دوستو! یہ ہمارا بنیادی عقیدہ ہے کہ جب ہم مر کر قبروں میں دفنا دیئے جائیں گے تو قیامت کے دن ہم سب کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا اور ہم سب ایک دن اٹھ کھڑے ہوں گے پھر اللہ تعالیٰ ہماری اس زندگی کا حساب لیں گے جو زندگی ہم گزار رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہماری حفاظت فرمائے۔ آمین

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی اپنی نیند سے بیدار ہو کر وضو کرے تو ضرور تین مرتبہ ناک جھاڑ لے اس لئے کہ شیطان اس کی ناک کے بانسے میں رات گزارتا ہے۔

دوستو! اس حدیث سے ایک بات یہ معلوم ہوئی کہ جب ہم سو کر اٹھیں تو سب سے پہلے وضو کریں اور تین مرتبہ اس لئے ناک صاف کریں تاکہ شیطان کے اثرات سے محفوظ رہیں۔

## آداب

دوستو! تم اپنے ماں باپ کیلئے ایک نعمت ہو لیکن اس سے بڑھ کر اس حقیقت کو یاد رکھو کہ ماں باپ تمہارے لئے بہت بڑی نعمت ہیں اس نعمت کی قدر اس بچہ کو معلوم ہے جس کے ماں باپ اس دنیا سے چلے گئے اور وہ یتیم و یسیر ہو گیا۔ جو آنکھ سے محروم ہوتا ہے اس کو آنکھ کی قدر محسوس ہوتی ہے۔ اس لئے اپنے ماں باپ کا ادب کرؤان کا احترام کرؤان کو راحت پہنچاؤان کی تکلیف کے بوجھ کو دور کرو۔ ان کو خوش کرو اور خوش رکھو۔ یہاں تک کہ ان کے دل سے تمہارے حق میں دعا نکل جائے اور وہی دعا تمہارے مستقبل کو روشن و تابناک بنادے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 98

## Verse

In verse number 66 of Surah Maryam, Allah (SWT) states:

وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَ اِذَا مَامِتُّ لَسَوْ فَ اُخْرَجُ حَيًّا.

And man says: When I am dead, shall I then be raised up alive?

Friends! It is our core belief that when we are buried in our graves after death, we shall be brought out alive on the Day of Resurrection and Allah would gather us and take into account the life that we spent. May Allah protect us; Ameen.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has reported that the Messenger of Allah (SAW) has stated that when any one of you wakes up from sleep and performs ablution, he must clean his nose three times, for the devil spends the night in the interior of his nose.

Friends! Through this Hadees it is known that when we get up from sleep we must perform ablution first and then clean the nose three times so that we are protected from the impact of Shaitan.

## Good Manners

Friends! You are a blessing for your parents, but above all remember that your parents are a greater blessing and a child knows the value of this blessing when the parents leave the world and the child becomes orphan. A person who is deprived of an eye knows its value. Hence respect your parents, comfort them and eliminate their suffering. Please them and keep them happy until they pray for you from the bottom of their hearts and this prayer shall brighten your future.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔99 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ طٰہٰ کی آیت نمبر 25 اور 26 میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی یہ دعاء موجود ہے:

قَالَ رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ وَیَسِّرۡلِیۡ اَمۡرِیۡ.

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا اے میرے رب ! میرے خاطر میرا سینہ کھول دیجئے اور میرے لئے میرا کام آسان بنادیجئے۔

دوستو! حضرت موسیٰ علیہ السلام کی یہ دعاء ہمیں یہ سبق دیتی ہے کہ ہر مشکل کام کے وقت ہمیں اپنے رب سے مانگنا چاہئے' یہ دعاء امتحانات کے وقت بہت زیادہ مفید ہے۔ ہمارے سینوں کو کھول دینے کی دعاء اور ہماری ہر مشکل کو آسان کردینے والی یہ دعاء ہم سب کیلئے مفید ہے۔

## حدیثِ شریف

حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا، عالم بنو یا علم حاصل کرنے والے بنو یا غور سے سننے والے بنو یا علم سے اور علم حاصل کرنے والوں سے محبت کرنے والے بنو اور یاد رکھو پانچویں نہ بنو ورنہ ہلاک ہوجاؤ گے اور پانچواں یہ ہے کہ علم اور علم والوں سے بغض رکھنا۔

اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو علم رکھنے والے علماء ہیں ان سے دشمنی اور بغض نہیں رکھنا چاہئے ورنہ ہلاک ہوجائیں گے۔

## آداب

دوستو! تم ہمیشہ لَا اِلٰـہَ اِلَّا الـلّٰہُ کا ورد رکھو، یہ ہمارے ایمان کی بنیاد ہے اور یہ حقیقت ذہن میں رکھو کہ اللہ ہی ہمارا معبود ہے۔ ہم صرف اور صرف ایک اللہ ہی کو سجدہ کرتے ہیں اور کریں گے۔ اللہ کے سوا ہمارا کوئی معبود نہیں ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس حقیقت کو بھی ذہن میں رکھو کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور اس کلمۂ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌرَّسُوۡلُ اللّٰہِ کو بڑے ادب اور احترام سے پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 99

## Verse

In verse numbers 25&26 of Surah Ta'ha, the dua of Hazrat Moosa (AS) is present:

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْلِیْ اَمْرِی.

Hazrat Moosa (AS) said: O my Lord! Open my chest for me. And ease my task for me.

Friends! This prayer of Hazrat Moosa (AS) teaches us that we must seek from our Lord during any difficulty; this supplication is very useful at the time of examinations- opening up of chest and easing of the task- is beneficial for all.

## Hadees

The Prophet (SAW) said: You should be a scholar, or a student, or a patient listener, or a lover of knowledge and scholars, and you should not be the fifth which makes you perish and the fifth one is who envies knowledge and people of knowledge.

This Hadees means that one must not hate and envy scholars else one would perish.

## Good Manners

Friends! You always keep reciting Kalima; bear in mind that the foundation of our faith is the fact that Allah is our Lord. We prostrate and shall always prostrate to One Allah. There is none worthy of worship besides Allah and likewise also bear in mind the fact that Hazrat Mohammad Mustafa (SAW) is the Messenger of Allah. Recite the Kalima Tayyibah لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌرَّسُوْلُ اللّٰہِ with utmost respect and reverence.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔100 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ طٰہٰ کی آیت نمبر 44 میں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کو فرعون جیسے ظالم گھمنڈی بادشاہ کے پاس جاتے ہوئے ان سے نرمی کے ساتھ بات کرنے کا حکم دیا ہے۔

**فَقُوۡلَا لَہٗ قَوۡلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّہٗ یَتَذَکَّرُ اَوۡ یَخۡشٰی.**

تم دونوں اس سے نرمی سے بات کرنا شاید وہ نصیحت قبول کرے یا ڈر جائے۔

دوستو! اس سے یہ معلوم ہوا کہ نرم رویہ سے کام بنتا ہے اور سختی سے کام بگڑتا ہے۔

## حدیثِ شریف

حضور ﷺ نے فرمایا: بدگمانی سے بچو بدگمانی سب سے بڑا جھوٹ ہے۔

کسی کی کمزوریوں کی ٹوہ میں نہ رہا کرو۔

جاسوسی نہ کیا کرو۔

ایک دوسرے پر بے جا بڑھنے کی ہوس نہ کرو۔

حسد نہ کرو۔

بغض نہ رکھو۔

ایک دوسرے کی غیبت نہ کیا کرو۔ اللہ کے بندے اور آپس میں بھائی بھائی بن کر رہو۔

## آداب

جب آپس میں تم کسی کو لڑتا ہوا دیکھو تو جس قدر ممکن ہو جلدی سے کوئی ایسی تدبیر کرو کہ یہ لڑائی ختم ہو جائے اور یہ بات یاد رکھو کہ لڑائی کے دوران جو ظلم کر رہا ہے تم اس ظالم کو پہلے ظلم سے روکو اور جس پر ظلم کیا جا رہا ہے اس کی حمایت اور مدد کرو۔ یاد رکھو! ایسے وقت برادری یا رشتہ داری کو نہ دیکھو بلکہ انصاف کی بات کرو۔ ہمیں ہر حال میں انصاف کی بات کرنا چاہئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 100

## Verse

In verse number 44 of Surah Ta'ha, Allah (SWT) has commanded Hazrat Moosa (AS) and Hazrat Haroon (AS) to go to a tyrant and arrogant king like Firaun and speak to him gently:

فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى.

And speak to him mildly, perhaps he may accept admonition or fear Allah.

Friends! It is known that tasks are accomplished with soft attitude and deteriorate with rigid attitude.

## Hadees

Prophet (SAW) said: Beware of suspicion, for suspicion is the biggest lie.

Do not be in pursuit of others weaknesses.

D not spy on one another.

Do not crave to unduly get ahead of another.

Do not envy one another.

Do not hate one another.

Do not backbite. Be the bondsmen of Allah and brother to one another.

## Good Manners

When you find some people fighting devise a possible measure to terminate the fight and remember that if someone is oppressing the other during the fight, first try to stop the oppressor and then try to help the oppressed person. Remember that on such occasions, community or relationship must not be considered but justice. We must speak of justice in every situation.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# سبق نمبر۔101

## آیتِ شریفہ

سورۂ طٰہٰ کی آیت نمبر 55 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِيۡهَا نُعِيۡدُكُمۡ وَمِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً اُخۡرٰى.**

اسی زمین سے ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں تمہیں واپس لے جائیں گے اور اسی سے ایک مرتبہ پھر تمہیں نکال لائیں گے۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے ہم کو مٹی سے پیدا کیا ہے ہم مٹی سے پیدا ہونے والی چیزوں کو کھا کر زندہ ہیں اور اسی سے ہم پیدا بھی کئے گئے ہیں اور جب ہم مرجائیں گے تو اسی مٹی میں ہم کو ملا دیا جائے گا اور ایک دن ہم سب کو اسی مٹی سے نکال کر کھڑا کر دیا جائے گا تا کہ ہمیں اچھے عمل کا اچھا بدلہ مل سکے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جانتے ہو یہ سورج غروب ہو کر کہاں جاتا ہے؟ میں نے کہا اللہ اور اس کے رسول ہی خوب جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا سورج ہر روز عرش تلے جا کر اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتا ہے پھر طلوع ہونیکی اجازت طلب کرتا ہے تو اس کو اجازت دی جاتی ہے۔

دوستو! اس سے یہ معلوم ہوا کہ سورج بھی اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرتا ہے، جب ایک بے جان سورج اللہ کو سجدہ کرتا ہے تو ہمیں اپنے اللہ کا سجدہ اس سے زیادہ کرنا چاہئے۔

## آداب

سنو! تمہارے پاس جو بھی مال ہے اس مال کے بارے میں یہ بات ذہن میں رکھو کہ یہ اصل میں تمہارے ماں باپ کا مال ہے۔ اگر تمہاری کوئی چیز تم سے تمہارے ماں باپ مانگیں یا استعمال کریں تو تم خوشی سے وہ چیز انہیں دے دو۔ تمہارے اپنے بچپن میں تمہارے ماں باپ نے تم پر ایسی کتنی چیزیں قربان کر دیں۔ آج تم ایک چھوٹی سی چیز اپنے ماں باپ کو دینے میں آگے پیچھے ہو رہے ہو؟ یاد رکھو! تم اور تمہارا مال سب تمہارے ماں باپ کا ہے۔ تمہارے ماں باپ کے لئے تمہیں ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار رہنا چاہئے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 101

## Verse

In verse number 55 of Surah Ta'ha, Allah (SWT) states:

مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِيۡهَا نُعِيۡدُكُمۡ وَمِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً اُخۡرٰى.

We created you from the earth, and We will return you into it, and We will raise you again from it.

Friends! Allah created us from soil and we live by consuming things grown from soil; we have been created from the soil and when we die we will blend with the same soil and we shall again be raised from the same soil and shall be rewarded for good deeds.

## Hadees

Hazrat Abuzar (RA) narrates that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Do you know where the Sun goes when it sets? I said: Allah and His Messenger (SAW) know best. He (SAW) said: It goes beneath the Throne daily and prostates to Allah. Then it seeks permission to rise and permission is granted to it.

Friends! It is learned that the Sun too prostrates to Allah; when a lifeless Sun prostrates to Allah, we must prostrate to Allah more.

## Good Manners

Listen! The belongings you have- bear in mind that those actually belongs to your parents. If your parents ask any of your things or use them, you must give them with pleasure. Remember how many such things have your parents sacrificed for you in your childhood. Why are you going back to give a small thing to your parents today? Remember! You and your wealth belong to your parents. You should be prepared to give every kind of sacrifice for your parents.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔102

## آیتِ شریفہ

سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر 75 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَمَنۡ یَّاۡتِہٖ مُؤۡمِنًا قَدۡ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِکَ لَھُمُ الدَّرَجٰتُ الۡعُلٰی.**

اور جو اللہ کے پاس مومن بن کر آئے گا جس نے نیک عمل بھی کیے ہوں گے تو ایسے ہی لوگوں کیلئے بلند درجات ہیں۔

دوستو! جس طرح دنیا میں اچھا پڑھنے والے اور اچھے نمبرات لانے والوں کو اونچے اونچے درجے اور پوسٹ ملتے ہیں اسی طرح اس دنیا میں جو نیک عمل کریں گے اور ایمان والی زندگی گزاریں گے اللہ تعالیٰ آخرت میں جنت میں ان کو اونچے اونچے درجے عطا کرے گا۔ اتنے اونچے درجے کہ جن درجوں کو نہ کسی آنکھ نے کبھی دیکھا ہوگا اور نہ کسی کان نے کبھی سنا ہوگا۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جب بندہ جھوٹ بولتا ہے تو انسان کی حفاظت کرنے والے فرشتے ایک میل دور چلے جاتے ہیں اس جھوٹ کی بدبو کی وجہ سے جو اس نے کہی ہے۔

دوستو! غور کرو کہ جھوٹ بولنے کا کتنا بڑا نقصان ہے، یہ بات یاد رکھو کہ ہم سب فرشتوں کی حفاظت میں رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہماری حفاظت کیلئے غیبی طور پر فرشتے مقرر کر رکھے ہیں۔ اگر ہم جھوٹ بولتے ہیں تو اس جھوٹ کی بدبو سے وہ ہم سے دور ہو جاتے ہیں۔

## آداب

دوستو! ایک واقعہ غور سے سنو اور سبق حاصل کرو: ایک مرتبہ رسولِ رحمت ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور اپنے باپ کی شکایت کرنے لگا کہ وہ جب چاہتے ہیں میرا مال لے لیتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اس آدمی کے باپ کو بلوایا' لاٹھی ٹیکتا ہوا ایک بوڑھا کمزور شخص حاضر ہوا۔ آپ ﷺ نے اس بوڑھے شخص سے تحقیق فرمائی تو اس نے کہنا شروع کیا۔ اے اللہ کے رسول! ایک زمانہ تھا جب یہ کمزور اور بے بس تھا اور مجھ میں طاقت تھی میں مالدار تھا اور یہ خالی ہاتھ تھا۔ میں نے بھی اس کو اپنی چیز لینے سے نہیں روکا۔ آج میں کمزور ہوں اور یہ تندرست ہے۔ میں خالی ہاتھ ہوں اور یہ مالدار ہے۔ اب یہ اپنا مال مجھ سے بچا بچا کر رکھتا ہے۔ بوڑھے کی یہ باتیں سنکر رسولِ رحمت ﷺ رو پڑے اور اس لڑکے سے فرمایا، تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 102

## Verse

In verse number 75 of Surah Ta'ha, Allah (SWT) states:

وَمَنْ يَّأتِهٖ مُؤْمِنًا قَدْعَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَأُولٰئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الْعُلٰى.

And whoever comes to Allah a believer and he has done good deeds, these it is who shall have the high ranks.

Friends! As those who study well and pass with good marks get high posts in the world, those who do good deeds and lead a righteous life shall receive high ranks of Paradise in the Hereafter from Allah-such high levels that have never been witnessed by any eye nor heard by any ear.

## Hadees

Hazrat Abdullah Bin Omar (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: When a bondsman tells a lie, the Angel guarding him goes a mile away from him due the stench of the lie.

Friends! Note that lying leads to a great loss; remember that we all are in the protection of angels. Allah has appointed invisible angels to protect us. If we speak lies, they go away due to the stench of lies.

## Good Manners

Friends! Listen to a story carefully and learn a lesson: Once a man come to the Prophet (SAW) and complained about his father that he took away his money and belongings whenever he liked. The Prophet (SAW) called his father; a frail old man came holding his walking stick; Prophet (SAW) asked him details of the matter. He said; O Messenger of Allah (SAW)! There was time when he was weak and helpless while I had strength and wealth, I never hesitated to give him my belongings whenever he needed them. Today I am weak and he is rich and now he keeps his belongings from me. Hearing this, tears came to the eyes of the Prophet (SAW) and he said to the son: You and your belongings belong to your father.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# ...... سبق نمبر۔103 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ طٰہٰ کی آیت نمبر 81 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**كُلُوۡا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَارَزَقۡنٰكُمۡ وَلَا تَطۡغَوۡا فِيۡهِ فَيَحِلَّ عَلَيۡكُمۡ غَضَبِىۡ.**

جو پاکیزہ رزق ہم نے تمہیں عطا کیا ہے اس میں سے کھاؤ اور اس میں سرکشی نہ کرو جس کے نتیجہ میں تم پر میرا غضب نازل ہو جائے گا۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے جو پاک اور حلال رزق ہم کو دیا ہے اور حلال اور پاکیزہ رزق کے جو طریقے دیئے ہیں جیسے، تجارت، ملازمت، صنعت وحرفت اور مزدوری وغیرہ، اس کے ذریعہ جو پاکیزہ اور حلال رزق ملتا ہے وہ ہم کھائیں اور اللہ تعالیٰ کا رزق کھا کر اس کی نافرمانی نہ کریں۔ اگر ہم اس کا دیا ہوا رزق کھا کر اس کی نافرمانی کریں گے تو پھر تو اس کا غضب اور غصہ ہم پر ہو جائے گا۔

## حدیثِ شریف

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں، میں حضور ﷺ کے کپڑے سیا کرتی تھی۔ اندھیری رات میں سوئی میرے ہاتھ سے گر گئی۔ بہت تلاش کی نہیں ملی۔ جب حضور ﷺ گھر میں تشریف لائے تو آپ ﷺ کے چہرۂ انور کے نور کی شعاؤں سے سوئی دکھائی دینے لگی۔ میں نے ہنس کر وہ سوئی اٹھالی۔

دوستو! یہ تھا وہ نور جو حضور ﷺ کے چہرۂ انور میں تھا کہ اندھیری رات میں آپ ﷺ کے چہرہ کی روشنی سے وہ سوئی نظر آ گئی۔

## آداب

دوستو! ہمارا ہر کام اللہ تعالیٰ کے ارادہ سے پورا ہوتا ہے۔ اسی لئے اپنی زندگی کے ہر موڑ میں یعنی خوشی اور غم میں، بیماری اور صحت میں، ترقی اور زوال میں، کامیابی اور ناکامی میں اور عزت وذلت میں ہر حال میں اللہ ہی سے مدد مانگتے رہو۔ اس کے سامنے اپنا حال بیان کرتے رہو اور اسی پر بھروسہ رکھو کہ تمہاری زندگی کے اندھیرے میں وہی روشنی پیدا کرسکتا ہے۔ تمہاری مشکل کو وہی آسان بنا سکتا ہے اور تمہارے دکھ کو وہی سکھ میں تبدیل کرسکتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 103

## Verse

In verse number 81 of Surah Ta'ha Allah (SWT) states:

كُلُوۡا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَارَزَقۡنٰكُمۡ وَلَا تَطۡغَوۡا فِيۡهِ فَيَحِلَّ عَلَيۡكُمۡ غَضَبِىۡ.

Eat from the good things with which We have provided you and do not transgress, else My anger should descend upon you.

Friends! The pure and lawful sustenance that Allah gave us and the sources for pure and lawful sustenance like trade, employment, industries and labour etc that he provided us, we must earn through them and consume Allah's provision and must not be disobedient. If we eat His provision and are disobedient then the wrath and indignation of Allah shall befall us.

## Hadees

Hazrat Aisha (RA) says, I was stitching the clothes of the Prophet (SAW); in the dark of the night needle fell from my hand. I searched a lot but could not find it. When the Prophet (SAW) came, the needle was visible due to the radiance of his (SAW) face. I gleefully picked up the needle.

Friends! This was the radiance of the face of the Prophet (SAW) that a needle was visible in the dark of the night.

## Good Manners

Friends! All our works are accomplished due to the intention of Allah. Hence we must seek from Allah alone in any situation, be it in joy and sorrow, in sickness and in health, growth and decline, success and failure and disgrace and honour. State your circumstances to Him and rely on Him that He alone produces light in the darkness of your life. He alone eases all your difficulties and transforms your sorrow into joy.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔104 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ طٰہٰ کی آیت نمبر 114 میں اللہ تعالیٰ نے ہم کو علم میں اضافہ کی دعاء کرنے کا یوں حکم دیا ہے:

**وَقُلۡ رَّبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا.**

میرے پروردگار! مجھے علم میں اور ترقی عطا فرما۔

دوستو! جو علم ہم روزانہ اسکول یا مدرسہ میں حاصل کر رہے ہیں اس علم میں مزید ترقی اور اضافہ کی دعاء ہمیں ہمیشہ کرتے رہنا چاہئے۔ یہ علم گود سے لے کر گور تک ہے یعنی بچپن سے لے کر بڑھاپے تک بھی ہمیں دین کا علم حاصل کرتے رہنا چاہئے۔ ہم پر ضروری ہے کہ ہم دنیوی علم حاصل کریں اور دین کا علم بھی حاصل کریں، اسی علم و فن سے ہماری قدر و قیمت ہے۔

## حدیث شریف

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین قسم کے لوگوں سے اللہ تعالی بہت سخت ناراض ہیں: اللہ تعالی کے ساتھ شرک کرنے والوں سے، رشتہ داروں کے ساتھ بے دردی سے پیش آنے والوں سے، برائی کا حکم کرنے والوں اور بھلائی سے روکنے والوں سے۔ (ترغیب وترہیب)

دوستو! اس لئے ہمیشہ شرک سے بچو، رشتہ داروں کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور لوگوں کو بھلائی کا حکم دو اور برائی سے روکو تا کہ اللہ کے محبوب بن جاؤ۔

## آداب

اللہ تعالیٰ نے جو وقت ہمیں دیا ہے وہ بہت بڑی نعمت ہے اس لئے وقت کو ضائع مت کرو، وقت سونے چاندی سے زیادہ قیمتی ہوتا ہے مگر لوگ اس وقت کو صرف سونے میں گزار دیتے ہیں، وقت کو ضائع کرنے والا زندہ نہیں مردہ ہے، اس لئے کہ مردہ ہی ہے جو کوئی کام نہیں کرتا، ہم تو زندہ ہیں ہمیں ہر وقت کام کرتے رہنا چاہیئے۔ آج جس وقت کو کام میں لگاؤ گے یہی وقت تمہیں ہر وقت ساتھ دے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 104

## Verse

In verse number 114 of Surah Ta'ha, Allah (SWT) has commanded to supplicate for increase in knowledge:

وَقُلۡ رَّبِّ زِدۡنِىۡ عِلۡمًا.

My Lord! Increase me in knowledge.

Friends! The knowledge that we acquire everyday in the school - we must keep supplicating to further develop and enhance this knowledge. We must acquire religious knowledge from cradle to the grave i.e. from childhood to old age. It is necessary that we acquire worldly knowledge and knowledge of religion; this knowledge enhances our value.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated that Allah dislikes three types of people; those who associate others with Allah, those who ill-treat relatives, and those who command evil and prevent from good. (Targheeb Wa Tarheeb)

Friends! Hence always stay away from Shirk, be good to the relatives, enjoin good and forbid evil so that you may become beloved of Allah.

## Good Manners

The time that Allah has given us is a great blessing and hence do not waste your time; time is more precious than gold and silver but people spend the time just in sleeping; a person who wastes time is not alive but dead because a dead person alone cannot do any work; we are alive and hence we must do work all the time. The time you spend today in work will always prove beneficial for you.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔105 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ سبا کی آیت نمبر 39 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**قُلۡ اِنَّ رَبِّیۡ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَیَقۡدِرُلَہٗ.**

کہہ دو کہ میرا پروردگار اپنے بندوں میں سے جس کے لئے چاہتا ہے رزق کی فراوانی کر دیتا ہے اور جس کے لئے چاہتا ہے تنگی کر دیتا ہے۔

دوستو! یہ اللہ تعالیٰ کا اختیار ہے کہ وہ جس کو چاہے زیادہ روزی دے اور جس کو چاہے کم روزی دے۔ ہمیں اپنے رب سے حلال اور پاکیزہ روزی مانگنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی ﷺ کو اس طرح مانگنا سکھایا: **اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ عِلۡمًا نَّافِعًا وَ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا وَ رِزۡقًا حَلَا لًا طَیِّبًا.** اے اللہ میں آپ سے نفع دینے والا علم اور مقبول عمل اور پاکیزہ اور حلال رزق مانگتا ہوں۔

## حدیثِ شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس کسی نے میرے کسی امتی کی کوئی حاجت پوری کر دی اس کا دل خوش کرنے کیلئے تو اس نے مجھے خوش کیا اور جس نے مجھے خوش کیا اس نے میرے اللہ کو خوش کیا اور جس نے اللہ کو خوش کیا اللہ اس کو جنت میں داخل فرمائے گا۔ (بیہقی)

دوستو! چلو آج ہم اس بات کا عہد کریں کہ ہم کسی کی کوئی حاجت پوری کریں تا کہ اس عمل کی برکت سے ہم سے ہمارے رسول ﷺ بھی خوش ہو جائیں اور ہمارا وہ رب بھی خوش ہو جائے جس نے ہم کو پیدا کیا اور اس عمل کی برکت سے ہم کو جنت بھی مل جائے۔

## آداب

دوستو! اپنی ساری ضرورتیں اپنے رب کے سامنے رکھو، اسی سے اپنی ساری حاجتیں اور ضرورتیں مانگو۔ دل لگا کر عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے مانگو۔ دل و دماغ کو مانگنے کے وقت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف رکھو۔ دعاء سے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرو اور رسولِ رحمت ﷺ پر درود شریف پڑھ کر دعا مانگو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 105

## Verse

In verse number 39 of Surah Saba, Allah (SWT) states:

قُلْ اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَقْدِرُ لَهٗ.

Say, Indeed, my Lord extends provision for whom He wills of His bondsmen and also restricts it for whom He wills.

Friends! It is the authority of Allah that he gives more provision to whoever He pleases and less provision to whoever he desires. We must seek pure and lawful sustenance from our Lord. Allah has thus taught our Prophet (SAW) to seek:

O Allah! I ask you knowledge that is beneficial, deeds that are accepted and pure and lawful provision.

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever fulfilled the need of my follower and pleased his heart, he pleased me, and whoever pleased me has pleased Allah; and whoever pleased Allah, He will admit him into Paradise. (Baihaqi)

Friends! Let us today make a resolution that we will fulfil a need of someone so that as a result of the blessing of this good deed our Prophet (SAW) is pleased as well as our Lord is pleased who created us and we attain Paradise.

## Good Manners

Friends! Put all your needs to your Lord; seek all your needs and requirements from Him alone. Seek from Allah humbly and earnestly. While seeking keep all your attention towards Allah. Before seeking praise Allah and send Durood and Salam on the Prophet of Mercy (SAW).

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# ...... سبق نمبر۔106 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ سبا کی آیت نمبر 39 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَمَا اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَیْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ.

اور تم جو چیز بھی اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کی جگہ اور چیز دے گا اور وہی سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔

دوستو! اس حقیقت کو یاد رکھو کہ اگر ہم ہمارے پاس موجود دولت میں سے غریبوں، مسکینوں اور محتاجوں وغیرہ پر خرچ کریں گے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلہ میں اس سے کئی گنا بڑھ کر دولت دیں گے۔ اس لئے کہ اللہ کے پاس دولت کی کمی نہیں ہے، کمی تو ہمارے دل کے اندر کے ارادہ کی ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

تم دوستوں کی دیکھا دیکھی کام کرنے والے نہ بنو، کہنے لگو کہ اگر اور لوگ احسان کریں گے تو ہم بھی احسان کریں گے اور اگر دوسرے لوگ ظلم کا رویہ اختیار کریں گے تو ہم بھی ویسا ہی کریں گے بلکہ احسان کرو اور اگر لوگ برا سلوک کریں تب بھی تم ظلم اور برائی کا رویہ اختیار نہ کرو۔

دوستو! اس حدیث کی روشنی میں ہمیں آج یہ فیصلہ کرنا ہے کہ اگر لوگ ہم پر ظلم و زیادتی بھی کریں تو ہم ان کے ساتھ انصاف اور احسان کا برتاؤ ہی کریں گے۔ کسی شخص کے درندہ صفت بن جانے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم بھی درندہ بن جائیں، ہم تو انسان ہیں، ہمیں ہر حال میں انسانیت کا برتاؤ کرنا چاہئے۔

## آداب

اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر مانگیں، چھوٹا سا بچہ اپنی ماں سے روتے ہوئے چاکلیٹ یا آئس کریم یا پیسے مانگتا ہے۔ اس کا رونا ماں کو بھلا لگتا ہے اور ماں اس کی مانگ کو پورا کرتی ہے۔ اگر ہم بھی اپنے رب کے سامنے رو رو کر مانگیں گے تو رب ذوالجلال کو ہمارا رونا اچھا لگے گا اور ہماری دعا اور پکار کو قبول کرلے گا۔

بِسۡمِ اللّٰه الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم
*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 106

## Verse

In verse number 39 of Surah Saba, Allah (SWT) states:

وَمَا اَنۡفَقۡتُمۡ مِّنۡ شَىۡءٍ فَهُوَ يُخۡلِفُهٗ وَهُوَ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ.

And whatever thing you spend in His cause; He will replace it; and He is the best of providers.

Friends! Remember the fact that if we spent from our wealth on the poor, the needy and the downtrodden etc., in return Allah will give wealth many-fold. This is so because Allah has abundant wealth; if there is a deficit, it is in our intentions.

## Hadees

Hazrat Huzaifa (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Do not be like other people, saying that if others treat you well you will treat them well and that if they do wrong you will do wrong. But instead accustom yourselves to do good if people do good and not to do wrong if they do evil.

Friends! In the light of this Hadees, we need to decide today that even if people oppress and wrong us we will do good and justice to them. A person acquiring beastly instincts does not imply that we too become a beast; we are humans and must have human instincts come what may.

## Good Manners

We must fervently beg Allah like a little child that weeps and ask chocolate or ice-cream or money from parents. The mother adores the child's weeping and she fulfils the desire of the child. If we too cry and ask our Lord, He shall adore it and will accept our prayer and call.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔107 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ فاطر کی آیت نمبر 10 میں اللہ تعالیٰ نے ارشادفرمایا:

**مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ جَمِيْعًا.**

جوشخص عزت حاصل کرنا چاہتاہےتو یادرکھنا چاہئے کہ تمام عزتیں اللہ کے قبضہ میں ہیں۔

دوستو! ہرآدمی کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ اس کوعزت ملےلیکن یہ بات یادرہے کہ ساری عزتیں اللہ کے ہاتھ میں ہیں، ہمیں اپنے پروردگارہی سے عزت طلب کرنا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کوفرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشادہے کہ میری محبت واجب ہےان لوگوں کیلئے جو باہم میری وجہ سے محبت کریں اور میری وجہ سےاور میرے تعلق سے کہیں جڑکربیٹھیں اور میری وجہ سے باہم ملاقات کریں اور میری وجہ سے ایک دوسرے پرخرچ کریں۔

دوستو! جب بھی ہم ایک دوسرے سے ملاقات کریں تو ضرور یہ نیت کریں کہ میں جن سے ملاقات کرر ہاہوں وہ اللہ کیلئے ہے۔ یادرکھئے اس نیت کے ساتھ ایک دوسرے سے ملاقات کریں گےتو اللہ تعالیٰ کی محبت ہمیں مل جائے گی اور جب ہم ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھیں تو یہ نیت کریں کہ یہ بیٹھک اللہ کی محبت کو پانے کیلئے ہےتو یادرکھئے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت ہمیں مل جائے گی اور ہم جب کسی سے ملاقات کے لئے جائیں تو یہ نیت کریں کہ یہ اللہ تعالیٰ کیلئے ہےتو اس کے ذریعہ سے بھی ہمیں اللہ کی محبت مل جائے گی اوراگر ہم اپنا محنت کا پیسہ کسی پرخرچ کریں تو یہ نیت کریں کہ اس سے اللہ کی محبت مل جائے۔

## آداب

دعاءکرتے ہوئے اپنے بارے میں ایسے تصور کرنا چاہئے جیسے ایک فقیر کسی کے دروازے پرکھڑا مانگ رہاہوٴعاجزی اورانکساری کرر ہاہو۔ ہم بھی اسی فقیر کی طرح ہیں کہ اپنے رب سے ہم مانگتے ہیں۔ ہم سب اللہ تعالیٰ کےمحتاج بندے ہیں ہمیں اس کے سامنے ایک بھکاری بن کر مانگنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کو ایسے لوگ ہی پسند ہیں جوغرورو گھمنڈ سے پاک ہوکر عاجزی وانکساری کے ساتھ مانگتے ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 107

## Verse

In verse number 10 of Surah Fatir, Allah (SWT) states:

مَنۡ كَانَ يُرِيۡدُ الۡعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الۡعِزَّةُ جَمِيۡعًا.

Whoever desires honour; remember all honour belongs to Allah.

Friends! Every man desires that he receive honour but it must be remembered that all honour is the hands of Allah; we must seek honour from our Lord.

## Hadees

Abu Maaz bin Jabal (RA) has narrated that he heard the Messenger of Allah (SAW) saying that Allah stated that: My love is incumbent upon those who love one another for my sake, those who sit with one another for my sake, those who exchange visits for my sake, and those who spend on one another for my sake.

Friends! When we met each other, make sure the intention must be to meet for the sake of Allah. Remember that if we meet each other with this intention we will achieve the love of Allah. And when we sit together, remember that the intention to sit must be to gain the love of Allah and we will receive the love of Allah. If we go to meet someone with the intention of pleasing Allah, we will receive the love of Allah through it. And if we spend our hard-earned money with the intention of seeking the love of Allah, we will achieve it.

## Good Manners

While asking Allah one must consider oneself like a beggar seeking alms at the doorsteps with humility and meekness. We too are like the beggar and are asking our Lord. We all are dependant bondsmen of Allah and hence we must ask him like a beggar. Allah loves those who are free from arrogance and pride and ask with humility.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔108 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ فاطر کی آیت نمبر 13 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**یُوۡلِجُ الَّیۡلَ فِی النَّهَارِ وَیُوۡلِجُ النَّهَارَ فِی الَّیۡلِ.**

وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے۔

دوستو! چونکہ ہم روزانہ ہی دن کو رات میں بدلتے ہوئے اور رات کو دن میں بدلتے ہوئے دیکھ رہے ہیں اس لئے ہم کو تعجب نہیں معلوم ہوتا جبکہ اس قدر طاقتور سورج کا نکلنا اور پوری دنیا کو روشن کر دینا اور پھر تھوڑی ہی دیر میں اس سورج کا غروب ہونا اور پوری دنیا کو اندھیرے میں ڈال دینا تعجب ہی کی تو بات ہے۔ یہ ہے اس رب کی قوت جس کے ہاتھ میں زمین و آسمان اور چاند و سورج ہیں۔

## حضرت موسیٰ علیہ السلام کا واقعہ

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے مدین نامی مقام پر پہنچے تو وہاں دو عورتوں کو دیکھا کہ اپنی بکریوں کو لئے کھڑی ہیں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے پوچھا کہ کیا بات ہے کیوں انتظار میں کھڑی ہو؟ ان دونوں لڑکیوں نے کہا کہ ہمارے ابا جان بوڑھے کمزور آدمی ہیں، اس لئے وہ نہیں آسکتے تو ہم ان بکریوں کو پانی پلانے کیلئے آگئی ہیں اور لوگوں کے کنویں سے ہٹ جانے کے بعد ہم اپنی بکریوں کو پانی پلائیں گے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان بکریوں کو کنویں پر لے جا کر خود ہی پانی پلایا اور ہم سب کو یہ سبق دیا کہ جانوروں کو بھی پانی پلانا ثواب کا کام ہے اور نبیوں کی سنت ہے۔

دوستو! ہم کوشش کریں کہ چھوٹے بڑے جانوروں اور پرندوں کو بھی پانی پلائیں۔

## آداب

دوستو! جب ہم کسی سے ملاقات کریں تو مسکراتے چہرے سے ملاقات کریں۔ خوشی اور محبت کا اظہار کریں، جن سے ملاقات کر رہے ہیں ان کی مزاج پوچھیں اور جن سے ملاقات کر رہے ہیں ان کے مرتبہ کا پورا پورا لحاظ رکھیں۔ بڑی عمر کے لوگ ہمارے ابا جان یا دادا جان کے برابر ہوتے ہیں ان کا احترام دل میں رہے اور ان سے ادب سے ملاقات کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 108

## Verse

In verse number 13 of Surah Fatir, Allah (SWT) states:

يُوۡلِجُ الَّيۡلَ فِى النَّهَارِ وَيُوۡلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيۡلِ.

He causes the night to enter the day, and the day to enter the night.

Friends! Since we witness the alteration of day and night every day we are not amused; but the rising of a powerful sun and lighting the whole world and later it setting plunging the whole world into darkness is indeed amazing. This is the might of our Lord in whose domain are the earth and the sky, moon and the sun.

## An Event of Hazrat Moosa (AS)

When Hazrat Moosa (AS) travelled from Egypt to a place called Madian, he saw two women there standing with their flock of sheep. He asked them: What is the matter with you? Why are you holding back your flock? Both the girls replied: Our father is a very old and weak and he cannot come and so we have come to water the sheep and we will water our flock after others have left the place; Hazrat Moosa (AS) took the sheep to the well and watered them. He taught us a lesson that watering animals is an act of virtue and a Sunnat of the prophets.

Friends! We must try to water small and large animals and birds.

## Good Manners

Friends! When we met someone we must meet with a smiling face. We must express joy and affection, enquire about the wellbeing of those we are meeting and give consideration to their status. Elder people are like our father and grandfather; they must be respected and must be met with courtesy.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔ 109

## آیتِ شریفہ

سورۂ نور کی آیت نمبر 21 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّبِعُوۡا خُطُوٰتِ الشَّیۡطٰنِ وَمَنۡ یَّتَّبِعۡ خُطُوٰتِ الشَّیۡطٰنِ فَاِنَّهٗ یَاۡمُرُ بِالۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡكَرِ.**

اے ایمان والو! تم شیطان کے پیچھے پیچھے نہ چلو اور اگر کوئی شخص شیطان کے پیچھے چلے گا تو شیطان تو ہمیشہ بے حیائی اور برائی کا حکم دے گا۔

دوستو! ہم کو اس لئے پیدا نہیں کیا گیا کہ ہم شیطان کی بات مانیں اور بے حیا اور گنہگار بن جائیں بلکہ ہم کو اس لئے پیدا کیا گیا ہے کہ ہم ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے نقشِ قدم پر چلیں اور اپنے رب کو راضی کرلیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ جب کوئی چیز پلاتے تو فرماتے کہ بڑوں سے شروع کرو یعنی بڑی عمر والوں سے شروع کرو۔ اس سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ نے پانی ہو یا دودھ کسی بھی چیز کو پلانے کے آداب بھی سکھلائے کہ جب کسی مجلس میں کوئی چیز پلائی جارہی ہو تو پہلے بڑوں کو پلایا جائے۔

## آداب

جب کسی سے ملاقات کیلئے جائیں تو صاف ستھرے کپڑے پہن کر جائیں۔ میلے کچیلے' بے ڈھنگے کپڑے پہن کر نہ جائیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ نمائش یعنی دکھاوے کیلئے یہ صاف ستھرے کپڑے پہن رہے ہیں اور نہ اپنا رعب اور دبدبہ جمانے کیلئے بلکہ تہذیب کا تقاضہ ہے کہ آپ اچھے اور صاف ستھرے کپڑے پہنیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 109

## Verse

In verse number 21 Surah Noor, Allah (SWT) states:

يَاۤاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ وَمَنْ يَّتَّبِعْ خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ بِالْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ.

O you who believe! Do not follow the footsteps of Satan. And whoever follows the footsteps of Satan; indeed he enjoins immorality and wrongdoing.

Friends! We have not been created to pay attention to Shaitan and become immoral and sinner but instead we have been created to follow the footsteps of our Prophet Hazrat Mohammad Mustafa (SAW) and please our Lord.

## Hadees

Hazrat Ibn Abbas (RA) narrates when the Messenger of Allah (SAW) served something to drink he initiated from the elders i.e. he began serving from the elder persons. From this it is known that Messenger of Allah (SAW) has taught the etiquettes of serving water or milk or any other thing that while serving in a gathering initiate with the elders.

## Good Manners

When we set out to meet someone we must wear clean clothes. We must not go with untidy and clumsy clothes. This does not mean that we wear good clothes for pomp and pretention and to establish awe and might but it is the prerequisite of civility that we wear clean and tidy clothes.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔110 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 52 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَاَوۡحَیۡنَاۤ اِلٰی مُوۡسٰۤی اَنۡ اَسۡرِ بِعِبَادِیۡۤ اِنَّکُمۡ مُّتَّبَعُوۡنَ.

اور ہم نے موسیٰ کے پاس وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو راتوں رات لے کر روانہ ہو جاؤ تمہارا پیچھا یقیناً کیا جائے گا۔

دوستو! جب کسی پر ظلم ہو رہا ہو تو ہمارا کام یہ ہے کہ ہم اس مظلوم کی مدد کریں جس پر ظلم ہو رہا ہے۔ غور کرو کہ جب فرعون نے بنی اسرائیل پر ظلم کیا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ مظلوم بنی اسرائیل کو مصر سے لے کر راتوں رات نکل جائیں تا کہ بنی اسرائیل فرعون کے ظلم سے بچ جائے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اس درمیان کہ ایک آدمی چل رہا تھا۔ اس پر شدت کی پیاس طاری ہوئی۔ وہ ایک کنویں پر اترا اس میں سے پانی پیا، کنویں سے نکلا۔ اتنے میں اس نے ایک ہانپتے کتے کو دیکھا جو پیاس کی وجہ سے کیچڑ میں لگا پانی چاٹ رہا تھا۔ اس شخص کے دل میں یہ بات آئی کہ اس کتے کو بھی اسی طرح پیاس لگی ہے جس طرح مجھے پیاس لگی تھی۔ اس نے کنویں سے پانی نکالا اور کتے کو پانی پلا دیا اور اللہ کا شکر ادا کیا کہ اس سے ایک پیاسے کتے کی جان بچ گئی۔ اللہ تعالیٰ کو اس کا یہ عمل اتنا پسند آیا کہ اس عمل کی وجہ سے اس کو بخش دیا۔

## آداب

جب کسی سے ملاقات کا ارادہ ہو تو پہلے ہی سے وقت لے لیں۔ بغیر وقت لئے کسی کے پاس جانا تکلیف اور اذیت کا ذریعہ بھی بن سکتا ہے اور کسی کے پاس وقت بے وقت بھی نہیں جانا چاہئے، خصوصاً قیلولہ کے وقت یعنی دوپہر میں تین سے پانچ بجے کے وقت اور عشا کی نماز کے بعد دس بجے کے بعد۔ ہاں! اگر جس سے ملاقات کی جا رہی ہے وہ خود یہ وقت دے دیں تو اس میں کوئی حرج بھی نہیں ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 110

## Verse

In verse number 52 of Surah Shu'ara, Allah (SWT) states:

وَاَوۡحَیۡنَاۤ اِلٰی مُوۡسٰۤی اَنۡ اَسۡرِ بِعِبَادِیۡۤ اِنَّکُمۡ مُّتَّبَعُوۡنَ.

And We revealed to Musa: Go away with My servants travelling by night, else surely you will be pursued.

Friends! When injustice is being done to someone, it is our job that we help the one who is being oppressed. Note that when Firaun oppressed the children of Israel, Allah commanded Hazrat Moosa (AS) to leave Egypt along with the oppressed Bani Israeel by the night so that they may be saved from the oppression of Firaun.

## Hadees

Hazrat Abu Huraira (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: While a man was walking he felt thirsty and went down a well and drank water from it. On coming out of it, he saw a dog panting and licking mud because of excessive thirst. The man thought that this dog is suffering from thirst as I had been. So he got into the well again and brought water and watered the dog and thanked Allah that a life of dog had been saved because of him. Allah was so pleased with this deed of his that He forgave him.

## Good Manners

When you intend to meet someone fix an appointment. To meet someone without prior intimation may cause discomfort and suffering; we must not go to someone's place at inappropriate time particularly at the time of midday sleep i.e. from 3 PM to 5 PM and also after Isha prayers. Yes! If the other party has scheduled an appointment, there is no harm in going.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔111

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 78 اور 79 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اَلَّذِیۡ خَلَقَنِیۡ فَہُوَ یَہۡدِیۡنِ. وَالَّذِیۡ ہُوَ یُطۡعِمُنِیۡ وَیَسۡقِیۡنِ.**

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا میرا رب وہی ہے جس نے مجھے پیدا کیا پھر وہی میری رہنمائی کرتا ہے اور جو مجھے کھلاتا پلاتا ہے۔

دوستو! اس حقیقت کو ذہن میں رکھو کہ جس اللہ نے ہم کو پیدا کیا ہے وہی ہماری ہر طرح کی رہنمائی کرتا ہے اور وہی ہمیں کھلاتا بھی ہے اور پلاتا بھی ہے، روزانہ ہم کتنی چیزیں کھاتے ہیں اور کتنی چیزیں پیتے ہیں یہ سب رب ذوالجلال کی نعمتیں ہیں جن پر ہم کو شکر ادا کرنا چاہئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

افضل صدقہ پانی ہے۔

دوستو! جب بھی تم کسی پیاسے آدمی کو دیکھو تو پانی پیش کر دو۔ اس لئے کہ کسی پیاسے کو پانی پلانا بہت بڑا ثواب ہے اور یاد رکھو! انسانیت کی بنیاد پر پانی پلاؤ چاہے وہ کسی بھی مذہب کا آدمی کیوں نہ ہو۔

## آداب

جب کوئی ہم سے ملاقات کیلئے آئیں تو ہمیں ان کا پُر جوش استقبال کرنا چاہئے اور محبت بھرے انداز میں ان سے ملنا چاہئے اور عزت واحترام کے ساتھ انہیں پاک وصاف جگہ پر بٹھانا چاہئے اور موقع کی مناسبت سے کھلانے پلانے کا انتظام بھی کرنا چاہئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 111

## Verse

In the verse number 78 and 79 of Surah Shu'ara, Allah (SWT) states:

اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ. وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ.

Hazrat Ibrahim (AS) said: My Lord is the one who created me, and it is He Who guides me, and He gives me to eat and drink.

Friends! The fact must be borne in mind that Allah has created us and it is He who provides total guidance to us and it is He who gives us food and drink. There are so many things we eat and drink everyday that are the blessings of the Glorious Lord for which we must be thankful.

## Hadees

Hazrat Ibn Abbas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: The best of charity is giving someone water.

Friends! Whenever you see a thirsty person offer them water to drink. This is because offering water to a thirsty person earns us great reward; remember to serve water on the basis of humanity irrespective of religion.

## Good Manners

When someone visits us, we must give them warm welcome and meet them in an affectionate manner and make them to sit at a clean and tidy place and must make proper arrangement for them to eat and drink.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔112 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 80 میں یہ بات موجود ہے:

وَ اِذَا مَرِضۡتُ فَھُوَ یَشۡفِیۡنِ.

حضرت ابراہیم علیہ السلام فرماتے ہیں ہیں کہ جب میں بیمار ہوتا ہوں تو میرا رب مجھے شفا عطا فرماتا ہے۔

دوستو! جب ہم بیمار ہوجاتے ہیں تو ہمارا ذہن فوراً انجکشن، ڈاکٹر، ٹیبلیٹ اور دواخانہ وغیرہ کی طرف چلا جاتا ہے۔ یادرکھو! ہمارا ذہن سب سے پہلے اس اللہ کی جانب جانا چاہئے جس کے ہاتھ میں ہماری بیماری اور صحت ہے، وہی ہے وہ اللہ جو ہم کو شفاء عطا فرماتا ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو کوئی اللہ کی راہ میں کسی ایک آدمی کو پانی پلاتا ہے وہ قیامت کے دن نبی رحمت ﷺ کے حوض سے پانی پیئے گا اور اس کی شفاعت میں ستر آدمی شامل رہیں گے۔

دوستو! قیامت کے دن حوض کوثر کا پانی حاصل کرنے کا فارمولہ یہ ہے کہ ہم پیاسوں کو پانی پلادیں۔

## آداب

اگر ہم کسی کے پاس ملاقات کیلئے جائیں تو کام کی باتیں کرنا چاہئے، بیکار باتیں، اِدھر اُدھر کی باتیں، لوگوں کی غیبت وغیرہ سے گریز کرنا چاہئے، اس سے خود اپنا بھی وقت ضائع ہوتا ہے اور دوسروں کا بھی۔ اگر ہم کسی کے پاس ملاقات کیلئے جائیں اور اندر سے کوئی جواب نہ ملے تو واپس ہوجانا چاہئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 112

## Verse

In verse number 80 of Surah Shu'ara it is stated:

وَ اِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ.

Hazrat Ibrahim (AS) says that: When I am Ill, it is My Lord who cures me.

Friends! When we are sick, we immediately think about injection, doctor, hospital, medicines etc. Remember! We must first think about Allah in whose hands is our illness and health; He is the One who cures us.

## Hadees

Hazrat Salman Farsi (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever offers water to someone for the sake of Allah shall drink water from Hauz-e-Kauser (Fountain of Abundance) of Prophet of Mercy (SAW) and seventy men shall be present for his intercession.

Friends! The formula to receive water from Hauz-e-Kauser on the Day of Resurrection is to serve water to the thirsty.

## Good Manners

Whenever we go to someone we must do productive talk and must avoid vain talk, hearsay, gossip, backbiting etc that ruin ours as well as the time of others. When we go to someone's place to meet and if there is no reply from within we should return.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔113 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 83 میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ایک دعاء موجود ہے:

رَبِّ هَبۡ لِیۡ حُکۡمًا وَّ اَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ.

اے میرے رب! مجھے حکمت عطا فرما اور مجھے نیک لوگوں میں شامل فرما دے۔

دوستو! حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس دعاء میں دو چیزیں مانگی ہیں۔ایک یہ کہ اے اللہ مجھے حکمت عطا فرما۔علم وحکمت اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے جس کو یہ نعمت نصیب ہوگئی وہ بڑا ہی خوش نصیب ہے اور دوسری دعاء یہ کہ اے اللہ! مجھے نیک لوگوں میں شامل فرما۔ہمیں بھی یہ دونوں دعائیں مانگتے رہنا چاہیئے۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

جو کوئی مومن کسی پیاسے مومن کو پانی پلائے۔اللہ تعالیٰ قیامت کے دن خالص مہر بند شراب پلائے گا۔

دوستو! دنیا میں کسی پیاسے کو پانی پلانا جنت میں وہ اس شراب کے پینے کا ذریعہ بنے گا جو جنت میں ملے گی جس پر مہر لگی ہوئی ہوگی۔

## آداب

اگر ہم کسی کے پاس جائیں تو کوئی مناسب تحفہ بھی اپنے ساتھ لے جائیں۔تحفہ دینے سے محبت بڑھتی ہے۔اگر کوئی ہمارے پاس کوئی ضرورت لے کر آئے تو بے توجہی ظاہر نہ کریں بلکہ جس قدر ممکن ہو اس کی ضرورت پوری کرنے کی فکر اور کوشش کریں۔جھوٹے وعدے نہ کریں جس سے خواہ مخواہ امید پیدا ہو جاتی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful

# Lesson - 113

## Verse

In verse number 83 of Surah Shu'ara there is a dua of Hazrat Ibrahim (AS):

رَبِّ هَبۡ لِیۡ حُکۡمًا وَّ اَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ.

*My Lord: Grant me wisdom, and join me with the righteous.*

Friends! Hazrat Ibrahim (AS) has asked two things in this dua. One that Allah grants wisdom. Knowledge and wisdom are great blessings of Allah; the one who received these blessings is a fortunate one. The second thing he asked is: O Allah! Join me in righteous people. We must seek both these duas.

## Hadees

Hazrat Abu Sayeed Khudri (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: A believer who serves water to another believer- Allah will make him drink pure sealed wine on the Day of Resurrection.

Friends! Quenching the thirst of someone in the world becomes the source of receiving such wine to drink in Paradise that is pure and sealed.

## Good Manners

When we go to meet someone we must carry along a suitable present. Giving presents enhances love. If someone comes to us with a need we must not neglect them but must try as much as possible to fulfil their need. Do not make false promises as it leads to unnecessary expectations.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔114 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 88 اور 89 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**یَوۡمَ لَا یَنۡفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوۡنَ . اِلَّا مَنۡ اَتَی اللّٰہَ بِقَلۡبٍ سَلِیۡمٍ.**

جس دن نہ کوئی مال کام آئے گا اور نہ اولاد کام آئے گی۔ ہاں جو شخص اللہ کے پاس سلامتی والا دل لے کر آئے گا۔

دوستو! اللہ تعالیٰ نے جو دل ہم کو دیا ہے وہ سلامتی والا دل ہونا چاہئے۔ سلامتی والا دل وہ دل ہے جس میں اللہ اور اسکے رسول ﷺ کی محبت ہو۔ جس دل میں حسد، بغض، کینہ، نفرت، دشمنی اور لالچ جیسی برائیاں نہ ہوں۔ اس لئے اپنے دل کو ابھی سے پاک وصاف رکھئے تا کہ کل قیامت کے دن ہم سلامتی والا دل لے کر اپنے رب کے سامنے جاسکیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جس نے کسی مسلمان کو ایسی جگہ پانی پلایا جہاں پانی نہیں پایا جاتا گویا اس نے اس کی جان بچائی۔

دوستو! بعض مقامات پر ایسے حالات آجاتے ہیں کہ ایک گھونٹ پانی کیلئے بھی آدمی تڑپ کر رہ جاتا ہے۔ ایسے موقعوں پر پانی پلانا گویا ایک آدمی کی جان بچانے کے برابر ثواب ملتا ہے۔

## آداب

اگر آپ کسی کے پاس کسی ضرورت سے جائیں تو مہذب انداز میں اپنی ضرورت بیان کریں۔ اگر وہ ہماری ضرورت پوری کر دیں تو ان کا شکریہ ادا کریں۔ اگر وہ ضرورت پوری نہ کریں تو اچھے انداز میں سلام کر کے واپس آئیں۔ ایک بات یاد رکھیں کہ ہمیشہ یہ خواہش نہ رکھیں کہ سب مجھ سے ملاقات کیلئے آئیں بلکہ آپ خود بھی دوسروں سے ملنے کیلئے جائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 114

## Verse

In verse number 88 and 89 of Surah Shu'ara, Allah (SWT) states:

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ . اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ.

The Day when neither wealth nor children shall benefit; but only he will benefit who brings to Allah a sound heart

Friends! The heart that Allah gave us must be a sound heart. A sound heart is the one that has the love of Allah and His Messenger (SAW) and that is devoid of evils like hatred, malice, enmity, jealousy and greed. Hence keep your heart pure so that tomorrow we could meet our Lord with a sound heart.

## Hadees

Hazrat Ayesha (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: A person who served water to a Muslim at a place where water is not available has saved his life.

Friends! At some places a person has to yearn for even for a drop of water. At such times, serving water is rewarded similar to saving the life of a person.

## Good Manners

When you go to someone with a need explain it in a civilised manner. If they fulfil the desire thank them. If they are unable to fulfil it greet them in good manner and return. Remember! Do not expect others to visit you always but instead go and meet them.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔115

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 108 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**فَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاَطِیۡعُوۡنِ.**

لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری بات مانو۔

دوستو! دنیا میں جتنے پیغمبر آئے انہوں نے اپنی اپنی قوموں کو ان دو اہم باتوں کا حکم دیا ایک تو یہ حکم دیا کہ وہ اللہ کا تقویٰ یعنی پرہیز گاری اختیار کریں اور دوسرا حکم یہ دیا کہ وہ ان کی کہی ہوئی باتوں کو مانیں اور اطاعت کریں۔

یاد رکھو! ہماری کامیابی اللہ سے ڈرنے میں اور نبیوں کی اطاعت و فرمانبرداری میں ہے۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو کسی پیاسے کو پانی پلاتا ہے اور اس کو سیراب کرتا ہے اس کے لئے جنت کا ایک دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے کہ اس دروازہ سے جنت میں داخل ہو جا۔

دوستو! کسی پیاسے کو پانی پلا دینا جنت میں جانے کا سبب بھی بن جاتا ہے اس لئے ایک دوسرے کو پانی پلاؤ۔

## آداب

رات کے وقت اگر ہم کسی کے گھر ملاقات کیلئے جائیں تو زیادہ دیر تک نہ بیٹھیں، اس سے میزبان کو اور ان کے گھر والوں کو تکلیف ہوتی ہے۔ یہ آرام کا وقت ہوتا ہے۔ اپنی خوشی کیلئے دوسروں کے آرام میں خلل ڈالنا نامناسب ہے۔ اگر چند آدمی مل کر کسی سے ملاقات کیلئے جائیں تو گفتگو کیلئے کسی ایک کا انتخاب کیا جائے۔ سب مل کر نہ بولیں۔ یہ تہذیب کے خلاف ہے۔

بِسْمِ اللّٰه الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 115

## Verse

In verse number 108 of Surah Shu'ara, Allah (SWT) states:

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ.

So fear Allah and obey me.

Friends! All the prophets who came into the world had ordered two important things to their people. Foremost they ordered fear of Allah and piety and secondly they ordered to listen to them and obey them.

Remember! Our success lies in the fear of Allah and obeying the prophets.

## Hadees

The Prophet (SAW) said: A person who gives water to a thirsty and quenches him - a door of Paradise is opened for him and he is asked to enter the Paradise through that door.

Friends! Giving water to a thirsty becomes a source of entry to Paradise and hence serve water to others.

## Good Manners

When you go to meet someone at night do not stay back for long; it causes discomfort to the host and their family members. This is a time to relax. It is inappropriate to disturb others for one's pleasure. When a few people go together to meet someone they must nominate a single person for conversation. Everyone speaking together is against civility.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔116 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 151 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**وَلَا تُطِيعُوا أَمْرَ الْمُسْرِفِينَ.**

تم حد سے گزرے ہوئے لوگوں کا کہنا مت مانو۔

دوستو! ہمارے درمیان بعض وہ لوگ ہیں جو اپنی زندگی حد میں رہ کر گزارتے ہیں وہ انتہائی شریف وایماندار اور سنجیدہ ہوتے ہیں اور بعض لوگ وہ ہوتے ہیں جو لاپرواہ ہوتے ہیں حد سے زیادہ بگڑے ہوئے ہوتے ہیں، وہ انتہائی ذلیل ہوتے ہیں۔ ہمیں ایسے بگڑے ہوئے اور حد سے گزرے ہوئے لوگوں کی بات ماننے، ان کے پیچھے چلنے اور ان کے ساتھ دوستی رکھنے سے بچنا چاہئے۔

## حدیث شریف

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو کوئی اپنے بھائی کو ایک پیالہ پانی پلاتا ہے جب کہ وہ پیاسا ہو گویا یہ تیس غلاموں کو آزاد کر دیتا ہے۔

دوستو! اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ کسی پیاسے کو ایک پیالہ پانی پلانا اتنا بڑا ثواب ہے کہ گویا آپ نے تیس غلاموں کو آزاد کر دیا۔ اللہ تعالیٰ عمل کی توفیق بخشے۔

## آداب

ہمیشہ سچ بولیں اور سچ بولنے میں کسی بھی قسم کی کوئی جھجک محسوس نہ کریں، ہوسکتا ہے کہ سچ بولنے سے وقتی طور پر نقصان محسوس ہو، مگر سچائی ہی میں ہماری قیمت ہے، جھوٹ بول کر اپنا وزن کم کر لینا حماقت ہے۔ جھوٹ بولنے سے ہمارا اعتماد ختم ہو جاتا ہے اور ہماری حیثیت ختم ہو جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 116

## Verse

In the verse number 151 of Surah Shu'ara, Allah (SWT) states:

وَلَا تُطِيْعُوْا اَمْرَالْمُسْرِفِيْن.

And do not obey the command of the extravagant.

Friends! There are some people among us who live within limits; they are very noble, honest and sober people. And they are those who are heedless and extremely distort; they are highly disgraceful. We must not listen to such distort people who exceed the limits and must avoid following and befriending them.

## Hadees

Hazrat Ayesha (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Anyone who offers a cup of water to his brother when he is thirsty has in fact released thirty slaves.

Friends! This Hadees means that offering a cup of water to a thirsty person earns such a great reward as freeing thirty slaves. May Allah guide us.

## Good Manners

Always speak the truth and do not be hesitant in speaking the truth; it could happen that speaking truth may lead to momentary loss; but our worth is due to truth alone; it is foolishness to devalue ourselves by speaking lies. Speaking lies eradicates our trust and degrades our position.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔117 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر181 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ.

اور پورا پورا ناپ دیا کرو اور ان لوگوں میں سے نہ بنو جو دوسروں کو گھاٹے میں ڈالتے ہیں۔

دوستو! ناپ اور تول یہ دو طریقے ہیں خرید و فروخت میں ہم اگر کسی سے کوئی چیز ناپ کر لیں تو پورا پورا ناپنا چاہیئے اس میں گڑبڑ نہیں کرنا چاہیئے۔ اسی طرح اگر کسی کو کوئی چیز تول کر دیں تو ڈنڈی نہیں مارنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ کو وہ لوگ سخت ناپسند ہیں جو ناپ تول میں ڈنڈی مارتے ہیں اور ایک دوسرے کا حق مارتے ہیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو کوئی اپنے بچے کو اس کے بچپن میں ایک گھونٹ پانی پلائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن حوض کوثر کے پانی سے ستر گھونٹ پانی پلائے گا۔

دوستو! تمہاری امی جان یا تمہارے ابا جان جو تم کو پانی پلاتے ہیں تم انہیں یہ خوشخبری سنا دو کہ وہ اگر ایک گھونٹ پانی تم کو پلاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن انہیں حوض کوثر سے ستر گھونٹ پانی پلائیں گے۔

## آداب

جب بات کریں تو نرمی کے ساتھ بات کریں۔ مسکراتے ہوئے میٹھے لہجے میں بات کریں۔ درمیانی آواز میں بات کریں۔ اتنی آواز سے بات کریں کہ سامنے والا سن لے۔ اتنا آہستہ بھی نہ بولیں کہ سامنے والے کو دوبارہ پوچھنا پڑے کہ آپ نے کیا کہا؟ اپنی بات میں وزن پیدا کریں‘ سامنے والا ہماری باتوں سے ہمارا وزن معلوم کرتا ہے۔ گالی گلوچ سے اپنی زبان کو گندی نہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 117

## Verse

In the verse number 181 of Surah Shu'ara, Allah (SWT) states:

اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ.

Give full measure and do not be of those who cause loss.

Friends! Weight and measure are the two methods of trade. When we measure something we must give full measure; there should not be any deficit in it. Likewise while weighing something it should not be deficient. Allah dislikes those people who cause deficit in weight and measure and cheat others.

## Hadees

Hazrat Ibn Omar (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever gives a sip of water to his child in its childhood- Allah will give him seventy sips from Hauz-e-Kausar on the Day of Judgment.

Friends! Your parents who give you water, convey them the good news that if they give you a sip of water, Allah will give them seventy sips from Hauz-e-Kausar on the Day of Resurrection.

## Good Manners

Whenever we speak we must speak softly; must talk smilingly in a pleasant tone; tone must be moderate and audible to other party. One must not speak so slowly that the other party is forced to ask what has been said. There must be credence in talk; others judge us based on our conversation. Do not smear your tongue with filthy language.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ......سبق نمبر۔118......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 192 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَ اِنَّہٗ لَتَنۡزِیۡلُ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ.

اور بیشک یہ قرآن رب العالمین کا نازل کیا ہوا ہے۔

دوستو! دنیا میں بہت سی کتابیں ہیں یہ ساری کتابیں لوگوں نے اپنے ہاتھوں سے لکھی ہیں مگر جو قرآن مجید ہے یہ انسانوں کی لکھی ہوئی کتاب نہیں ہے یہ اصل میں آسمان سے اتری ہوئی کتاب ہے جسکو اللہ تعالیٰ نے اتارا ہے۔ اس کا ہر ہر لفظ سچا ہے۔ اسمیں باطل جھوٹ اور دھوکہ کی کوئی بات نہیں ہے۔ ہمیں اس کتاب پر یہ ایمان رکھنا چاہیئے کہ یہ اللہ کی مقدس کتاب ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

جو کوئی اپنے بھائی کو روٹی کھلائے گا یہاں تک کہ وہ سیراب ہو جائے اور اس کو پانی پلائے گا یہاں تک کہ وہ سیراب ہو جائے اللہ تعالیٰ اس کے اور اس دوزخ کے درمیان سات خندقوں کی دوری کر دے گا اور ہر دو خندقوں کے درمیان پانچ سو سال کی مسافت ہوگی۔

دوستو! غور کرو کہ کسی بھوکے کو روٹی کھلانا یا کسی پیاسے کو پانی پلانا دوزخ سے دور ہونے کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

## آداب

گفتگو کے دوران کسی کی برائی نہ کریں، چغلی نہ کھائیں، لوگوں کی شکایت نہ کریں، دوسروں کی نقل نہ اتاریں، جھوٹے وعدے نہ کریں، کسی کی ہنسی نہ اڑائیں، اپنی بڑائی نہ جتائیں اور اپنی خوبیاں بیان نہ کریں۔ آپ کی خوبیاں آپ کے اخلاق سے خود بخود معلوم ہو جاتی ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 118

## Verse

In the verse number 192 of Surah Shu'ara, Allah (SWT) states:

وَ اِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

And verily, the Quran is the revelation of the Lord of the worlds.

Friends! There are many books in the world that have been written by humans but the Quran has not been written by humans. This book has actually been sent down from heaven by Allah. Every word of it is true. No word of it is vain, false and deceptive. We must have faith in this book that it is a holy book of Allah.

## Hadees

Hazrat Abdullah bin Omar bin Aas (RA) has narrated that Messenger of Allah (SAW) has stated: Whosoever gave food to his brother until his hunger has diminished and gave him water until he has thirst has quenched, Allah will create a distance of seven trenches between him and the Fire, and the distance between two trenches is the period of five hundred years.

Friends! Note that feeding a hungry and watering a thirsty become the source of moving away from the Hellfire.

## Good Manners

Do not speak ill of anyone during conversation; do not gossip and complain about others; do not mock; do not make false promises, do not laugh at others; do not brag and sing your own praises. Your qualities are automatically determined by your conduct.

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# ...... سبق نمبر۔119 ......

## آیتِ شریفہ

سورۃ الشعراء کی آیت نمبر 193 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ.**

ایک امانتدار فرشتہ اس کتاب یعنی قرآنِ مجید کو لے کر اترا ہے۔

دوستو! قرآنِ مجید کو اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کے سردار حضرت جبرئیل امین علیہ السلام کے ذریعہ رسولِ رحمت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے دل پر اتارا ہے۔ قرآنِ مجید کو لوحِ محفوظ سے زمین پر لانے والے مقدس فرشتے حضرت جبرئیل امین علیہ السلام ہیں جو تمام فرشتوں کے سردار ہیں۔

## حدیثِ شریف

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ ﷺ ایک تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے وہ تکیہ میرے لئے رکھ دیا پھر مجھ سے فرمایا اے سلمان! جو مسلمان اپنے مسلمان بھائی کے پاس جاتا ہے اور وہ میزبان اس کے اکرام کیلئے تکیہ رکھ دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت ضرور فرما دیتے ہیں۔

دوستو! مہمان کے اکرام میں معمولی سا تکیہ پیش کرنا بھی ہمارے گناہوں کی بخشش کا ذریعہ بن جاتا ہے۔

## آداب

جب ہم کسی سے بات کریں تو مختصر بات کریں، ضرورت کے وقت بات کریں اور جب بھی بات کریں کام کی بات کریں، بے کار باتیں کرنے والے کی کوئی عزت اور قیمت نہیں ہوتی۔ یہ بات یاد رکھیں کہ ہم جو بات بھی کرتے ہیں اللہ کا فرشتہ اس بات کو نوٹ کر لیتا ہے، جب بھی کسی سے بات کریں نرمی سے بات کریں۔ میٹھے لہجے میں اور درمیانی آواز سے بات کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 119

## Verse

In the verse number 193 of Surah Shu'ara, Allah (SWT) states:

نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ.

The trustworthy Spirit has come down with it i.e. the Quran.

Friends! Allah has sent down the Quran to the heart of Prophet of Mercy Hazrat Mohammad Mustafa (SAW) through the Chief of Angels Hazrat Jibraeel Ameen (AS). The Holy Angel who brought the Quran from Loh-e-Mahfooz (Preserved Tablet) to the earth is Hazrat Jibraeel (AS), the head of all the angels.

## Hadees

Hazrat Salman (RA) narrates that he once visited the Prophet (SAW). He (SAW) was leaning against a pillow. He (SAW) placed that pillow for him and then said, When a Muslim goes to meet his Muslim brother and the host places the pillow to honour his guest, Allah shall certainly forgive the host.

Friends! Presenting an insignificant thing like pillow in the honour of the guest too becomes a source of forgiveness of our sins.

## Good Manners

When we talk we must keep the conversation short; speak only when needed and speak to the point; there is no respect and value of those who talk in vain. We must remember that the angels of Allah note down whatever we speak. Whenever we speak we must speak softly in a pleasant and moderate tone.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔120 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ مومنون کی آیت نمبر 18 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

وَاَنۡزَلۡنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسۡكَنّٰهُ فِى الۡاَرۡضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍۢ بِهٖ لَقٰدِرُوۡنَ.

اور ہم نے آسمان سے ٹھیک اندازے کے مطابق پانی اتارا پھر اسے زمین میں ٹھہرا دیا اور یقین رکھو ہم اسے غائب کر دینے پر بھی قادر ہیں۔

دوستو! آسمان سے جو بارش ہوتی ہے یہ اللہ تعالیٰ کے ارادے سے ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ ایک اندازے سے بارش برساتے ہیں اور بارش کا پانی زمین میں رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ چاہیں تو زمین کے اندر کے پانی کو غائب ہی کر دیں۔ یہی وجہ ہے کہ پانچ سو چھ سو فٹ اندر بھی بعض مرتبہ پانی نہیں ملتا۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کیلئے ایک عمارت کی طرح ہے کہ ایک دوسرے کو قوت پہنچاتا اور سہارا دیتا ہے جیسے عمارت کی ایک اینٹ دوسری اینٹ کا سہارا بنتی ہے۔ (بخاری و مسلم)

دوستو! تم آج ہی سے اس بات کا عہد کرو کہ تم ایک دوسرے کو کھوکھلا نہیں کرو گے بلکہ ایک دوسرے کو مضبوط کرو گے۔ ایک دوسرے کی ٹانگ پکڑ کر کھینچنا اور ایک دوسرے کو رسوا کرنا تمہاری شان کے خلاف ہے۔ تم اس نبی ﷺ کی امت میں شامل ہو جس نبی ﷺ نے سب کو سہارا دیا۔ آج سے تم دوسروں کیلئے سہارا بن جاؤ۔ انشاءاللہ۔

## آداب

یاد رکھو! تم اپنی کسی بھی نیکی کو حقیر مت سمجھو۔ اگر تم نے اپنے دوست کو اس کی ضرورت پر لکھنے کیلئے قلم یا کاپی دی یا کسی تحریر کو مٹانے کیلئے ربر دیا تو یاد رکھو یہ بھی ایک نیکی ہے اس پر بھی تمہیں اجر و ثواب ملے گا۔ گرما کے موسم میں اگر تم اپنے ساتھ صاف اور ٹھنڈا پانی لے آتے ہو تو تم اپنی پیاس بھی بجھاؤ اور اپنے قریب میں بیٹھے ہوئے دوست کو بھی وہ ٹھنڈا اور صاف پانی پیش کرو۔ یاد رکھو! ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو تمہاری یہ ادا پسند آ جائے اور وہ تمہیں معاف کر دے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 120

## Verse

In the verse number 18 of Surah Mominoon, Allah (SWT) states:

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِى الْاَرْضِ وَاِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ.

And We have sent down rain from the sky in a measured amount and settled it in the earth. And indeed, we are able to take it away.

Friends! Rainfall occurs due to the intention of Allah and Allah sends down rain in a measure and the rain water settles in the ground; if Allah desires He would make the water disappear from beneath the ground. This is the reason that sometimes we cannot find water even a depth of five to six hundred feet.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated: A Muslim to another Muslim is like a building providing strength and support to each other like one brick of the building that supports another brick. (Bukhari and Muslim)

Friends! From today itself, make a resolution that you will not weaken one another but would reinforce one another. Undermining one another and demeaning one another is against your dignity. You are the Ummati of the Prophet (SAW) who supported all. Allah willing, you too become a support for others from today.

## Good Manners

Remember! Do not consider any of your good deeds insignificant. If you lend your pen or notebook to your friend for writing or an eraser for erasing, bear in mind that it is also a good deed and you shall be rewarded for the same. In summer season, if you bring cool and clean water along, you quench your thirst as well as offer the water to the friend sitting near you. Remember that Allah might be pleased with this act of yours and forgive you.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ……سبق نمبر۔121……

## آیتِ شریفہ

سورۂ مومنون کی آیت نمبر 29 میں اللہ تعالیٰ نے ہمیں یہ دعا سکھائی ہے:

وَقُلۡ رَّبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَکًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡمُنۡزِلِیۡنَ.

اور کہو اے میرے رب! مجھے ایسا اترنا نصیب کر جو برکت والا ہو اور تو بہترین اتارنے والا ہے۔

دوستو! جب تم ٹرین سے یا بس سے یا فلائٹ سے سفر کرو اور جب تمہاری منزل قریب آ جائے اور اترنے کا وقت آ جائے تو اللہ تعالیٰ سے یہ دعاء کرو کہ اے میرے رب میں جہاں اتروں وہاں برکتوں کا نزول فرما، اللہ تعالیٰ ہی حفاظت کے ساتھ بہتر طور سے اتارنے والے ہیں۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

لوگوں کے اعمال ہر پیر اور جمعرات کو ہفتہ میں دو روز پیش ہوتے ہیں اور ہر مومن کو بخش دیا جاتا ہے سوائے اس شخص کے جس کے دل میں اپنے مومن بھائی سے کوئی دشمنی ہو۔ ان دونوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان دونوں کو چھوڑ دو یہاں تک کہ وہ آپس میں صلح کر لیں۔

دوستو! اس حدیث کو سمجھو اور جس سے بھی دشمنی ہے اس سے صلح صفائی کر لو۔

## آداب

ہفتہ پندرہ دن میں ایک مرتبہ اس بات پر بھی غور کرو کہ کہیں تم سے کوئی رشتہ دار یا دوست یا پڑوسی ناراض تو نہیں۔ کہیں تم نے اپنے کسی رشتہ دار کو یا دوست کو یا پڑوسی کو کوئی تکلیف تو نہیں پہنچائی۔ اگر تمہیں یہ یاد آ جائے کہ فلاں دوست یا رشتہ دار یا پڑوسی مجھ سے ناراض ہے تو فوراً کوئی چھوٹا سا ہدیہ تحفہ دے کر انکی اس ناراضگی کو دور کر لو اس لئے کہ یہ دوری ہر دن کے حساب سے اور دوری پیدا کرتی ہے۔ ہمیں ایک دوسرے سے نفرت کو دور کرنا ہے اور محبت کو عام کرنا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 121

## Verse

In the verse number 29 of Surah Mominoon, Allah (SWT) has taught us this dua:

وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ.

And say, My Lord! Let me land at a blessed landing place, and You are the best to accommodate us.

Friends! When you travel by train or bus or flight and when you destination is near and when it is time for you to disembark, pray to Allah to send blessings to the place you are landing; Allah alone lands us with safety.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated: The deeds of people are presented every week on two days, Monday and Thursday; and every believer is granted pardon except the one in whose heart there is ill will against his brother and it would be said: Leave them and put them off until they have reconciled.

Friends! Understand this Hadees and reconcile with whom you have enmity.

## Good Manners

Consider once in a fortnight whether any of your relative or friend or neighbour is annoyed with you. Have you caused any discomfort to any of your relative or friend or neighbour? If you recollect that a particular relative or friend or neighbour is annoyed with you, offer them a small present to dispel their displeasure; remember that the distance in relationships widens each day. We have to quell mutual hatred and spread love.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔122 ......

## آیتِ شریفہ

سورۂ مومنون کی آیت نمبر 61 میں اللہ تعالیٰ نے نیک لوگوں کی خوبیاں بیان کی ہیں:

**اُولٰٓئِکَ یُسٰرِعُوۡنَ فِی الۡخَیۡرٰتِ وَھُمۡ لَھَا سٰبِقُوۡنَ.**

یہ وہی ہیں جو بھلائیاں حاصل کرنے میں جلدی دکھا رہے ہیں اور وہ ہیں جو ان بھلائیوں کی طرف تیزی سے آگے بڑھ رہے ہیں۔

دوستو! آج دنیا کے لوگ دولت کمانے میں تیزی بتا رہے ہیں۔ گناہوں کے کرنے میں جلدی کر رہے ہیں۔ یاد رکھو! اللہ تعالیٰ کو وہ بندے پسند ہیں جو بھلائیوں کے کرنے میں جلدی کریں اور نیکیوں کی طرف دوڑیں۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

مومن کی ترازو میں قیامت کے دن سب سے زیادہ وزنی چیز جو رکھی جائے گی وہ اس کے اچھے اخلاق ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کو وہ شخص بہت زیادہ ناپسند ہے جو زبان سے بے حیائی کی بات نکالتا ہے اور بدزبانی کرتا ہے۔

دوستو! ہمارا وزن ہماری شکل وصورت سے نہیں ہے۔ ہمارا وزن ہماری دولت سے نہیں ہے، بلکہ ہمارا وزن ہمارے اچھے اخلاق سے ہے۔ دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی سب سے زیادہ وزن اخلاق وکردار کا ہوگا۔

## آداب

حضرت عبداللہ بن مبارک رحمۃ اللہ علیہ نے اچھے اخلاق کی تعریف تین باتوں سے فرمائی ہے:

(۱) جب آدمی کسی سے ملے تو ہنستے مسکراتے چہرے سے ملے۔ (۲) اللہ کے محتاج اور ضرورت مند بندوں پر خرچ کرے۔ (۳) اور کسی کو تکلیف نہ پہنچائے۔

دوستو! آج سے تم اس بات کا ارادہ اور عزم کرلو کہ کسی سے بھی ملیں گے تو ہنستے مسکراتے چہرے کے ساتھ ملیں گے اور ضرورتمندوں پر اپنا مال خرچ کریں گے اور کسی کو تکلیف نہیں پہنچائیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 122

## Verse

In the verse number 61 of Surah Mominoon, Allah (SWT) has described the qualities of the righteous:

اُوْلٰئِکَ يُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ.

It is these who hasten in every good work, and these who are foremost in them.

Friends! Today people in the world hasten to earn wealth and are hastening for sins. Remember! Allah loves the bondsman who hastens to do good deeds and is foremost in good deeds.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated: The heaviest thing that will be placed in the scales of a believer on the Day of Resurrection are his good manners. Allah hates very much the one who has foul and coarse language.

Friends! Our credence is not because of our face or because of our wealth; but our credence is because of our good conduct. The heaviest in the world and in the Hereafter are good manners.

## Good Manners

Hazrat Abdullah bin Mubarak (RH) has described good conduct in three things. (1) When a man meets, he meets with a smiling face. (2) He spends on the poor and needy bondsmen of Allah. (3) And he does not hurt anyone.

Friends! Make a resolution from today itself that whenever you meet someone, you will meet with a smiling face and will spend on poor and needy and will not hurt anyone.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ...... سبق نمبر۔ 123 ......

## آیتِ شریفه

سورۂ مومنون کی آیت نمبر 78 میں اللہ تعالیٰ نے ہم کو دی گئی نعمتوں کا تذکرہ کیا ہے:

**وَهُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡشَاَ لَكُمُ السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ وَالۡاَفۡـِٕدَةَ ؕ قَلِیۡلًا مَّا تَشۡكُرُوۡنَ.**

وہ اللہ ہی تو ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل پیدا کئے مگر تم لوگ بہت کم شکر ادا کرتے ہو۔

دوستو! غور کرو کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں سننے کیلئے کان عطا کئے اور دیکھنے کیلئے آنکھیں عطا کیں اور سوچنے سمجھنے اور فیصلے کرنے کیلئے دل عطا کئے مگر ہم ہیں کہ ان ساری نعمتوں کو زیادہ استعمال کرتے ہیں مگر ان نعمتوں کے دینے والے رب کا شکر بہت کم ادا کرتے ہیں۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے پوچھا اے میرے رب! آپ کے نزدیک آپ کے بندوں میں کون سب سے پیارا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے جواب دیا، وہ جو انتقام کی طاقت رکھنے کے باوجود معاف کردے گا۔ (مشکوٰۃ)

دوستو! تمہارے دوست تم کو تکلیف پہنچاتے ہیں۔ ایسی صورت میں تمہارا جی چاہتا ہے کہ تم اس کا انتقام لے لو، لیکن یاد رکھو اگر تم انتقام کی طاقت رکھنے کے باوجود معاف کردو گے تو تم اللہ کے پیارے بن جاؤ گے۔

## آداب

دوستو! تم میں سے ہر ایک اپنے بھائی کا آئینہ ہے۔ اس کا مطلب کیا ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ تم جب آئینہ کے سامنے کھڑے ہوتے ہو تو کس مقصد سے کھڑے ہوتے ہو؟ اسی لئے کہ تم یہ چاہتے ہو کہ تمہارے عیب اور نقص کو وہ آئینہ بتلا دے اور پھر تم اپنی اصلاح کرلو۔ اسی طرح تم اپنے دوستوں کے سامنے اپنے آپ کو ایسے ظاہر کرو کہ وہ آئینہ ہے اور تم انکے سامنے کھڑے ہو، اگر تمہارا دوست تمہارے عیب کو بتلا دے جو تم میں ہے تو تم اپنی اصلاح کرلو۔ جب آئینہ تمہارے عیب بتلاتا ہے تو تم ناراض نہیں ہوتے پھر جب دوست عیب بتلائے تو ناراض کیوں ہو جاتے ہو؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 123

## Verse

In the verse number 78 of Surah Mominoon, Allah (SWT) has mentioned the blessings given to us:

وَهُوَ الَّذِىْ اَنْشَاَلَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ قَلِيْلًا مَّاتَشْكُرُوْنَ.

And He it is who made for you the ears and the eyes and the hearts; little you are grateful.

Friends! Note that Allah has given us ears to hear, eyes to see and heart to think and decide but we make use of all these blessings and thank our Lord a little who gave us all these blessings.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated: Hazrat Moosa (AS) asked Allah: O My Lord! Who among your bondsmen is most beloved in your sight? Allah replied: The one who pardons despite the power of taking revenge. (Mishkaat)

Friends! When your friends hurt you, you desire to take revenge; but remember that if you pardon despite the power to retaliate, you shall become beloved of Allah.

## Good Manners

Friends! Each of you is a mirror of his brother. What does this mean? This means that why do you stand in front of the mirror? Because you desire that the mirror displays your defects and faults so that you may reform. Likewise consider your friends as your mirror that you are standing in front of them and they may indicate your flaws so that you may reform. When a mirror reflects your faults you are not annoyed then why are you annoyed when your friend indicates your flaws?

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# ۔۔۔۔۔۔ سبق نمبر۔124 ۔۔۔۔۔۔

## آیتِ شریفہ

سورۂ مومنون کی آیت نمبر 88 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**قُلۡ مَنۡ بِیَدِہٖ مَلَکُوۡتُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّ ھُوَ یُجِیۡرُ وَلَا یُجَارُ عَلَیۡہِ اِنۡ کُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ.**

کہو کہ کون ہے جس کے ہاتھ میں ہر چیز کا مکمل اختیار ہے اور جو پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلہ میں کوئی کسی کو پناہ نہیں دے سکتا۔

دوستو! یہ پوری دنیا اللہ تعالیٰ کے قبضہ میں ہے۔ زمین، آسمان، چاند، سورج، ستارے، سیارے، سمندر، پہاڑ، جن وانس، رات دن، جمادات، نباتات اور چرند پرند غرض ہر چیز اللہ کے مکمل اختیار میں ہے۔ سب اسی کی مٹھی میں ہیں۔ ہماری عزت، کامیابی، صحت، قوت، طاقت، ترقی اور زندگی سب اسی کے ہاتھ میں ہے۔ ہمیں ہر وقت اسی سے امن، سلامتی اور عافیت مانگنی چاہئے۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر مجھے تحفہ میں کوئی بکری کا ایک پایہ بھی کھلائے تو میں ضرور اس دعوت میں جاؤں گا۔ (ترمذی)

دوستو! حضور ﷺ کے اس عمل سے معلوم ہوا کہ معیاری اور بڑی دعوت قبول کرنا کمال نہیں ہے بلکہ آدمی جس محبت اور جذبہ کے ساتھ جس چیز کی بھی دعوت دے اسے قبول کرنا کمال ہے۔

## آداب

رسول اللہ ﷺ کے نزدیک پسندیدہ تحفہ خوشبو کا تحفہ ہے۔ جب کوئی شخص کوئی خوشبو کی چیز عطر وغیرہ پیش کرے تو اس تحفہ کو خوشدلی سے قبول فرمایئے۔ آج کے دور میں اگر کوئی شخص کوئی دینی کتاب بھی پیش کرے تو اس کو بھی قبول کیجئے اور اس تحفہ کا حق ادا کیجئے کہ اس کتاب کو پڑھئے اور اس پر عمل کیجئے اور جب وہ کتاب مکمل ہو جائے تو آپ بھی اس کتاب کو دوسروں کی خدمت میں بطور تحفہ دیجئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 124

## Verse

In the verse number 88 of Surah Mominoon, Allah (SWT) states:

قُلْ مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّ هُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ.

Say: Who is it in whose hand is the kingdom of all things and who protects while none can protect against Him, if only you knew?

Friends! The world is in the possession of Allah. Earth, sky, moon, sun, stars, planets, oceans, mountains, humans and jinn, night and day, flora and fauna and birds-everything is in Allah's hands. All are in His control. Our dignity, success, health, power, strength, progress and life are all in His hands. We should always seek peace, security and well-being from Him alone.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated: If anyone invites me to a meal of sheep's trotter, I shall certainly accept the invitation. (Tirmizi)

Friends! Through this act of Prophet Mohammad (SAW) it is known that excellence lies in not just accepting standard and large invitations but in accepting even a small invitation given with love and affection.

## Good Manners

The most favoured present in the sight of the Messenger of Allah (SAW) had been a perfume. Whenever someone presented a perfume or other good smelling thing, he pleasantly accepted the gift. In today's period if someone presents you a religious book accept it, read it and follow it and when the book has been completely read present it to someone else.

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سبق نمبر۔ 125

## آیتِ شریفہ

سورۂ مومنون کی آیت نمبر 96 میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

**اِدۡفَعۡ بِالَّتِیۡ ھِیَ اَحۡسَنُ السَّیِّئَۃَ.**

تم برائی کا بدلہ ایسے طریقہ سے دیتے رہو جو بہترین ہو۔

دوستو! ہم کو اگر کسی سے کوئی تکلیف پہنچے تو ہمیں فوراً ہی انتقام لینے کے لئے تیار نہیں ہونا چاہئے بلکہ جو شخص ہم سے بُرا برتاؤ کر رہا ہے ہم بدلہ میں اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے رہیں۔ یاد رکھیں کہ وہ شخص ایک نہ ایک دن ہمارا گہرا دوست بن جائے گا۔ یہی ہے دشمن کو دوست بنانے کا وہ فارمولہ جو قرآنِ مجید نے ہمیں سکھایا ہے۔

## حدیثِ شریف

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو آدمی اپنے مسلمان بھائی کے پاس خوشی اور مسرت کی بات لے کر پہنچتا ہے اور اس بات سے اس کو خوش کر دیتا ہے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس بندے کو خوش کر دے گا۔ (طبرانی)

دوستو! غور کیا آپ نے کہ کسی بھی آدمی کو خوش کرنا کس قدر فائدہ مند ہے کہ دنیا میں ایک آدمی کو خوش کرنا اس بات کا ذریعہ بنتا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو خوش کر دیتے ہیں۔

## آداب

دوستو! کسی کو دوست بنانے میں کامیاب ہونا چاہتے ہو تو دو تین باتیں ہمیشہ ذہن میں رکھو۔ ایک یہ کہ اپنے دوست کے ساتھ اونچے اخلاق اور عمدہ سلوک اختیار کرو۔ دوسرے یہ کہ دوست کی طرف سے پہنچنے والی تکلیف کو صبر و تحمل کے ساتھ برداشت کرو۔ تیسرے یہ کہ دوست کی طرف سے کوئی رنجش پہنچے تو اسے معاف کر دو۔ چوتھے یہ کہ دوست کے لئے اپنی ایسی ضرورت کی چیز پیش کرو جو واقعی تمہاری ضرورت کی ہے مگر اس وقت تمہارے دوست بھی اسی چیز کی زیادہ ضرورت ہے۔ اگر ہم ان چار باتوں میں کامیاب ہو جائیں گے تو تم دوستی میں بھی ایک کامیاب دوست ظاہر ہو جاؤ گے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 125

## Verse

In the verse number 96 of Surah Mominoon, Allah (SWT) states:

اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ.

Repel evil with that which is best.

Friends! If someone hurts us we must not rush to take revenge but instead we must be good to the person who had been bad to us. Remember that the person will one day become our close friend. This is the formula of transforming foe into a friend as taught to us by the Quran.

## Hadees

Hazrat Anas (RA) has narrated that the Messenger of Allah (SAW) has stated: Whoever visits his Muslim brother with news of joy and happiness and pleases his brother; Allah will please this bondsman on the Day of Judgment. (Tabarani)

Friends! Take note that pleasing someone is so beneficial that pleasing a person become a source to receive pleasure from Allah on the Day of Judgement.

## Good Manners

If you want to make friends, always bear a few points in mind. Firstly have high morals and good behaviour with your friends. Second, bear with patience any inconvenience caused by that friend. Thirdly, if a grievance has been caused by the friend forgive them. And fourth offer your friend something that you need but which is more needed by your friend. If you are successful in these four points you shall be successful in your friendship too.

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# سبق نمبر۔126

## آیتِ شریفہ

سورۂ مومنون کی آیت نمبر 118 میں اللہ تعالیٰ نے ہم کو ایک پیاری دعا سکھائی ہے:

وَقُلۡ رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ.

اور یہ کہو کہ اے میرے پروردگار! ہماری خطائیں بخش دے اور رحم فرما اور آپ تو سارے رحم کرنے والوں میں سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے ہیں۔

دوستو! اگر اللہ تعالیٰ ہمارے گناہوں کو معاف کردے اور ہم پر رحم وکرم کی ایک نگاہ ڈال دے تو پھر تو ہم دنیا کے خوش نصیب بندے ہیں۔ اسی لئے اپنے رب سے ان دونوں چیزوں کی دعا کرتے رہو۔ اللہ تعالیٰ ہم کو بخش دے اور ہم پر رحم فرمائے۔ آمین۔

## حدیثِ شریف

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کے لئے غائبانہ دعاء کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرماتا ہے اور دعاء کرنے والے کے سرہانے ایک فرشتہ مقرر رہتا ہے کہ جب وہ شخص اپنے بھائی کیلئے اچھی دعاء کرتا ہے تو فرشتہ آمین کہتا ہے اور کہتا ہے کہ تیرے لئے بھی وہی کچھ ہے جو تو اپنے بھائی کیلئے مانگ رہا ہے۔

دوستو! تم بھی جب اکیلے رہو تو اپنے دوستوں اور رشتہ داروں وغیرہ کے لئے دعا کرتے رہو۔

## آداب

دوستو! ہمیشہ دعاء کا خصوصی اہتمام کرو۔ اپنے لئے بھی دعا کرتے رہو اور اپنے دوستوں کیلئے بھی دعاء کرتے رہو۔ اپنے ماں باپ اور اساتذہ کیلئے بھی دعاء کرتے رہو۔ اپنے پڑوسیوں کے لئے بھی دعاء کرتے رہو۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ دعاء مومن کا ہتھیار ہے۔ اس ہتھیار کو استعمال کرو۔ اپنے اسکول کی ترقی کیلئے دعاء کرو۔ ملک کے سارے انسانوں کیلئے دعاء کرو۔ جب اللہ تعالیٰ نے ہم کو دعاء کا ہتھیار دیا ہے تو اس ہتھیار کو استعمال کرنے میں ہم کیوں پیچھے رہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# Lesson - 126

## Verse

In the verse number 118 of Surah Mominoon, Allah (SWT) has taught us a beautiful dua:

وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ.

And say, My Lord! Forgive and have mercy, and you are the best of the merciful.

Friends! If Allah forgives our sins and showers on us a glance of mercy, we are the most fortunate bondsmen in the world. Hence keep seeking both these favours from your Lord. May Allah forgive us and have mercy on us. Ameen.

## Hadees

The Messenger of Allah (SAW) has stated: When a Muslim supplicates for his Muslim brother in his absence, Allah accepts it and appoints an angel for him and when the person supplicates for his brother the angel says Ameen and says: May Allah grant you the same as you have asked for your brother.

Friends! Whenever you are alone, do supplicate for your friends and relatives and others.

## Good Manners

Friends! Always give prominence to supplication. Keep supplicating for yourselves as well as your friends and also for your parents and teachers. Keep supplicating for your neighbours too. Prophet (SAW) says that Dua is weapon of the believer. Use this weapon. Supplicate for your school too. Supplicate for all your countrymen. When Allah has granted us the weapon of Dua, then why should we stay away from using it?

*not a curriculum be compiled for this assembly of children and the basic and important aspects of religion are taught for five to ten minutes by preparing a material based on Quranic verses, Hadees, manners etc. So I decided to write a book in this connection. The shallow morals and habits of the students of a few schools challenged my insensitivity to familiarise these students with a few guiding principles regarding character and personal behaviour and present them etiquettes related to various issues of life.*

*Alhamdulillah, in the midst of various all emergency and welfare preoccupations, this book comprising one hundred and twenty six lessons has been produced in Urdu and English. It is been intended to handover the book to the schools before the commencement of the academic year. Hence consultations had been held with the trustees of Safa Baitul Maal in this connection and it has been determined to publish the book under the auspices of Safa Baitul Maal. May Allah accept this effort of ours and may this book become a source for the intellectual training of the school students.*

***Sincerely***

*Gayas Ahmed Rashadi*

*Published & Printed by:*

**SAFA BAITUL MAAL,**

Educational Welfare and Charitable Trust India Regd.

**Website: www.payaamerashadi. org**

*In the name of Allah, the Most Beneficent and the Merciful*

# *Foreword*

*As the saying goes "Necessity is the mother of Invention", the reason for the existence of this book in your hands "Children's Assembly" lies behind its requirement. The reason for the compilation of this book had been a beneficial series of Service to Humanity awareness campaign that had been conducted under the aegis of Safa Baitul Maal Educational Welfare and Charitable Trust from the 13th of December 2015 to the 9th of January 2016; in which apart from various welfare services, daily lectures had been given to students of contemporary and religious schools. The message of Service to Humanity and Seerat of Prophet (SAW) had been communicated to two to two and a half thousand students of four to five schools every day. This initiative of Safa Baitul Maal was admired by the incharge persons of hundreds of schools and they requested its continuance in the future too. Hence two scholars are perpetually giving lectures relating to ethics in four contemporary schools every day. Witnessing the state of affairs of the students in schools and their interest, it occurred to me that since the school assembly is conducted in every school daily- obviously the fresh time of the assembly is suitable for the development of mind- why*

**The publication of this book is permitted provided that it is not amended.**


| | | |
|---|---|---|
| Name of the Book | : | **Children's Assembly** |
| Author | : | **Moulana Gayas Ahmed Rashadi** |
| Date of Publication | : | May, 2016 |
| No. of Copies | : | 2000 |
| Edition | : | First |
| Address | : | Adjacent Masjid Al-Falah, Wahed Nagar, Old Malakpet, Hyderabad-500036. |
| Phone Number | : | 8790157328, 9394419871 |
| E mail | : | garashadi@gmail.com |
| Website | : | www.rashadibooks.com |

*Available at:*

**SAFA BAITUL MAAL,**

Educational Welfare and Charitable Trust India Regd.

**Phone No. 8790157328, 9394419871**

Please visit the website to read and benefit from other books of the author on

**website: www.payaamerashadi.org**

*In the name of Allah,*
*the Most Beneficent and the Merciful*

A Versatile and Unique Book for teaching daily at Schools in the Children's Assembly

# Children's Assembly


***Author***

***Moulana Gayas Ahmed Rashadi***

***As requested by***

***Shaik Abu Sayeed Abdur Rahman Atwa Hifzahullah***

***English Translation by***

***Mohammed Ehsan-ul-Haq***



***Publisher***

**SAFA BAITUL MAAL,**

Educational Welfare and Charitable Trust India Regd.

***Website:*** www.payaamerashadi.org